کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | پیر 30 صفر 1447ھ 25 اگست 2025ء صفحات 08 شمارہ 50
رجسٹرڈ BC-m-13 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 6 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط، نالج کوریڈور منصوبے کا اعلان

سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ ہولڈرز کیلئے ویزا کی پابندی ختم

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بنگلہ دیش کے سربراہ محمد یونس، ایڈوائزر برائے خارجہ امور محمد توحید حسین، نیشنلسٹ پارٹی کی چیئرپرسن بیگم خالدہ ضیا، جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے امیر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقاتیں

پاکستان، بنگلہ دیش کا دوطرفہ تعلقات، اقتصادی و تجارتی تعاون کے فروغ پر اتفاق، سارک کی بحالی، مسئلہ فلسطین اور روہنگیا بحران حل پر زور، خطے کی حالیہ پیش رفت، علاقائی تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال

500 بنگلہ دیشی طلبہ کو تعلیمی وظائف دیئے جائیں گے، 100 بنگلہ دیشی سول سرونٹس کے لیے خصوصی تربیتی پروگرام کا آغاز ہوگا، پاکستان ٹیکنیکل اسسٹنس پروگرام کے تحت وظائف 5 سے بڑھا کر 25 کردیے

دونوں ممالک کے تعلقات صدیوں پر محیط مشترکہ روایات، اسلامی ورثے، سماجی اقدار اور ادبی اظہار پر استوار ہیں، دل صاف کرکے آگے بڑھنا چاہیے، اسحاق ڈار کا 1971 سے متعلق سوال پر صحافی کو

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بنگلہ دیش کے دورے کے دوران مشیر خارجہ ایچ ایم توحید حسین سے ملاقات کی جس میں دونوں ملکوں کے درمیان 6 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کردیے گئے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری کردہ پوسٹ کے مطابق ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ ایچ ایم توحید حسین سے تفصیلی ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جن میں اعلیٰ سطح کے دورے، تجارتی و اقتصادی تعاون، عوامی روابط، ثقافتی تبادلے، تعلیم اور استعداد کار میں اضافے کے منصوبے اور انسانی ہمدردی سے متعلق امور شامل تھے۔ اس موقع پر علاقائی اور عالمی امور پر بھی گفتگو ہوئی جن میں سارک کی بحالی، فلسطین کے مسئلے اور روہنگیا بحران کے حل جیسے موضوعات زیر بحث آئے۔ بات چیت خوشگوار ماحول میں ہوئی جو دونوں ممالک کے درمیان موجود خیر سگالی اور دوستانہ تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔ فریقین نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ نے ڈپٹی وزیراعظم اور ... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

11 ویں این ایف سی ایوارڈ کیلئے اجلاس 29 اگست کو طلب

وفاقی حکومت اجلاس میں مالیاتی اعداد وشمار صوبوں کے سامنے رکھے گی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قابل تقسیم مالی وسائل کی مرکز و صوبوں کے درمیان تقسیم کا فارمولا طے کرنے کیلئے گیارہویں قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس 29 اگست کو طلب کرلیا گیا، ذرائع کے مطابق این ایف سی اجلاس میں مرکزی حکومت مالیاتی اعداد وشمار صوبوں کے ... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا عبدالواسع جے یو آئی کی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب، کے پی اور آزاد کشمیر میں طوفانی بارشیں، 14 افراد جاں بحق، 62 زخمی

ڈی آئی خان میں تیز ہواؤں اور طوفانی بارش نے تباہی مچادی، مکانات کی چھتیں گر گئیں، کھمبے گرنے سے بجلی معطل

بھارت نے نالہ ڈیک میں پانی چھوڑ دیا، پنجاب کے دریاؤں میں طغیانی، تربیلا ڈیم سو فیصد بھر گیا، فصلیں تباہ

لاہور، اسلام آباد، پشاور (بیورو رپورٹ) پنجاب، خیبرپختونخوا اور آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں طوفانی بارش ہوئی، نشیبی علاقے زیر آب آگئے، ... سے 14 افراد جاں بحق اور 60 زخمی ہوگئے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں تیز ہواؤں اور طوفانی بارش نے تباہی مچادی، بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا، مکانات منہدم ہونے، متعدد مکانات کی چھتیں گر گئیں، بجلی کے تار اور کھمبے گرنے سے شہر بھر میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ ... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: انسانی سمگلنگ میں ملوث گرفتار ملزمان ایف آئی اے کی تحویل میں ہیں

جنگ کے بعد بھارت کا پاکستان سے پہلا رابطہ، ممکنہ بڑے سیلاب سے آگاہ کردیا

بھارت کی طرف سے رابطہ 24 اگست کی صبح 10 بجے کیا گیا اور پاکستان کو ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے پیشگی اطلاع دی

بھارت نے دریائے توی میں ممکنہ بڑے سیلاب سے آگاہ، حکومت پاکستان نے معلومات کی روشنی میں الرٹ جاری کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت نے پاکستان سے سندھ طاس معاہدے کے تحت سیلاب کے معاملے پر رابطہ کرکے ممکنہ بڑے سیلاب سے آگاہ کردیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق بھارت نے دریائے توی میں جموں کے مقام پر ممکنہ بڑے سیلاب سے پاکستان کو آگاہ کردیا۔ سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ سیلاب کی ممکنہ صورتحال سے بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد نے پاکستان کو آگاہ کیا، سرکاری ذرائع کے ... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاکہ: وزیر خارجہ اسحاق ڈار بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء سے مصافحہ کررہے ہیں، دوسری تصویر میں امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش شفیق الرحمان گلدستہ پیش کررہے ہیں

پاک چین اسٹریٹجک شراکت داری چٹان کی طرح مضبوط ہے، چین کیساتھ دوستانہ تعلقات قائم رکھنا پوری پاکستانی قوم کا متفقہ موقف ہے، فیلڈ مارشل

پاک فوج قومی استحکام اور پاک چین دوستی کی ضامن ہے، چینی وزارت خارجہ

دنیا میں پیدا ہوتے غیر یقینی حالات میں مضبوط پاک چین تعلقات کو فروغ دینا علاقائی امن و استحکام کے لیے نہایت سودمند ہے، چین نے ہمیشہ اپنی پڑوسی سفارت کاری میں پاکستان کو اولین ترجیح دی ہے

پاکستانی فوج نے ہمیشہ دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عمل درآمد کی بھرپور حمایت کی، وقت کے کڑے امتحانات کے باوجود پاک چین تعلقات مزید مضبوط ہوئے

پاکستان کی علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ میں بھرپور تعاون جاری رکھیں گے، چین عالمی امور میں پاکستان کے بڑے کردار کا خیر مقدم کرتا ہے، پاکستانی فوج قومی استحکام کا ستون ہے، وانگ ژی

پاکستانی فوج انسداد دہشت گردی اور سیکیورٹی تعاون کو فعال طور پر فروغ دینے کے لیے تیار، چین پاکستان کا "آہنی دوست" ہے اور دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک رہے ہیں

پاکستان میں چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی حفاظت یقینی بنانے کی کوشش جاری رہے گی، پاک چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اقدامات اور ترقی کی راہ پر سفر جاری رکھا جائے گا، سید عاصم منیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان میں چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی حفاظت یقینی بنانے کی کوشش جاری رہے گی، پاک چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اقدامات اور ترقی کی راہ پر سفر ... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی سمگلنگ میں ملوث 3 افراد گرفتار

گرفتار افراد میں سے قربان علی گزشتہ 12 سال جبکہ عبدالعلیم 2022 سے ایف آئی اے کو مطلوب تھا

ملزم عوزیب غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو پاکستان سے ایران بھجوانے میں ملوث ہے، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے ترجمان کے مطابق فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی ایف آئی اے بلوچستان زون کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ میں ملوث لینڈ روٹ ایجنٹ سمیت 3 ملزمان قربان علی، عبدالعلیم عرف وادا اور عوزیب کو کوئٹہ ... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے انسانی جانیں بچانیوالے غذر کے ہیروز کو دعوت پر بلالیا

وصیت، انصار اور ایم خان قوم کے ہیرو، فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کردی، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے غذر میں 300 قیمتی انسانی جانیں بچانے والے ہیروز کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے دعوت پر اسلام آباد ... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اپر دیر: پولیس و سی ٹی ڈی کا مشترکہ آپریشن، 5 دہشتگرد ہلاک، شہری شہید

7 پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوئے، دہشتگردوں کیساتھ سلام کوٹ کے مقام پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا

ایک دہشتگرد کی لاش برآمد، دیگر کی تلاش جاری، وطن کی حفاظت کیلئے ہمارے جوان تیار ہیں، آئی جی

اپر دیر (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے علاقے اپر دیر میں پولیس اور محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ کارروائی کی اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشت گرد ہلاک جبکہ 7 پولیس اہلکار زخمی اور ایک شہری شہید ہوگیا۔ پولیس نے بتایا کہ اپر دیر کے علاقوں دوبندو، بریکوٹ، سلام کوٹ ... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کھیلوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہیں، سرفراز بگٹی

ثروت فاطمہ نے ساؤتھ ایشین ریجنل بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں سلور میڈل حاصل کرکے ملک و صوبے کا نام روشن کیا

کھلاڑیوں کی عالمی سطح پر کامیابیاں نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان، ثروت فاطمہ کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والی بیڈمنٹن کھلاڑی ثروت فاطمہ کو ... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی نے ضمنی انتخابات کیلئے نامزد اپوزیشن لیڈرز کی تقرری موخر کردی

سینیٹ میں شبلی فراز اور قومی اسمبلی میں عمر ایوب حکم امتناع کی بنیاد پر اپنے عہدوں پر براجمان رہیں گے

پی پی 87 سے منزہ فاطمہ اور این اے 66 سے مین احمد ضمنی انتخابات کیلئے امیدوار نامزد، ترجمان پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی نے عمران خان کی جانب سے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بالترتیب محمود خان اچکزئی اور اعظم سواتی کو اپوزیشن لیڈر مقرر کرنے کے فیصلے کو موخر کردیا۔ ترجمان پی ٹی آئی کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں سیاسی صورت ... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں 46 جواء اور فاریکس ایپس پر پابندی عائد

ایپس نے جلد امیر بننے کے لالچ نے نوجوانوں کو گمراہ کیا، ترجمان پی ٹی اے

غیر قانونی ایپلی کیشنز میں فاریکس ٹریڈنگ کی نان ریگولیٹڈ ایپس بھی شامل ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی نے نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی کی سفارش پر پاکستان میں 46 جوا اور فاریکس ایپس پر پابندی عائد کردی، ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق پاکستان میں 46 جوا اور فاریکس ... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ربیع الاول کا چاند نظر نہیں آیا، یکم ربیع الاول 26 اگست کو ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں ربیع الاول کا چاند نظر نہیں آیا، یکم ربیع الاول 26 اگست بروز منگل جب کہ 12 ربیع الاول 6 ستمبر بروز ہفتہ ہوگی۔ مرکزی ... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں نئے صوبوں کے قیام کیلئے بحث چھڑ گئی

تھنک ٹینک نے نئے صوبوں کے 3 منظر نامے تجویز کردیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں نئے صوبوں کے قیام کیلئے بحث چھڑ گئی، معاشی تھنک ٹینک نے انتظامی ڈھانچے کی اصلاحات کیلئے نئے صوبوں کے 3 منظر نامے ... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

آئی بی نے خلیج میں قائم RAW نیٹ ورک کا پردہ کیسے فاش کیا؟

مخصوص افراد کو ختم کرنے کیلئے متعدد کوششیں کرنیوالی متوازی ٹیموں کا قیام عمل میں لایا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بحرین میں را کیساتھ مسلک کمیٹی کے سلسلے میں حالیہ گرفتاریوں نے اس بات کو اجاگر کیا کس طرح بھارتی ریاست بھارتی خفیہ ایجنسی کیلئے ... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے حاجی ملک نورزئی و دیگر عمائدین ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کے ضلع ژوب اور موسیٰ خیل میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ژوب اور موسیٰ خیل میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس سے عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق بلوچستان کے ضلع ژوب اور موسیٰ خیل میں ... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سمگلنگ کیخلاف اقدامات کے باوجود افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں 78 فیصد کا اضافہ

سالانہ بنیاد پر مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 3 فیصد اضافے کے بعد 10 کروڑ ڈالرز سے تجاوز کرگئی

جولائی 2025 کے دوران مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 9 کروڑ 74 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت پاکستان کی جانب سے ٹرانزٹ ٹریڈ کی آڑ میں سمگلنگ کیخلاف اقدامات کے باوجود نئے مالی سال کے پہلے مہینے کے دوران افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں ماہانہ بنیاد پر 78 فیصد کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جولائی میں سالانہ بنیاد پر مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 3 فیصد اضافے کے بعد 10 کروڑ ڈالرز سے تجاوز کرگئی، حکومتی ... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

نارووال: کنگرہ کے مقام پر نالہ ڈیک میں 30 ہزار کیوسک پانی کا ریلا گزر رہا ہے

ملک بھر میں آٹا مہنگا، 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 217 روپے تک بڑھ گئی

پشاور میں 20 کلو تھیلا جو ہفتہ پہلے 1350 روپے میں مل رہا تھا 1750 روپے ہوگیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ، ایک ہفتے کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 217 روپے تک بڑھ گئی، کراچی اور ... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

قومی ایئرلائن کی نجکاری لاہور ہائیکورٹ میں بھی چیلنج

لاہور (بیورو رپورٹ) قومی ایئرلائن پی آئی اے کی نجکاری کو لاہور ہائیکورٹ میں بھی چیلنج کردیا گیا ہے، درخواست گزار نے ایئرلائن کی نجکاری فوری روکنے کی استدعا کردی۔ ایڈووکیٹ نبیل جاوید کاہلوں نے ... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ چاہتا ہے ایران فرمانبرداری کرے ایسا نہیں ہوگا، خامنہ ای

ایران امریکی فرمانبرداری کے مطالبے کیخلاف مضبوطی سے کھڑا رہے گا، سپریم لیڈر

تہران (بیورو رپورٹ) ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے کہا ہے ایران امریکی فرمانبرداری کے مطالبے کیخلاف مضبوطی سے کھڑا رہے گا، اپنے ... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے شواہد اکٹھے کرکے علیمہ خان کے بیٹے کو پکڑا، مشیر داخلہ

سانحہ 9 مئی کے تمام کرداروں کو انجام تک پہنچانا پوری قوم کی آواز ہے، طلال چوہدری

ضرور کہہ سکتے ہیں پولیس علیمہ خان کے بیٹوں تک دیر سے پہنچی، میڈیا سے گفتگو

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے رہنما وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن ملک کو دلدل سے نکال کر اپنے پاؤں ... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

موسیٰ خیل میں طوفانی بارشیں، ندی نالوں میں طغیانی، درجنوں مکانات منہدم

کنگری روڈ بند، نشیبی علاقے زیر آب آگئے، کوٹ خان محمد کے مقام پر روڈ چھوٹی گاڑیوں کیلئے بند کیا گیا، ضلعی انتظامیہ

بلوچستان میں حالیہ مون سون کے دوران مختلف حادثات میں خواتین و بچوں سمیت 24 اموات ہوئیں، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی، جنرل رپورٹر) ضلع موسیٰ خیل میں طوفانی بارشوں اور نشیبی علاقے زیر آب آنے سے متعدد گھروں کو جزوی نقصان پہنچا، کوئٹہ شاہراہ چھوٹی گاڑیوں کیلئے بند کردی گئی، جبکہ بلوچستان بھر میں حالیہ مون سون کے دوران بارشوں، سیلاب اور آسمانی بجلی گرنے ... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کے کھاتوں پر آڈیٹر جنرل کی رپورٹ نے ہلچل مچادی

حیران کن اعداد و شمار، رپورٹ نے انکشافات اور حسابات پر بھی سوال اٹھا دیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کے کھاتوں پر آڈیٹر جنرل آف پاکستان (اے جی پی) کی تازہ رپورٹ نے نہ صرف ہلچل مچادی بلکہ انکشافات ... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیجیٹل اثاثوں کا ریگولیٹری فریم ورک وقت کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر خزانہ

10 سے 15 فیصد پاکستانی ڈیجیٹل کاروبار سے منسلک، بڑی تعداد نوجوانوں کی ہے، متوازن ریگولیٹری فریم ورک یقینی بنانا چاہیے

اگلا اہم اقدام بلاک چین، مصنوعی ذہانت اور ویب 3.0 ٹیکنالوجیز پر مبنی نئی معیشت کی تشکیل میں فعال حصہ لینا ہے، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت کو بلاک چین اور ڈیجیٹل اثاثوں کی جانب تزویراتی منتقلی ضروری ہے، چلانے کیلئے بلاک چین اپنانے، یوتھ لیڈ ڈیجیٹل اثاثہ جات کیلئے متوازن ریگولیٹری فریم ورک وقت ... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ کے حوالے سے بھارتی میڈیا کا جھوٹا پروپیگنڈہ بے نقاب

بھارتی میڈیا پاک نیوی کے آپریشن سے متعلق کے شواہد پیش کرنے میں ناکام رہا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فوج، پاکستان ایئرفورس کے بعد پاک بحریہ کے حوالے سے بھارتی میڈیا کا جھوٹا پروپیگنڈہ بے نقاب ہوگیا، بھارتی ... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

سائبر کرائمز کی روک تھام کیلئے مشترکہ حکمت عملی کا میکنزم ناگزیر

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے حکومت کو سفارشات پیش کردیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آن لائن مالیاتی فراڈ سمیت سائبر کرائمز کی روک تھام کیلئے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے حکومت کو سفارشات پیش ... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازم پر تشدد کا مقدمہ، سعید غنی کے بھائی ریمانڈ پر پولیس کے سپرد

ملزموں کو آج انسداد دہشتگردی کی منتظم عدالت کے روبرو پیش کیا جائے گا، تفتیشی افسر

کراچی (بیورو رپورٹ) سرکاری ملازم پر تشدد اور کار سرکار میں مداخلت کے مقدمے میں گرفتار وزیر بلدیات سندھ سعید غنی کے بھائی اور چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی ... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاکہ: وفاقی وزیر جام کمال بنگلہ دیشی حکام سے مذاکرات کررہے ہیں

ایرانی فورسز کی کارروائی، اسرائیلی ایجنٹس کا نیٹ ورک بے نقاب، 6 دہشتگرد ہلاک، 2 گرفتار

دہشتگردوں کا تعلق ایسے گروہ سے ہے جو مشرقی ایران میں انتہائی اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کررہا تھا

جھڑپ کے دوران 2 انٹیلی جنس اہلکار اور پولیس افسر زخمی، دہشتگردوں سے صیہونی ایجنڈے کی دستاویزات برآمد

تہران (مشرق نیوز) ایران نے پاکستانی سرحد سے ملحقہ صوبہ سیستان بلوچستان میں خفیہ و خطرناک کارروائی کے دوران 6 دہشتگردوں کو ہلاک اور 2 کو گرفتار کرلیا، ایران نے دہشتگردوں کو اسرائیل سے منسلک صیہونی ایجنٹس قرار دیدیا، ایرانی سرکاری خبررساں ایجنسی کے مطابق دہشتگردوں کا تعلق ایسے ... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں 170 میگا واٹ کا سولر پلانٹ لگایا جائیگا، احسن اقبال

گھریلو و صنعتی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے پانی اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی ممکن بنانے کیلئے اقدامات کرینگے

پانی کی سپلائی کیلئے فوری طور پر 2 میگا واٹ بجلی فراہم کی جائیگی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا اجلاس سے خطاب

گوادر (خ ن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت آج گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ہوا، جس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پاور ڈویژن ... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

آگے بڑھنے کا واحد راستہ "مذاکرات" ہیں، قیصر احمد شیخ

پی ٹی آئی اتحادی جماعتوں کا متفقہ وژن اپنائے، وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ

اجتماعی نقطہ نظر قومی خدمات کو دوام اور جاری سیاسی تعطل پر قابو پانے کیلئے انتہائی اہم ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے پی ٹی آئی کو مذاکرات میں شامل ہونے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کی جانب سے ... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کورونا وائرس کے دوران ڈسکوز کے معاشی پیکیج میں بڑے گھپلے

10 لاکھ سے زائد ایسے صارفین کو شامل کیا گیا جو پیکیج میں آتے ہی نہیں تھے

ڈیفالٹرز کو معاشی پیکیج کے ذریعے ایک ارب 39 کروڑ روپے سے زائد ادائیگی کی گئی

اسلام آباد، لاہور (بیورو رپورٹ) کورونا وائرس کے دوران ڈسکوز کے معاشی پیکیج میں بڑے گھپلے، آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے ڈسکوز کے ذریعے دی ... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

25 مخصوص نشستوں پر دوبارہ حلف کل لیا جائے گا، بابر سلیم سواتی

پشاور (بیورو رپورٹ) اسپیکر خیبرپختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے کہا ہے کہ 25 مخصوص نشستوں کا حلف کل لیا جائے گا ... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا لاہور سے پیرس کیلئے فلائٹ آپریشن بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد سے پیرس کیلئے دوطرفہ فلائٹ آپریشن مکمل طور پر فعال رہے گا، ترجمان

برطانوی آپریشن کی تیاری کیلئے جہازوں کی تزئین و آرائش کیلئے آپریشنل بیڑے کو محدود کیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی ایئرلائن (پی آئی اے) نے یورپ میں پیرس کیلئے اپنے فضائی آپریشنز کو محدود کرنے کا فیصلہ کرلیا، پیرس سے لاہور کیلئے آخری پرواز 12 ستمبر کو روانہ ہوگی جبکہ لاہور ... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے سجاول سے تعلق رکھنے والے 15 پاکستانی ماہی گیر گرفتار کرلیے

لاہور (بیورو رپورٹ) بھارت نے 15 پاکستانی ماہی گیر گرفتار کرلیے، کراچی سے فشر فوک فورم کے مطابق گرفتار تمام ماہی گیروں کا تعلق ضلع سجاول سے ہے۔ فشر فوک فورم کے مطابق ماہی گیروں کی حراست میں لینا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ فورم نے ... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

غذر، برفانی پہاڑ کے ٹکڑے گرنے سے بنی جھیل کی سطح میں 8 فٹ تک کمی

جھیل کا بند ٹوٹ جانے سے نشیبی علاقوں کو خطرات، گلگت کی حدود میں متعدد ہوٹل سیل

گلگت (بیورو رپورٹ) گلگت بلتستان کے ضلع غذر کے گاؤں تالی داس میں برفانی پہاڑ کے ٹکڑے گرنے سے بننے والی 8 کلومیٹر جھیل کے پانی میں اخراج کی وجہ ... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پینٹاگون نے یوکرین کو روس پر حملے سے روک دیا، امریکی اخبار

طویل فاصلے تک مار کرنیوالے ہتھیاروں کے استعمال کا فیصلہ پیٹ ہیگستھ کے پاس ہے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) پینٹاگون نے یوکرین کو روس کے اندر اہداف پر حملوں کیلئے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل استعمال کرنے سے روک دیا، امریکی اخبار وال سٹریٹ جنرل نے اپنی رپورٹ میں کہا ... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

آذربائیجان کے صدر نے بھی ٹرمپ کیلئے نوبل انعام کی حمایت کردی

سیاست کار کے طور پر ٹرمپ کے بارے میں میرا رویہ ہمیشہ مثبت رہا ہے، صدر علیوف

باکو (بیورو رپورٹ) صدر ٹرمپ جو اسرائیلی جنگ کے شدید حامی ہونے کے باوجود دنیا کی طاقتور شخصیات اور ملکوں کو اپنی امن پسندی پر قائل کرچکے ہیں، اب آذربائیجان کے صدر علیوف بھی صدر ٹرمپ کی امن خدمات کے معترف ہوگئے ... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی بربریت، مزید 59 فلسطینی شہید، قحط نے بچوں کی زندگیاں نگل لیں

خان یونس کے شمال مغرب میں اسرائیلی توپخانے نے بے گھر خاندانوں کے خیموں کو نشانہ بنایا، شہدا میں بچے شامل

پناہ گزین کیمپ پر ڈرون حملے میں 2 فلسطینی جاں بحق، امداد کے انتظار میں کھڑے مزید شہریوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا گیا

غزہ (مشرق نیوز) غزہ میں اسرائیلی بربریت، مزید 59 فلسطینی شہید، قحط نے بچوں کی زندگیاں نگل لیں۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق اسرائیلی توپخانے نے بے گھر خاندانوں کے خیموں کو نشانہ بنایا ... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 129 ضمنی الیکشن، پی ٹی آئی امیدوار کا فیصلہ نہیں کرسکی

قانونی پیچیدگیوں کے باعث اویس اظہر یا ارسلان احمد کو ٹکٹ دینے پر بھی غور شروع

لاہور (بیورو رپورٹ) این اے 129 کے ضمنی الیکشن پر تحریک انصاف تاحال امیدوار کے نام کا فیصلہ نہیں کرسکی، نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت نے حماد اظہر کو امیدوار کے چناؤ کا اختیار دیا تاہم حماد اظہر پر قائم کیسز کے باعث قانونی ... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت گوادر میں پانی و بجلی کے مسائل سے متعلق اجلاس میں ڈی سی، جی ڈی اے و دیگر ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہیں

جماعت اسلامی نسل نو کو دین سے جوڑنے کا فریضہ ادا کر رہی ہے، عبدالنعیم رند

امیر جماعت اسلامی بلوچستان ہدایت الرحمان بلوچ عوام کے دکھوں کا مداوہ کرنے کیلئے مذاحمت کر رہے ہیں

تربیتی سیشن سے ضلعی امیر، صوبائی نائب امیران، زاہد اختر بلوچ، ڈاکٹر عطاالرحمان، مولانا ایوب، عبدالرحمان قاضی، اعجاز محبوب ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نسل نو کو دین سے جوڑنے کا فریضہ ادا کر رہی ہے، برائیوں سے لڑنے کی طاقت حاصل کرنے کی راہ دکھاری ہے اللہ کے دین کے نفاذ کے لیے عملی جدوجہد کرنے کی تربیت اور راہ عمل بتا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جناح ٹاؤن میں منعقدہ ایک روزہ تربیت گاہ برائے ارکان وامیدواران کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ان کا کہنا تھا کہ تربیت کا مقصد ارکان کو علم کو عام کر کے ہر انسان کو مساوی حیثیت دلانا، قرآن سیرت صحابہ کے عمل سے حالات بدلنے کی عملی جدوجہد کرنے کے لیے تیار کرنا ہے، دماغ کو کتابوں اور تفصیل قرآن کی طرف مائل کر لیں قرآن کا مطالعہ معاشرتی خرابیوں سے لڑنے کی عزم ہے ...

جماعت اسلامی کے سابق امیر بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام تربیت گاہ سے خطاب کر رہے ہیں

پشتون آباد، نیو افغان روڈ کا علاقہ مسائلستان بن چکا ہے، علاقہ مکین

جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں، نالیاں بند ہوچکی ہیں، ، اصغر اچکزئی، عبدالباری اچکزئی ودیگر

شہر میں سڑکوں کی تعمیر ومرمت جاری ہے، پشتون آباد میں بنیادی سہولیات بھی ناپائید ہیں حکام نوٹس لیں علاقہ مکینوں کی گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پشتون آباد نیو افغان روڈ اور ان سے متصل علاقوں میں صفائی کی ابتر صورتحال، بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ اور سیوریج کے نظام نے عوام کا جینا دو بھر کر دیا ہے ... شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں ...

صوبائی وزیر صحت کی اصلاحات پر قبائلی عمائدین کا اعتماد، بخت محمد کاکڑ اور ٹیم کو خراج تحسین

عوامی شکایات سیل کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں زاہد خان کاکڑ، نوراللہ خلجی، سلام خان پشتون، محمد اعظم

کوئٹہ (اے این این) سول سوسائٹی اور قبائلی عمائدین نے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں امن قائم کرنے اور صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو حکومت اپنی اولین ترجیحات میں شامل کرے قبائلی عمائدین زاہد خان کاکڑ، نوراللہ خلجی، سلام خان پشتون اور محمد اعظم نے گزشتہ روز عوامی شکایات سیل کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی، اسپیشل سیکرٹری ظہیر بلوچ اور دیگر متعلقہ حکام کو مبارکباد پیش کی ...

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ایگزیکٹیوز کا اجلاس 28 اگست کو طلب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس 28 اگست بروز جمعرات شام 4 بجے اور ضلع کمیٹی کا اجلاس یکم ستمبر بروز پیر شام 4 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوں گے۔

بلوچستان میں قیام امن اور صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، سول سوسائٹی

وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر عملی کام کا آغاز کیا اور مافیا کے دباؤ کو رد کیا ہے، قبائلی عمائدین

کوئٹہ (اے این این) سول سوسائٹی اور قبائلی عمائدین نے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں امن قائم کرنے اور صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو حکومت اپنی اولین ترجیحات میں شامل کرے ...

بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے، زاہد اختر بلوچ

لانگ مارچ کے معاہدے میں ہر علاقے ہر قوم کے مطالبات شامل ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان و فوکل پرسن مذاکراتی کمیٹی زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ لانگ مارچ کے 8 مطالبات ہر پارٹی ہر علاقے ہر قوم کے مطالبات ہیں ان کے حل مطالبات منوانے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد وقت کی ضرورت ہے ...

وزیراعلیٰ کے مشیر ماحولیات نسیم الرحمٰن ملاخیل، خلیل احمد، حید اچکزئی، اکرم منگلزئی، میر احمد خان راسکوہ، شاہجہان بلوچ انجمن تاجران فلاح و بہبود کوئٹہ کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

علاقے کی ترقی کے لیے مزید منصوبے شروع کیے جارہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

سڑکوں کی تعمیر سے عوام کو آمد ورفت میں سہولت اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوگا، رکن اسمبلی کا خطاب

گوادر (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ضلع گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت دو اہم سڑکوں کا افتتاح کیا۔ افتتاح شدہ سڑکوں میں سربندن انٹرنل روڈ اور جب کلمتی کے غلام محمد شہزادہ روڈ شامل ہیں ...

یوفون نے خیبر پختونخواہ کے سیلاب متاثرین کو مفت کالز کی سہولت فراہم کردی

کوئٹہ (آن لائن) یوفون 4G نے خیبر پختونخوا میں اچانک بادل پھٹنے اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ علاقوں کے شہریوں کی مدد کا بیڑہ اٹھالیا ...

بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، ڈاکٹر حلیم صادق

صوبوں کے ساتھ امتیازی سلوک کی وجہ سے عوام میں بے چینی بڑھ رہی ہے، عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق کا رویہ بلوچستان سمیت دیگر صوبوں کے ساتھ امتیازی ہے ...

وزیراعلیٰ بلوچستان کا بروقت اقدام جناح ٹاؤن تھانہ میں بند 10 سالہ بچہ رہا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی مشیر مرزا شمشاد نے کہا ہے کہ جناح ٹاؤن تھانہ میں ایک دس سالہ بچہ بند تھا، جس پر انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ان کے پرسنل اسٹاف آفیسر سعید امین کے ذریعے اطلاع دی ...

یونیورسٹیز ایمپلائز کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے، شاہ علی بگٹی

آل پاکستان یونیورسٹیز ایمپلائز فیڈریشن کے صدر کا دورہ یونیورسٹی انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار

ایمپلائز ویلفیئر سوسائٹی کے صدر مرید میر اللہ قمرانی نے شاہ علی بگٹی کو ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان یونیورسٹیز ایمپلائز فیڈریشن صوبہ بلوچستان کے صدر شاہ علی بگٹی نے ایک وفد کے ہمراہ بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کا دورہ کیا ...

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے اجلاس کی صدارت صدر خان زمان کر رہے ہیں، حاجی بشیر احمد، قاسم خان، عزیز شاہوانی، عارف تجاری، عابد بٹ، محمد عمر جنگ، دین محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین، ظفر خان رند ودیگر رہنما شریک ہیں

کوئٹہ، حضرت امام حسن کی شہادت کے حوالے سے امام بارگاہ ناصر العزاء سے جلوس عزا برآمد

سیکورٹی اداروں، انتظامیہ اور اہل محلہ کے بھرپور تعاون پر امام بارگاہ ناصر العزاء کی کابینہ کا اظہار تشکر

کوئٹہ (پ ر) مرکزی امام بارگاہ ناصر العزاء میکانگی روڈ کوئٹہ میں 27 صفر کو حضرت امام حسن کی شہادت کے حوالے سے مجلس عزا کا انعقاد کیا گیا ...

شہید نواب اکبر خان بگٹی بلوچستان کے حقیقی رہبر تھے، جواد ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی رہنما جواد ہزارہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 26 اگست وہ سیاہ دن ہے جب ایک آمر جنرل پرویز مشرف نے اپنی ذاتی انا اور ضد کی خاطر بلوچستان کے عظیم رہنما شہید نواب اکبر خان بگٹی کو شہید کیا ...

کیسکو میں کوئی قانونی سی بی اے باقی نہیں رہی، کٹوتی بند کی جائے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

نوٹس نہ لیا گیا تو یونائیٹڈ لیبر فرنٹ احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی، حافظ عصمت اللہ ودیگر

ہمایوں عزیز کرد کو سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی کا نوٹس قابل مذمت ہے، این ڈی ایم

معذور افراد کو مفت علاج و بحالی کی خدمات مہیا کی جارہی ہیں، محکمہ سماجی بہبود

ذیلی ادارے آرتھوٹک اور فزیوتھراپی سینٹر میں معذور افراد کے علاج اور بحالی کا عمل جاری ہے

لیہ کا ضلع کوئٹہ کے نومنتخب ضلعی صدر رحمت اللہ زہری، جنرل سیکرٹری احمد اللہ خلجی اور کابینہ کے دیگر اراکین کا لیہ کا بلوچستان کے صدر اصغر منگلزئی، سینئر نائب صدر سکندر زلزئی ودیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ طوغی روڈ پر مقامی شاپنگ مال کا افتتاح کر رہے ہیں

سرمایہ کاری کے نام پر فراڈ کرنے والی کمپنی سے متاثرین کی رقوم واپس دلائی جائے، نبیلہ حیدر

اسکائی لنگ کے نام سے بنائی جانے والی کمپنی کے متاثرین کے 16 کروڑ روپے ڈوب گئے ہیں، پریس کانفرنس

گڈ گورننس کیلئے لیگی قیادت کے ترقی پسندانہ ویژن پر عمل کیا جائے، چوہدری شبیر

جعفر خان مندوخیل اور جام کمال جیسے دیگر سینئر مسلم لیگی قیادت مسائل کے حل کا تجربہ رکھتی ہے

انتقال پر ملال / اظہار تعزیت

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکن شاہ محمد اچکزئی کو سپرد خاک کر دیا گیا

والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

بلوچستان لیبر فیڈریشن کا بشیر احمد قریشی کے والد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

سید علی محمد چشتی کی اہلیہ انتقال کر گئی

چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کا خان محمد زہری کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

مرحوم حاجی فاضل محمد مینگل کی اہلیہ انتقال کر گئی

کوئٹہ، کمالو روڈ سریاب کے قریب سالوں سے پڑے کچرے کے ڈھیر سے تعفن اور لوگوں کا گزر نا محال ہو گیا ہے



کوئٹہ، کاسی ایسوسی ایشن فار سوشل انٹیگریٹی پہلے رابطہ اجلاس سے ارباب اسد علی کاسی، ملک عارف کاسی، ارباب ارشاد کاسی، ارباب ندیم کاسی ودیگر خطاب کر رہے ہیں

افغانستان میں پاکستانی گاڑیوں پر پتھراؤ، ڈرائیوروں پر تشدد کی مذمت کرتے ہیں، نور محمد شاہوانی

پاکستانی پرچم کی توہین کی گئی، ٹرکوں کے شیشے توڑے گئے، قائد بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن

پاکستان میں آنے والے افغانستان کے ٹرکوں سے افغانوں کی تصاویر اور جھنڈے بھی اتروائے جائیں، مطالبہ

اساتذہ کی بحالی کے لیے حکام سے ملاقات کی جائیگی، جی ٹی اے

عوام جھوٹے نعروں اور جذباتی دعووں سے تنگ آچکے ہیں، چوہدری نعیم کریم

مسلم لیگ ن ہی اپنی تجربہ کار قیادت اور ویژن کے تحت پاکستان کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے

امان اللہ کنرانی صوبائی کمشنر بوائز سکاؤٹس بلوچستان کوئٹہ کیلئے امیدوار نامزد

ملکی مسائل کے حل کیلئے ملی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلعی مجلس عاملہ کے رکن عبدالصادق نورزئی، معاون ناظم مالیات مولانا عبدالمالک بریچ یونٹ کے امیر حافظ ملا محمد معصوم ودیگر انتخابی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

نصیر آباد: ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہری شدید زخمی، موٹر سائیکل چھین لی

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے ... [illegible] ... کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

پاک چین بنگلہ دیش تعلقات سے مودی سرکار کی نیندیں حرام ہو گئیں، سینیٹر عبدالقادر

پاکستان اور بنگلہ دیش کی اعلیٰ عسکری قیادت نے ملاقات میں دفاعی اور سیکورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے

بھارت کے پاکستان کے ہاتھوں شکست کے بعد تینوں ممالک تیزی سے ایک دوسرے کے قریب آئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) ... [illegible] ... اتفاق کیا گیا ہے تو دوسری طرف نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار بنگلہ دیش کے دو روزہ دورے پر بنگلہ دیش میں اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کر رہے ہیں دورے کے دوران اسحاق ڈار کی بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر پروفیسر محمد یونس سے اہم ملاقات ہے نہ صرف دونوں ممالک بلکہ خطے کی سیاست اور اقتصادیات پر اہم اثرات مرتب کرے گی بنگلہ دیش فوج کے ... افواج کے درمیان بڑھتی ہوئی قربت کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ دونوں ممالک کے عسکری حکام خطے کی موجودہ سیکورٹی صورتحال پر ہم آہنگ ہیں۔ دونوں ممالک کے عسکری حکام کا دفاع اور سیکورٹی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ خطے میں بھارتی تسلط کے خاتمے کا اعلان سمجھا جا سکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان ... فروغ کیلئے نئی راہیں اور مواقع تلاش کرنے کی جانب گامزن ہیں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار بنگلہ دیش کی حکومت کی دعوت پر بنگلہ دیش کے سرکاری دورے پر ہیں۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا بنگلہ دیش کا دورہ طویل عرصے کے بعد کسی بھی پاکستانی وزیر خارجہ کا دورہ ہے جسے غیر معمولی اہمیت دی جا رہی ہے

پشین، ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کو مرغہ زکریازئی میں زیر تعمیر ڈیم کا معائنہ کر رہے ہیں

راولپنڈی: بس حادثہ میں جاں بحق اور زخمی ہونیوالوں کی شناخت ہوگئی

ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب، روڈ ہوسٹس اور مالک کو تفتیش کیلئے تحویل میں لے لیا گیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پیرودھائی میں بس حادثہ میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد کے زخمی ہونے کا معاملہ، جاں بحق شخص کی شناخت ارشاد حسین جبکہ زخمیوں کی بلال اور عزیر کے نام سے ہوئی، واقعہ پیرودھائی اڈہ پر پیش آیا، واقعہ کے فوری بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، روڈ ہوسٹس اور بس کے مالک کو تفتیش کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب پیرودھائی میں بس کے حادثہ میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد زخمی ہوئے تھے، جاں بحق شخص کی شناخت ارشاد حسین جبکہ زخمیوں کی بلال اور عزیر کے نام سے ہوئی، واقعہ پیرودھائی اڈہ پر پیش آیا تھا، واقعہ کے فوری بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا تھا، روڈ ہوسٹس اور بس کے مالک کو تفتیش کے لئے تحویل میں لے لیا گیا ہے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق پیرودھائی اڈہ پر بس بے قابو ہوئی جس سے باہر کھڑا ایک شخص جاں بحق جبکہ دو زخمی ہوئے، ڈرائیور کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں روانہ ہیں، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں حقائق کی روشنی میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اسلام آباد: نئی چیف ٹریفک افسر پری گل ترین نے چارج سنبھال لیا

رش والے علاقوں کو منظم انداز میں کنٹرول کرنے کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں، سی ٹی او

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نئی چیف ٹریفک افسر پری گل ترین نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ سینئر پولیس افسران نے نئی تعینات ہونے والی سی ٹی او کا استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق نو تعینات چیف ٹریفک افسر اسلام آباد پری گل ترین نے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا، اس موقع پر ایس پی ٹریفک ماجد اقبال اور سینئر افسران نے نو تعینات ہونے والی سی ٹی او کا استقبال کیا، جبکہ چارج سنبھالتے ہی چیف ٹریفک افسر پری گل ترین نے ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا، جس میں ایس پی ٹریفک، زونل ڈی ایس پیز اور تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی، سینئر افسران نے سی ٹی او اسلام آباد کو ٹریفک پولیس کی کارکردگی اور کام کے طریقہ کار سے متعلق بریفنگ دی، اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے رش والے پوائنٹس کی نشاندہی کی جائے، رش کو منظم انداز میں کنٹرول کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، شہریوں کے تعاون سے ٹریفک قوانین سے آگاہی کے متعلق جاری مہم کو تیز اور موثر بنایا جائے۔

اوستہ محمد: فائرنگ سے زخمی مزدور راگیر علاج سے تاحال محروم

لاڑکانہ کے ہسپتال میں دھکے کھا کر اپنے گھروں کو لوٹ آئے، زندگیاں تاحال خطرے میں ہیں

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد میں گزشتہ روز قبائلی تصادم کے دوران فائرنگ سے زخمی ہونیوالے تین غریب راگیر بے یارو مددگار سندھ کے ہسپتالوں میں دھکے کھا کر اپنے گھر لوٹ آئے وسائل کی عدم دستیابی اور علاج کے فقدان سے زخمیوں کی زندگی خطرے میں پڑ گئی، گزشتہ روز شہر کے گنجان ترین علاقہ جناح روڈ پر قبائلی تصادم کے نتیجے میں تین غریب بے گناہ راگیر شدید زخمی ہوئے زخمیوں کو فوری طور پر علاج معالجے کے لیے لاڑکانہ سندھ لے جایا گیا لیکن بدقسمتی سے وسائل کی عدم دستیابی اور ضلعی انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے سندھ کے ہسپتالوں میں زخمی لاوارثوں کی طرح پڑے رہے اور در در کی ٹھوکریں کھا کر اپنے گھروں کو لوٹ آئے ان کی زندگیاں تاحال خطرے میں ہیں اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ غریب دیہاڑی دار زخمی مزدوروں کے علاج معالجے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

ٹرانسپورٹرز کو تنگ کرنے کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے، ایکشن کمیٹی

حکومتی ایس او پیز ناقابل عمل ہیں، ہمارا مقصد کاروبار کرنا ہے کسی سے لڑنا نہیں

ٹرانسپورٹرز کو مسلح گارڈز رکھنے کا کہہ کر مزید خطرے میں ڈالا جا رہا ہے، حبیب اللہ

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا ہے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ٹرانسپورٹرز کو بلاجواز تنگ کر رہے ہیں۔ امن و امان قائم کرنے کی ذمہ داری حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کو مسلح گارڈز رکھنے کا کہہ کر انہیں مزید خطرات میں ڈال رہی ہے۔ ہمارا مقصد کاروبار ہے، کسی سے لڑنا نہیں۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اگر یہ شعبہ ختم ہوگیا تو معیشت زمین بوس ہو جائے گی اور ہزاروں خاندان بے روزگار ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے شعبے سے وابستہ افراد ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس دے رہے ہیں لیکن ان کے مسائل کو سننے والا کوئی نہیں۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ مسافر گاڑیوں کی ہر صورت حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔ تاکہ مسافروں کو سفر کے دوران کسی قسم کی دشواری یا خطرے کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر قائم غیر ضروری چیک پوسٹیں ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کیلئے مشکلات پیدا کر رہی ہیں۔ ان چیک پوسٹوں پر گاڑیاں بلاوجہ روکی جاتی ہیں جس سے سفر طویل اور تکلیف دہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ ان غیر ضروری رکاوٹوں کو فوری ختم کیا جائے اور مسافروں کے لئے محفوظ اور آسان سفر کو یقینی بنایا جائے۔

اوپن یونیورسٹی، داخلوں کے لیے انٹری ٹیسٹ کا شیڈول جاری

گلگت بلتستان، ملتان، کراچی اور کوئٹہ ریجنز میں ٹیسٹ سینٹرز قائم کردیے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے داخلوں کے لیے انٹری ٹیسٹ کا شیڈول جاری کردیا ہے۔ یونیورسٹی کے ترجمان کے مطابق انٹری ٹیسٹ کا آغاز سوموار 25 اگست سے ہوگا جو مختلف فیکلٹیز کے تحت چار روز تک جاری رہیں گے۔ شیڈول کے مطابق کلیہ عربی و علوم اسلامیہ کا ٹیسٹ 25 اگست کو، فیکلٹی آف سوشل سائنسز کا 26 اگست کو، فیکلٹی آف سائنسز کا 27 اگست کو جبکہ فیکلٹی آف ایجوکیشن کا انٹری ٹیسٹ 28 اگست کو منعقد ہوگا۔ تمام ٹیسٹ صبح 9 بجے بیک وقت شروع ہوں گے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی خصوصی ہدایت پر ملک کے اہم مقامات پر طلبہ کو سہولت فراہم کرنے کے لیے پانچ بڑے شہروں، اسلام آباد (مین کیمپس)، گلگت بلتستان، ملتان، کراچی اور کوئٹہ ریجنز میں ٹیسٹ سینٹرز قائم کردیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ اپنی سہولت اور ترجیح کے مطابق قریبی سینٹر میں ٹیسٹ دے سکیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق انٹری ٹیسٹ کے انعقاد کے لیے تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں اور شفافیت و میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ اوپن یونیورسٹی تحقیق و اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے مشن پر گامزن ہے اور یہ انٹری ٹیسٹ مستقبل کے محققین اور اسکالرز کے لیے نئے دروازے کھولیں گے

قازقستان کے سفیر یرزہان کستافن کا وفد کے ہمراہ پی سی ایم اے کا دورہ

ہاتھ سے بنے قالینوں کی قازقستان کو برآمدات کے فروغ کے امکانات کا جائزہ لیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) قازقستان کے سفیر یرزہان کستافن نے وفد کے ہمراہ پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارتی تعلقات، مختلف نوعیت کی رکاوٹوں اور بالخصوص ہاتھ سے بنے قالینوں کی قازقستان کو برآمدات کے فروغ کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین میاں عتیق الرحمان، پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، سینئر رہنما سعید خان، احمد عرفان، فیصل سعید خان اور دیگر نے قازقستان کے سفیر اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کا ایسوسی ایشن کے دفتر آمد پر پرتپاک استقبال کیا۔ قازقستان کے سفیر یرزہان کستافن نے دورے کی دعوت دینے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے تجارتی تعلقات کے فروغ میں ہر ممکن کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کے اعلیٰ معیار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان کو تجارتی مواقعوں کی تلاش کے لئے قازقستان کا دورہ کرنا چاہیے جس کیلئے انہیں ویزوں کی فراہمی میں آسانی سمیت دیگر معاملات میں ہر طرح کی معاونت فراہم کریں گے۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان نے قازقستان کے سفیر کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے درخواست کی کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان براہ راست فلائٹس چلائی جائیں تاکہ دونوں ممالک کی کاروباری شخصیات کو سفری سہولیات میسر آئیں، پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی ڈیوٹی فری برآمدات کے لئے ایم او یو سائن کیا جائے اور سنگل کنٹری نمائش کے انعقاد کیلئے تعاون فراہم کیا

غزہ کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کی 30 ویں امدادی کھیپ مصر پہنچ گئی

10 دنوں میں ایک ارب مالیت کا فوڈ پیکیج روانہ کر رہے ہیں، صدر الخدمت فاؤنڈیشن

چار فلائٹس میں غزہ کے 20 ہزار خاندانوں کیلئے ایک ماہ کا راشن ہوگا، ڈاکٹر حفیظ الرحمن

لاہور (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن نے این ڈی ایم اے اور حکومت پاکستان کے تعاون سے غزہ متاثرین کیلئے 100 ٹن امدادی سامان کی 30 ویں کھیپ لاہور سے العریش ائیرپورٹ قاہرہ کیلئے روانہ کردی جو مصر پہنچ گئی اور ریڈ کریسنٹ مصر کے ذریعے ترجیحی بنیادوں پر یہ امدادی سامان غزہ پہنچایا جائے گا۔ مرکزی صدر الخدمت فاؤنڈیشن پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمن، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، سیکرٹری جنرل الخدمت سید وقاص جعفری، ممبر آپریشنز این ڈی ایم اے بریگیڈیئر کامران احمد، چیئرمین الخدمت ہیلتھ ڈاکٹر زاہد لطیف سمیت این ڈی ایم اے اور حکومتی نمائندوں نے امدادی سامان غزہ کے فلسطینی مسلمانوں کیلئے روانہ کیا۔ صدر الخدمت ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 15 کروڑ مالیت کے امدادی سامان میں پانچ ہزار خاندانوں کیلئے ایک ماہ کا فوڈ پیکیج ہے جس میں آٹا، چاول، کوکنگ آئل، تیار فوڈ، فروٹ کاک ٹیل، فروٹ جیم، سویٹ کارن شامل ہے۔ اگلے 10 دنوں کے دوران این ڈی ایم اے اور حکومت پاکستان کے اشتراک سے تین کھیپ مزید روانہ کریں گے اس طرح مجموعی طور پر 20 ہزار خاندانوں کیلئے ایک ارب روپے مالیت کا امدادی سامان غزہ کے فلسطینی بہن بھائیوں اور بچوں کیلئے روانہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کی جانب سے مصائب میں گھرے اہل غزہ کے لئے محبتوں کا پیغام ہے حالیہ عرصے میں پاکستان میں سیلاب کی وجہ سے ہم خود مشکلات کا شکار ہیں لیکن کسی بھی لمحے ہم اپنے غزہ کے بہن بھائیوں اور بچوں کو نہیں بھولے۔ الخدمت گزشتہ 23 مہینوں سے ہر ممکن ذرائع سے مسلسل غزہ کے بے گھر فلسطینی خاندانوں کی امداد کا

سونے کی قیمت مزید بڑھنے کا خدشہ، درآمدات مسلسل دوسرے ماہ بھی صفر

جولائی میں سونے کی درآمدات میں سالانہ 100 فیصد کی ریکارڈ، دستاویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سونے کی قیمت مزید بڑھنے کا خدشہ، درآمدات مسلسل دوسرے ماہ بھی صفر رہیں۔ جولائی کے دوران بھی کسی ملک سے ایک کلو بھی سونا درآمد نہیں کیا گیا۔ سرکاری دستاویز کے مطابق جولائی میں سونے کی درآمدات میں سالانہ 100 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ سال جولائی کے دوران 28 کلو سونا درآمد کیا گیا تھا۔ سرکاری دستاویز کے مطابق گزشتہ سال جولائی میں سونے کی درآمدات 21 لاکھ 93 ہزار ڈالر تھی، جولائی سے قبل جون کے دوران بھی سونے کی درآمدات صفر تھیں، آخری بار مئی میں بیرون ممالک سے 9 کلو سونا درآمد کیا گیا تھا، مئی میں سونے کی درآمدات کا حجم 9 لاکھ 27 ہزار ڈالر تھا

واسا افسران عوام کو پانی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائیں، سیکرٹری پی ایچ ای

کوئی کوتاہی برداشت نہیں، پانی کی ترسیل میں بدعنوانی کا مرتکب ملازم کو نوکری سے برخاست کیا جائیگا

والو مین یا سپروائزر کیخلاف شکایت کی صورت میں ایس ڈی او سے وضاحت طلب کی جائیگی، ہاشم غلزئی

کوئٹہ (آن لائن) ... [illegible]

ڈھاکہ، محمد اسحاق ڈار سے ڈاکٹر شفیق الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

حب: ... دھماکے کے بعد آگ لگنے سے 3 افراد زخمی

حب (آن لائن) ... [illegible] ... ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور آگ پر قابو پانے کی کوششیں جاری ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکے کی وجہ معلوم کرنے کے لیے تحقیقات بھی شروع کردی گئی ہیں۔

عید میلاد النبیؐ کے پروگراموں کو سیکورٹی دی جائے، اہلسنت و جماعت

رواں برس بھی آستانہ فیضان اولیاء کے زیر اہتمام 12 پروگرام ہونگے، ذوالفقار علی طارق

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کی رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے 12 ربیع الاول کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر سال کی طرح بلوچستان بھر میں رواں سال بھی جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم منایا جائے گا آقا کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آمد سے انسان کو وہ مقام ملا جو پہلے کبھی نہیں ملا تھا مسلمان ان بابرکت گھڑیوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے گھروں میں قرآن خوانی کا خصوصی اہتمام کریں اپنے بچوں کو محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا درس دیں تاکہ ہمارا ہر بچہ عاشق رسول بنے اور درود شریف پڑھنے والا بنے اور دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنے والا بن جائے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء کے زیر اہتمام بلوچستان بھر میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حوالے سے 12 روزہ پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ختم شریف نعت خوانی قرآن خوانی خاص وظائف کا بھی کا اہتمام کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کے چھوٹے بڑے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام پروگراموں، ریلیوں اجتماعات کو فل پروف سیکورٹی کی فراہمی یقینی بنایا جائے سرکاری عمارتوں کو چراغاں صفائی و دیگر انتظامات کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی حکومتی اداروں کی کوتاہی کی وجہ سے مستونگ میں بہت بڑا سانحہ رونما ہوا سو کے قریب عشاقان رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جام شہادت نوش کیا اور 300 کے قریب لوگ زخمی ہوئے ابھی تک واقعہ کے حقائق سے عوام لاعلم ہیں۔

سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے دکھوں کا مداوا کیا جانا چاہیے، امیر حیدر ہوتی

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما امیر حیدر ہوتی کا کہنا ہے کہ اب وقت ہے کہ بونیر کے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کی جائے، یہاں پر لوگ ذہنی مریض بن گئے ہیں، ان کے دکھوں کا مداوا کرنا چاہیے۔ امیر حیدر ہوتی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دوسروں کے کیے کا خمیازہ ہم بھگت رہے ہیں، عالمی سطح پر آتی انڈسٹریز لگائی گئیں کہ ہم متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کہتے ہیں کہ مجھے کسی کی مدد کی ضرورت نہیں، اس پر میں وزیراعلیٰ سے کہوں گا کہ آپ کے وسائل گلوبل وارمنگ سے لڑنے کے لیے کافی نہیں ہیں اس لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر متاثرین کے گھر دوبارہ تعمیر کریں۔ امیر حیدر ہوتی نے مزید کہا کہ صرف آٹا، دال چینی دینے سے ان لوگوں کا مسئلہ حل نہیں ہوگا، 2010ء میں سیلاب آیا تھا تو میں وزیراعلیٰ تھا مجھے تجربہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کو مشورہ دوں گا کہ ترقیاتی فنڈ کو منجمد کریں، تمام ترقیاتی فنڈز روک کر سیلاب سے متعلق تعمیر نو پر لگائیں۔ دوران گفتگو امیر حیدر ہوتی سے سوال کیا گیا کہ جنرل (ر) باجوہ نے پی ٹی آئی حکومت گرانے کے لیے آپ سے رابطہ کیا تھا؟ انہوں نے اس سوال کے جواب میں کہا کہ وہ کچھ اور خوش نصیب ہوں گے جن سے باجوہ صاحب نے رابطہ کیا ہوگا، میں اتنا خوش قسمت نہیں کہ باجوہ صاحب مجھ سے رابطے کرتے

سردار عطاء اللہ مینگل کی خدمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، بی این پی

2 ستمبر کو مرحوم کی برسی پر کوئٹہ میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا جائیگا، حاجی عبدالکریم مینگل

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل آباد یونٹ مشرقی بائی پاس کوئٹہ کے سینئر سیکرٹری حاجی عبد الکریم مینگل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 2 ستمبر کو قومی رہنما سردار عطا اللہ مینگل کی برسی کے موقع پر کوئٹہ میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا جائے گا۔ جس کو بلوچستان کی سیاسی جدوجہد اور عوامی حقوق کی تحریک کے لیے ایک سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطا اللہ مینگل کی قومی خدمات اور قربانیاں بلوچ عوام کے لیے مشعل راہ ہیں، اور ان کی برسی کے موقع پر منعقدہ یہ اجتماع نئی سیاسی توانائی اور جدوجہد کے جذبے کو مزید جلا بخشے گا۔

سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں میڈیکل کیمپ قائم کرینگے، عوام پاکستان پارٹی

قدرتی آفت سے سیکڑوں گھرانے تباہ ہوئے، متاثرین کھلے آسمان تلے امداد کے منتظر ہیں

مشکل وقت میں متاثرہ اضلاع کے عوام کیساتھ کھڑے ہیں، سید امان شاہ، ڈاکٹر ظفر مرزا

کوئٹہ/اسلام آباد (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ حالیہ سیلاب سے بڑی تباہی ہوئی ہے اور متاثرین امداد کے منتظر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس میں بطور مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینٹرل کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ڈاکٹر ظفر مرزا کی زیر صدارت ہوا جس میں مرکزی رہنما، فاطمہ عاطف، مرکزی رہنما، طارق ہوری، صوبائی کنوینئر پنجاب سمیت ضلعی نمائندوں اور پارٹی کارکنوں نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد موجودہ سیاسی و سماجی صورتحال کا جائزہ لینا، تنظیمی امور پر مشاورت اور خیبر پختونخوا میں حالیہ سیلاب سے متاثرہ عوام کے لیے ریلیف پلان پر غور کرنا تھا۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں آنے والے تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مرکزی رہنما عوام پاکستان ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ یہ قدرتی آفت نہ صرف سیکڑوں گھروں کی تباہی کا باعث بنی ہے بلکہ ہزاروں خاندان کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو فوری امداد، خوراک، پینے کا صاف پانی، طبی سہولیات اور رہائش کی شدید ضرورت ہے۔ سید امان شاہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشکل وقت میں قوم کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ پارٹی کی طرف سے ایک جامع ریلیف پلان مرتب کیا گیا ہے جس کے تحت خیبر پختونخوا کے متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی کارروائیاں کی جائیں گی۔ سید امان شاہ نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض پھیلنے کا شدید خدشہ ہے۔ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر میڈیکل کیمپ قائم کئے جائیں گے۔

اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کو اپنے مداحوں سے بچھڑے سترہ برس بیت گئے

جہانیاں (بیورو رپورٹ) اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کو اپنے مداحوں سے بچھڑے سترہ برس بیت گئے ان کی برسی 25 اگست پیر کو منائی جائے گی۔ اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر کے ادبی حلقوں میں تعزیتی و دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں احمد فراز کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ احمد فراز 25 اگست 2008ء کو انتقال کر گئے تھے۔ احمد فراز 14 جنوری 1931 کو پشاور میں پیدا ہوئے تھے دوران تعلیم انہوں نے اپنا پہلا شعری مجموعہ تنہا تنہا لکھا تھا۔ احمد فراز کے مجموعہ کلام میں تنہا تنہا، درد آشوب، بے آواز گلی کوچوں میں، نابینا شہر میں آئینہ، نایافت، خواب گل پریشاں ہیں، جاناں جاناں، غزل بہانہ کروں اور دیگر قابل ذکر ہیں۔ احمد فراز کو آدم جی ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، اباسین ایوارڈ، نقش ادب ایوارڈ سمیت لاتعداد ملکی و غیر ملکی ایوارڈز سے نوازا جا چکا ہے۔ احمد فراز کی شاعری کے انگریزی، فرانسیسی، پنجابی، جرمن، روسی اور دیگر زبانوں میں بھی تراجم شائع ہو چکے ہیں۔ احمد فراز گردوں کے عارضے کا شکار تھے وہ علاج کیلئے امریکہ بھی گئے تھے

کوئٹہ، دارین اسکول سسٹم میں یوم آزادی کی تقریب میں بخت محمد کاکڑ اور ظہور احمد بلیدی بچوں کی جانب سے پیش کیا گیا ٹیبلو دیکھ رہے ہیں

انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے وائس سے آل پاکستان یونیورسٹیز ایمپلائز فیڈریشن کے صوبہ صدر شاہ علی بگٹی وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

ملکی ترقی و سلامتی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، صوبائی وزراء

افواج پاکستان نے معرکہ حق میں دشمن کو دھول چٹا کر ملک و قوم کو سرپوری دنیا میں فخر سے بلند کیا

طلبا تعلیم کے ذریعے ملکی خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، بخت محمد کاکڑ اور ظہور بلیدی کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) دارین اسکول سسٹم میں یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب ہوئی، جس میں طلبہ، اساتذہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے چیف گیسٹ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھے، جبکہ سینئر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے تقریب کی صدارت کی۔ اس موقع پر پریذیڈنٹ الحمد اسلامک یونیورسٹی ڈاکٹر شکیل احمد روشن اور پرنسپل تعمیر نو کالج پروفیسر طارق حسین منگی نے بھی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈی ایس پی عجب خان کاکڑ، حاجی نعمت اللہ موحد، مولانا عصمت اللہ سالم، سیاسی و سماجی رہنما میر نظام کرد، سپورٹس کمپلیکس کے ڈائریکٹر سمیع اللہ کاکڑ، عطا محمد کاکڑ سمیت ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوئے۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ تعلیم، محنت اور اتحاد کے ذریعے وطن عزیز کو مضبوط اور خوشحال بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ملک و قوم کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار نہایت اہم ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے معرکہ حق میں فتح حاصل کر کے دنیا بھر میں ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کیا، یہ ملک ہم نے بہت سی قربانیوں کے بعد حاصل کیا ہے اس کی بقاء وسلامتی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا۔ آخر میں ڈائریکٹر دارین اسکول سسٹم محمود علی نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ شرکاء نے تقریب کے شاندار اہتمام اور طلبہ کی حب الوطنی سے لبریز تقاریر و ملی نغموں کو زبردست انداز میں سراہا۔

بلدیاتی اضلاع کو با اختیار کیا جائے، گوہر اعجاز

مخصوص علاقے پاکستان کی جی ڈی پی میں 50 فیصد شیئر دے رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق نگران وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کے لیے بلدیاتی اضلاع کو با اختیار کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ با اختیار بلدیاتی یونٹس سے پاکستان معاشی طور پر مضبوط ہوگا، ہر ڈویژن اور ضلع کو ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صرف مخصوص علاقے پاکستان کی جی ڈی پی میں 50 فیصد شیئر دے رہے ہیں۔ گوہر اعجاز کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان آبادی کے لحاظ سے پانچواں بڑا ملک ہے، پاکستان دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بن سکتا ہے۔

کے پی 307 جاں بحق افراد کے لواحقین میں 61 کروڑ 40 لاکھ روپے تقسیم

پشاور (بیورو رپورٹ) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ نے کہا ہے کہ 307 جاں بحق افراد کے لواحقین میں 61 کروڑ 40 لاکھ روپے تقسیم کیے گئے۔ پشاور میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سیلاب متاثرین میں امدادی رقم کی تقسیم جاری ہے، 89 جاں بحق افراد کے ورثا کو امدادی رقم بھی جلد دی جائے گی۔ کے پی کے چیف سیکریٹری نے بتایا کہ بونیر میں 237 جاں بحق افراد کے ورثا کو 33 کروڑ 20 لاکھ روپے دیے گئے، سوات میں 20 جاں بحق افراد کے لواحقین کو 4 کروڑ روپے کی امداد دی گئی، شانگلہ میں 36 جاں بحق افراد کے ورثا کو 7 کروڑ 20 لاکھ روپے تقسیم کیے گئے

فرحان غنی عدالت میں اپنی بے گناہی ثابت کریں گے، سعید غنی

سہیل نے ایف آئی آر درج کرائی ہے، جو اسکا قانونی حق تھا، صوبائی وزیر بلدیات

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ میرے بھائی ٹاؤن چیئرمین فرحان غنی اور کچھ ساتھیوں کا سہیل نامی شخص سے جھگڑا ہوا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں سعید غنی نے کہا کہ سہیل نے اس واقعہ کی ایف آئی آر درج کرائی ہے، جو اسکا قانونی حق تھا۔ انہوں نے کہا کہ فرحان غنی سمیت تمام افراد خود گرفتاری دے کر قانون کا سامنا کریں۔ فرحان سمیت دیگر عدالت میں اپنی بے گناہی ثابت کرینگے۔ واضح رہے کہ صوبائی وزیر سعید غنی کے بھائی اور کراچی کے چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی کے خلاف دہشت گردی دفعات کے تحت فیروز آباد تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ٹاؤن چیئرمین اور پی پی رہنما فرحان غنی اس وقت پولیس حراست میں ہیں

اقوام متحدہ مقبوضہ کشمیر کے معاملے پر فوری مداخلت کرے، حریت کانفرنس

سرینگر (م ڈ) حریت کانفرنس نے اقوام متحدہ سے مقبوضہ کشمیر کے معاملے پر فوری مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جموں کشمیر کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان عبد الرشید منہاس نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام پر بھارت کی جانب سے ہندوتوا نظریہ مسلط کیا جانا قابل تشویش ہے۔ انہوں کہا کہ بھارتی حکمران جماعت بی جے پی اور اسکی وزارت داخلہ کے زیر کنٹرول ریاست کے لیفٹیننٹ گورنر کالے قوانین کا سہارا لے کر محاصرے اور تلاشیوں کی کارروائیوں کے دوران بلاجواز کشمیریوں کو ہراساں کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ترجمان حریت کانفرنس نے مزید کہا کہ بی جے پی حکومت مقبوضہ کشمیر میں پبلک سیفٹی ایکٹ جیسے کالے قوانین کا استعمال کر کے ہر اختلافی آواز کو دبا رہی ہے۔

جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی اقلیتی آرگنائزر آصف مسیح چرچ کے رنگ روغن کے لیے پاسٹر شمعون مسیح کو 50 ہزار روپے کا چیک دے رہے ہیں

ملک میں جمہوریت صدر زرداری کی مرہون منت ہے، پیپلز پارٹی

ہمیشہ ملک میں عوامی حقوق کی منصفانہ تقسیم کیلئے جدوجہد کی ہے، ہماری سیاست ملک و قوم کیلئے ہے

دہشتگردی سمیت دیگر مسائل کا حل اتحاد سے ہی ممکن ہے، سردار سربلند جوگیزئی کی وفد سے بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوریت صدر آصف علی زرداری کی مرہون منت ہے، پارٹی ملک کی خاطر ہر چیز قربان کرنے کو تیار ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اپنے ورکروں کو عزت دی ہے ہمارے لئے یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ نوجوان پیپلز پارٹی پر اعتماد کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یہاں کوئٹہ میں ملاقات کرنے والے پارٹی ورکروں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک و قوم کی بھلائی کیلئے سیاست کی ہے، پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جس کے بانی قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو پہلا متفقہ آئین دیا بلاول بھٹو زرداری اس ملک میں ترقی کی سب سے بڑی علامت بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک میں عوامی حقوق کی منصفانہ اور جائز تقسیم کے لیے جدوجہد کی ہے، بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو قوم کی امنگوں کے حقیقی ترجمانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جو جمہوریت کا نظام چل رہا ہے وہ صدر آصف علی زرداری کی بدولت ہے ملک کو اس وقت دہشت گردی سمیت مختلف مسائل کا سامنا ہے جسے باہمی یکجہتی اور اتحاد سے ہی حل کیا جاسکتا ہے ملک کی سالمیت اور استحکام کے لئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہے۔

زرعی یونیورسٹی کی عمارت نجی ادارے کے سپرد کرنا تعلیم دشمنی ہے، طلباء الائنس

اربوں روپے کی لاگت سے یونیورسٹی تعمیر کر کے فعال بنانے کی بجائے نیوٹیک کو کرایہ پر دے دی گئی

جامعہ کو فوری فعال کیا جائے، احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے وارث افغان کبیر بلوچ و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) طلباء الائنس میں شامل طلباء تنظیموں، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن، بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اور بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) کی جانب سے زرعی یونیورسٹی کی بلڈنگ کو نیوٹیک کے حوالے کرنے کے خلاف ڈگری کالج سریاب میں گزشتہ روز احتجاجی ریلی نکالی گئی اور مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی صدارت پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل آرگنائزر وارث افغان نے کی۔ احتجاجی مظاہرے سے وارث افغان، بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ضلعی سیکرٹری کبیر بلوچ اور بی ایس او پجار کے یونٹ سیکرٹری عصمت بلوچ نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی کو فعال نہ کرنا اور زرعی یونیورسٹی کی بلڈنگ کو نجی ادارے کے حوالے کرنا تعلیم دشمنی ہے زرعی یونیورسٹی اس صوبے کے عوام کیلئے امید کی کرن ہے جو کہ گزشتہ دور حکومت میں منظور ہوئی اور اربوں کی لاگت میں زرعی یونیورسٹی کیلئے فنڈز مختص ہوئے جس کے نتیجے میں شاندار بلڈنگ تعمیر ہوئی موجودہ صوبائی حکومت بجائے اس کے کہ زرعی یونیورسٹی کو فعال بنائے زرعی یونیورسٹی کی بلڈنگ کو کرایہ پر دے رہی ہے جو کہ صوبے کے عوام اور بالخصوص علم دشمنی پر مبنی عمل ہے۔ طلباء الائنس میں شامل تنظیموں نے مطالبہ کیا کہ جلد از جلد زرعی یونیورسٹی کو فعال بنایا جائے اور اس میں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق نئے تحقیقاتی مراکز بنائے جائیں تاکہ طلباء دور جدید کے تقاضوں کے مطابق علم و ٹیکنالوجی سے مستفید ہوسکیں۔

کراچی میں بارشوں کے بعد سمندری آلودگی میں اضافہ

وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی ہدایت پر بندرگاہوں کی صفائی مہم شروع

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں بارشوں کے بعد سمندری آلودگی میں اضافہ کے بعد وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی ہدایت پر بندرگاہوں کی صفائی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ جنید انوار چوہدری نے اپنے بیان میں کہا کہ صرف صفائی نہیں، آلودگی کی روک تھام ضروری ہے، بحری آلودگی کی روک تھام کے لیے میرین پولیوشن کنٹرول بورڈ فعال کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے منصوبے جلد مکمل کیے جائیں گے۔ جنید انوار چوہدری کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے مون سون بارشیں غیر یقینی ہوگئی ہیں، بارش کا گندا پانی سمندر کو آلودہ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمندری آلودگی شہریوں اور ماحولیاتی نظام کے لیے خطرہ ہے، پلاسٹک، تیل اور کیمیائی اجزا سمندری غذا کو آلودہ کر رہے ہیں۔ جنید انوار چوہدری نے مزید کہا کہ ماہی گیر برادری کے روزگار کو شدید خطرات لاحق ہیں، ماحولیاتی تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جھیلوں کا عالمی دن 27 اگست کو منایا جائے گا

جہانیاں (بیورو رپورٹ) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جھیلوں کا عالمی دن 27 اگست کو منایا جائے گا اس سلسلے میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائیگا جس میں زراعت اور پانی کے حصول کیلئے جھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ دنیا بھر میں جھیلوں کا یہ پہلا عالمی دن منایا جائے گا۔ پچھلے برس ماہ دسمبر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ہر سال 27 اگست کو جھیلوں کے عالمی دن کے طور پر منایا جائے گا اور رواں برس ماہ اگست میں جھیلوں کا یہ پہلا عالمی دن ہوگا۔ پاکستان بھر میں بھی خوبصورت جھیلیں پائی جاتی ہیں جو کہ اپنی خوبصورتی کی بنا پر دنیا بھر میں مقبول ہیں۔ جھیلیں میٹھے پانی کے ایک ذریعہ کے طور پر کام کرتی ہیں

پاکستان میں آزادی اظہار رائے کی حمایت کرتے ہیں

سی ای جے مستقبل کے صحافیوں کو تربیت دے رہی ہے، امریکی قونصل جنرل

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں آزادی اظہار رائے کی حمایت کرتے ہیں امریکی قونصل جنرل سینٹرل فار ایکسیلینس ان جرنلزم کے قیام کے 10 سال پورے ہونے پر تقریب سے خطاب کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربام نے کہا ہے کہ امریکا پاکستان میں اظہار رائے کی آزادی کی حمایت کرتا ہے۔ سینٹرل فار ایکسیلینس ان جرنلزم کے قیام کے 10 سال پورے ہونے پر آئی بی اے کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی ای جے مستقبل کے صحافیوں کو تربیت دے رہی ہے۔ تقریب کے پہلے سیشن میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور پاکستانی نیوز روم پر گفتگو ہوئی، جب کہ دوسرے سیشن میں سینسر شپ اور صحافیوں کو لاحق خطرات پر بات ہوئی۔ ایسوسی ایشن آف الیکٹرانک میڈیا ایڈیٹرز اینڈ نیوز ڈائریکٹرز کے صدر اظہر عباس، سینئر صحافی حامد میر، فرحان ملک اور سید علی شاہ کے علاوہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر آئی بی اے اکبر زیدی، ڈائریکٹر سی ای جے شاہ زیب جیلانی نے بھی خطاب کیا

مقبوضہ کشمیر: پی آئی اے کے لوگو والے غبارے سے بھارتی حکام کی دوڑیں لگ گئیں

مقبوضہ جموں (بیورو رپورٹ) مقبوضہ کشمیر کے شہر جموں میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے لوگو والے غبارے نے بھارتی حکام کے دوڑیں لگوا دیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے شہر جموں میں بھارتی حکام میں اس وقت کھلبلی مچ گئی جب انہوں نے فضا میں پاکستان کی قومی ایئرلائن کے لوگو کا حامل غبارہ دیکھا۔ بھارتی حکام نے پی آئی اے کے لوگو کے حامل غبارے کو دیکھنے کے بعد فوری طور پر الرٹ جاری کر دیا۔ اس سے قبل جموں کے قصبے سانبہ میں بھی گزشتہ ہفتے پی آئی اے کے لوگو والا غبارہ دیکھا گیا تھا۔ ان واقعات کے بعد مقامی آبادی میں بھارتی فورسز کا یہ کہہ کر مذاق اڑایا جا رہا ہے کہ یہ جدید اسلحے سے مسلح بھارتی افواج ہیں جو ہوا میں اڑتے والے غباروں سے گھبرا جاتی ہیں

اے سی چمن امتیاز علی بلوچ مشکوک گاڑیوں موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کی تلاشی لے رہے ہیں

نکاح سے قبل الیکٹروفوریسز ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائیگا، بخت کاکڑ

بلوچستان میں رشتہ داروں میں شادیوں کے رجحان کے باعث تھیلیسیمیا کے مریضوں میں اضافہ ہورہا ہے

پہلے سے منظور شدہ ایکٹ میں ترمیم بھی کی جائے گی، صوبائی وزیر اور مجیب الرحمن پانیزئی کی بات چیت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت نے صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے اہم فیصلہ کیا ہے۔ اب نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسز ٹیسٹ لازمی ہوگا تاکہ کزن میرج اور دیگر عوامل کے باعث پیدا ہونے والے تھیلیسیمیا کے کیسز میں کمی لائی جا سکے۔ سیکرٹری صحت اور چیئرمین بلوچستان بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی مجیب الرحمن پانیزئی نے یہاں بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں قبائلی معاشرت اور رشتہ داروں کے درمیان شادی کے رجحان کی وجہ سے تھیلیسیمیا کے مریضوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس خطرے کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسز ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں پہلے سے منظور شدہ ایکٹ میں ترمیم کی ضرورت پڑنے پر اس میں بھی تبدیلی کی جائے گی تاکہ ٹیسٹ کا قانونی نفاذ ممکن ہو سکے۔ مجیب الرحمن پانیزئی نے مزید بتایا کہ ایچ بی الیکٹروفوریسز ٹیسٹ کے لیے عوام کو صوبے بھر کی لیبارٹریز میں سہولت فراہم کی جائے گی اور اس کے ساتھ عوام میں آگاہی مہم بھی شروع کی جائے گی تاکہ لوگوں کو تھیلیسیمیا اس کے خطرات اور نکاح سے قبل ٹیسٹ کے فوائد سے آگاہ کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کا مقصد تھیلیسیمیا کے مریضوں کی تعداد میں کمی لانا، صحت مند نسل کی نشوونما کو یقینی بنانا اور عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے تاکہ معاشرتی اور صحت کے مسائل پر قابو پایا جا سکے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 25 اگست 2025ء

بلوچستان کے مسائل: ہم آہنگی اور عملی اقدامات ناگزیر

بلوچستان، رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا اور اہم حصہ ہے۔ جو بے پناہ قدرتی وسائل، خاص طور پر معدنیات اور جغرافیائی اہمیت سے مالا مال ہے۔ تاہم، مختلف تاریخی، سیاسی اور معاشی عوامل کی وجہ سے یہ صوبہ تعمیر وترقی کے میدان میں دیگر صوبوں سے پیچھے رہ گیا ہے۔ اس پسماندگی نے نہ صرف معاشی بے چینی کو جنم دیا بلکہ سماجی اور سیاسی مسائل کو بھی فروغ دیا۔ ان چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز، بشمول سول اور فوجی قیادت، عوام اور حکومت کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ گزشتہ روز پاک فوج کے سربراہ، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرات کا دورہ تربت، بلوچستان، اسی یکجہتی اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے، جو ایک خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے اس دورے کا مقصد نہ صرف صوبے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینا تھا، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر، بلوچستان میں استحکام اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے لئے فوجی اور سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو تقویت دینا تھا۔ ان کے اس بیان نے کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے سول ملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، اس حقیقت کو مزید تقویت بخشی ہے کہ صرف ایک ادارے کی کوششیں کافی نہیں بلکہ ایک قومی یکسوئی اور فکری وعملی ہم آہنگی کی اشد ضرورت ہے۔ بلوچستان کی پسماندگی کی وجوہات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد سے ہی یہ صوبہ مناسب ترقیاتی بجٹ اور بنیادی ڈھانچے کی کمی کا شکار رہا ہے۔ اس کی وسیع وعریض جغرافیائی حدود، کم آبادی، اور قبائلی نظام نے بھی ترقیاتی منصوبوں کی عملداری میں رکاوٹیں کھڑی کیں۔ ماضی میں سیاسی عدم استحکام اور بدانتظامی نے بھی مسائل کو مزید پیچیدہ بنایا۔ ان تمام عوامل کی وجہ سے بلوچستان کے عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ اس صورتحال نے مقامی سطح پر احساس محرومی کو فروغ دیا، جس کا فائدہ ملک دشمن عناصر اور گروہوں نے اٹھایا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے فتنۃ الہندستان کے خلاف کامیاب آپریشنز کا ذکر اسی حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ بلوچستان کو نہ صرف اندرونی بلکہ بیرونی چیلنجز کا بھی سامنا ہے۔ ملک دشمن قوتیں صوبے کے لوگوں کے احساس محرومی کا فائدہ اٹھا کر انہیں قومی دھارے سے دور کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اس سے نہ صرف امن وامان کی صورتحال خراب ہوتی ہے بلکہ تعمیر وترقی کے عمل میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ آرمی چیف کے اس دورے میں سب سے اہم نکتہ ان کی جانب سے سول اور فوجی قیادت کے درمیان مشترکہ کوششوں پر زور دینا تھا بلوچستان کے مسائل کا حل صرف ایک ادارے کے ذریعے ممکن نہیں، بلکہ اس کے لئے سبھی اسٹیک ہولڈرز کا ایک ساتھ مل کر کام کرنا ضروری ہے اس دورے میں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ بلوچستان میں اچھی گورننس، انفراسٹرکچر کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقیاتی اقدامات کی ضرورت ہے جس کی اہمیت پر فیلڈ مارشل نے بھی زور دیا ہے بلوچستان کے چھوٹے بڑے جتنے بھی مسائل ہیں ان سے نمٹنے کے لئے فکری اور عملی یکسوئی، اتحاد واتفاق اور ہم آہنگی کی ضرورت ہے فکری وعملی ہم آہنگی اور دوٹوک عملی اقدامات کی بدولت صوبے کو ترقی خوشحالی اور استحکام کی منزل تک پہنچنے میں دیر نہیں لگے گی۔ خبر کے مطابق آرمی چیف کو جاری ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی واقتصادی حالات کو بہتر بنانے کی کوششوں پر بریفنگ دی گئی گوادر پورٹ، گوادر ایکسپریس وے، اور دیگر انفراسٹرکچر منصوبے اس صوبے کو نہ صرف معاشی خوشحالی کی طرف لے جائیں گے بلکہ ملک کو علاقائی تجارت کا مرکز بھی بنائیں گے۔ یہ منصوبے نہ صرف مقامی لوگوں کو روزگار کے نئے مواقع فراہم کریں گے بلکہ ان کے معیار زندگی کو بھی بہتر بنائیں گے۔ تاہم، ان منصوبوں کی کامیابی کے لئے حکومت اور متعلقہ اداروں کو مقامی لوگوں کی شمولیت کو یقینی بنانا چاہئے بلوچستان کے عوام ترقی چاہتے ہیں اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور وہ تعمیر وترقی چاہتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ وہ کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں، گروہ بندیوں اور تقسیم سے بالاتر ہو کر ملک اور صوبے کے لئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ انہیں تعلیم، صحت اور دیگر سماجی شعبوں میں فعال کردار ادا کرنا چاہئے۔ مقامی قیادت کو بھی چاہئے کہ وہ عوامی مسائل کو حل کرنے کے لئے حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے اور کسی بھی قسم کی انتشار پھیلانے والی سرگرمیوں کا حصہ نہ بنے بلوچستان کے مسائل کا حل ایک رات میں ممکن نہیں ہے۔ اس کے لئے ایک طویل المدتی اور جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے جو سیاسی، معاشی اور سماجی پہلوؤں کا احاطہ کرے۔ بلوچستان کی سیاسی قیادت کو اپنے داخلی اختلافات کو ختم کر کے صوبے کی ترقی کے لئے ایک مشترکہ ایجنڈا اپنانا چاہئے صوبے کے دور دراز علاقوں میں تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جانی چاہئے مقامی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے پیشہ ورانہ تربیت کے مراکز قائم کئے جائیں صوبے میں ایک موثر اور فوری انصاف کا نظام قائم کیا جائے قدرتی وسائل کی آمدن کا ایک بڑا حصہ صوبے کی ترقی پر خرچ کیا جائے بلوچستان کی ترقی کا سفر صرف سڑکوں، عمارتوں اور پلوں کی تعمیر تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ ایک فکری اور عملی تبدیلی کا سفر ہے جہاں ہر فرد کی شمولیت ضروری ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یہ دورہ اور ان کا وژن ایک امید کی کرن ہے کہ بلوچستان کے عوام کی محرومیاں دور ہوں گی اور وہ پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں گے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے نہ صرف سول اور ملٹری قیادت بلکہ پوری قوم کی یکسوئی اور فکری وعملی ہم آہنگی از حد ضروری ہے۔ آج پاکستان اور خاص طور پر بلوچستان کو اسی عزم اور یکجہتی کی ضرورت ہے کہ ہم ایک قوم ہیں اور ایک ہی وژن کے تحت کام کر رہے ہیں بلوچستان کی محرومیوں اور مسائل کی داستان بھلے طویل ہے مگر یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ بلوچستان کے جملہ مسائل خواہ وہ سماجی ہوں، سیاسی یا پھر معاشی ان کا حل ممکن ہے اور ان مسائل کے حل کے لئے دوٹوک عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے یہ کوششیں اور کاوشیں بارآور ثابت ہوں گی اور بلوچستان اگلے چند برسوں میں ایک نئی انگڑائی لے کر سامنے آئے گا جس کا قومی تعمیر وترقی میں اپنا ایک کلیدی کردار ہوگا۔

رہائی بھی ملے گی کیا؟

قرطاس

ناصف اعوان

بانی پی ٹی آئی کو عدالت عظمیٰ کی طرف سے نو مئی کے مقدمات میں ضمانت مل چکی ہے مگر کیسز ختم نہیں ہوئے لہٰذا پی ٹی آئی کے کارکنان کو زیادہ خوش نہیں ہونا چاہیے کہ صورتحال تبدیل بھی ہو سکتی ہے۔ یہ درست ہے کہ جس کیس میں ضمانت ملتی ہے وہ کمزور سمجھا جاتا ہے مگر اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ اس میں بریت بھی یقینی ہوتی ہے؟ سوال یہ ہے کہ کیا خان کے ساتھ کوئی ڈیل ہو چکی ہے یا عالمی سطح پر یہ تاثر دینے کے لئے کہ یہاں کا نظام انصاف میرٹ پر ہی فیصلے کرتا ہے یعنی یہ جو سمجھا گیا ہے کہ ملک میں قانون کی بالادستی نہیں وہ غلط ہے۔ جو بھی ہے پی ٹی آئی کو یقیناً بہت بڑا ریلیف ملا ہے اور نو مئی کا بیانیہ اب حکومت کے لئے طعنہ نہیں رہا لہٰذا کہا جا رہا ہے کہ وہ کوئی نئی حکمت عملی اختیار کرے گی مگر بعض اہل دانش کے مطابق سیاسی منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے کچھ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ سیٹ اپ اسی طرح رہے گا کیونکہ کوئی بھی خان کی رہائی کو اپنے لئے مناسب وسود مند نہیں سمجھتا لہٰذا اسے کسی اور مقدمے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟ شاید اس حوالے سے غور بھی کیا جا رہا ہو۔

عطا تارڑ نے تو واضح طور سے کہہ دیا ہے کہ ان کی رہائی ممکن نہیں؟

انہیں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ عالمی حالات اب روایتی نہیں رہے بدل رہے ہیں۔ عوام کی غالب اکثریت عمران خان کے ساتھ ہے اسے نظر انداز کرنا آسان نہیں جمہوریت پر یقین رکھنے والے ممالک اور ان کے شہری پاکستان میں بھی جمہوری نظام کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں لہٰذا ضمانتوں کو اسی تناظر میں دیکھا جائے۔

خیر اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھنے والوں کو اس بات پر بڑی حیرت ہو رہی ہے کہ کل تک تو انہیں یہ لگ نہیں رہا تھا کہ کوئی انہونی ہو سکتی ہے کیونکہ ان کے نزدیک میدان سیاست میں دور دور تک کسی سائیکلون کے چلنے کا کوئی امکان نہیں تھا وہ شاید بھول جاتے ہیں کہ یہاں کی سیاست ہو یا اقتدار ان سے متعلق قطعی کوئی رائے قائم نہیں کی جا سکتی کہ سیاستدان وحکمران کچھ سوچ رہے ہوتے ہیں اور اہل اختیار کچھ اور لہٰذا وہ چاہ رہے ہوں گے کہ طاقت کا توازن بگڑنے نہ پائے مگر حکمرانوں کو شاید یہ وارے میں نہیں ہوگا وہ تو طویل عمر کے ساتھ اقتدار بھی طویل چاہتے ہوں گے تاکہ زیادہ وقت ملنے پر وہ اپنی کمیاں کوتاہیاں دور کر سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں نئے نئے پروگرام سامنے لا رہی ہیں طرح طرح کی حکمت عملیاں اختیار کر رہی ہیں مقصد ایک ہی ہے کہ کسی طرح وہ کھوئی ہوئی مقبولیت واپس لے آئیں مگر ہم پہلے بھی اپنے کسی کالم میں عرض کر چکے ہیں کہ اب تیر کمان سے نکل چکا ہے عوام کی اکثریت عمران خان کو اپنا لیڈر ہی نہیں مرشد تسلیم کر چکی ہے

اس صورت میں حکومت کی کارکردگی بہت بہتر بھی ہو جاتی ہے تو بھی وہ دلوں میں آئی دراڑوں کو نہیں جوڑ سکے گی ورنہ جب حکومت چھوٹے چھوٹے ریلیف دے رہی ہے تو اس سے پی ٹی آئی کی مقبولیت میں کافی کمی آ جانی چاہیے تھی مگر ایسا نہیں ہوا وہ جوں کی توں موجود ہے لہٰذا عین ممکن ہے اہل اختیار نے یہ فیصلہ کر لیا ہو کہ اب ملک میں پائے جانے والے سیاسی تناؤ کو ختم نہیں تو کم کیا جائے تاکہ عالمی سطح پر جمہوری ہونے کا تاثر ابھر سکے!

بہرحال عوامی رائے کو یکسر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اسے قابل احترام سمجھنا لازم ہو چکا ہے اسی پس منظر میں سیاست کچھ کچھ بدلا بدلا سا دکھائی دینے لگا ہے مگر ہمارا تجزیہ ہے کہ ابھی رہائی مشکل ہوگی "فریقین" آپس میں مل بیٹھیں گے کیونکہ خان کی رہائی کوئی بھی نہیں چاہتا حتیٰ کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت بھی نہیں چاہتی کہ وہ باہر آئے وجہ اس کی یہ ہے کہ ان کا کام خوب چل رہا ہے ان کی موجیں لگی ہوئی ہیں اور ان کی بڑی شہرت بنی ہوئی ہے لہٰذا بانی پی ٹی آئی جلد رہا نہیں ہو سکتے مگر یہ ہے کہ ان کے لئے کچھ نرمی ضرور پیدا ہو سکتی ہے کہ ان کے چاہنے والے تھوڑی آسانی سے ان سے ملاقات کر سکیں گے یوں ان کے کارکنوں میں جو جذبات کا طوفان اٹھا ہوا ہے وہ تھم سکے گا کیونکہ ملک کی معاشی حالت اس امر کی اجازت نہیں دیتی کہ یہاں شور شرابا ہو اور باہر کی کمپنیاں سرمایہ کاری سے ہچکچائیں اس کے بجائے وہ دوسرے ترقی پذیر ملکوں کا رخ کریں۔ بہت ہو چکا سیاسی کھیل تماشا اب یہ ختم ہو جانا چاہیے تاکہ عام زندگی میں ایک ٹھہراؤ آ سکے۔ اس وقت جو کشیدگی پائی جاتی ہے اس سے سماجی ڈھانچہ بے حد متاثر ہے جدھر دیکھو چھینا جھپٹی ہے ایک دوسرے کو دھوکا دیا جا رہا ہے اپنی بقا کے لئے دوسروں کے متاثر ہونے کو مدنظر نہیں رکھا جاتا۔ بس یہی بات ذہن پر سوار ہے کہ جیسے تیسے مال وزر اکٹھے کرو۔ اس طرح کیسے ملک آگے بڑھ سکتا ہے لہٰذا عرض ہے کہ اقتدار کے حصول میں ملک کے مفادات کو ہی پیش نظر رکھا جائے عوام کے مسائل کو ترجیحاً حل کرنے کی جانب بڑھا جائے وہ اتنے گمبھیر ہو چکے ہیں کہ اب انقلاب کا تقاضا کر رہے ہیں سطحی اور وقتی حل سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا اور پھر قرضے لے کر کب تک نظام معیشت کی گاڑی کو رواں رکھا جا سکتا ہے لہٰذا ایک بڑی سیاسی جماعت کو ہمراہ کر کے ملک کی دیرینہ مشکلات پر سوچ بچار کر کے قابو پانے کی کوشش کی جائے۔ شاید ایسی سوچ کہیں پیدا ہو چکی ہے اسی لئے نئی صبح کے آثار دکھائی دینے لگے ہیں۔ جاوید خیالوی کے مطابق جب تک دوسرے کیسز بارے کوئی مثبت پیش رفت نہیں ہوتی کارکنان پی ٹی آئی کو بغلیں نہیں بجانا چاہیے کیونکہ وہ کسی طور بھی قابل قبول نہیں اور یہ تاثر اب گہرا ہو چکا ہے کہ اگر خان رہا ہو گیا تو اس نے ستم ڈھانے والوں کو چھوڑنا نہیں لہٰذا انہیں ریلیف تو مل سکتے ہیں رہائی فی الحال نہیں ہاں رہائی اس صورت میں ممکن ہے جب وہ کثیر تعداد میں سڑکوں پر آ کر احتجاج کریں گے لہٰذا کہا جا سکتا ہے "ہنوز دلی دور است"

جاوید خیالوی کی بات بڑی حد تک ٹھیک معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ معمولی تبدیلی سی ہوئی ہے اصل معاملہ کچھ اور ہے لہٰذا جن کے بارے میں خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ وہ جانے والے ہیں اور "وہ" آنے والے ہیں درست نہیں سب موجود ہیں اور رہیں گے کب تک اس کا کوئی علم نہیں لہٰذا چلتے جایئے فریاد کرتے جایئے کسی روز یقیناً سنی جائے گی۔

سیلاب، موسمیاتی بحران، فوج کا ردعمل اور حل

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

"میں کسی کو نہیں چھوڑوں گا"— کب سیکھیں گے سبق؟

منظر نامہ

بیرسٹر عثمان علی

سید علی ہجویری کے ہزار سال

جلسہ عام

مجیب الرحمان شامی

علاقائی طاقت کا بدلتا توازن

وفاق نامہ

رشید صافی

جنون کے راستے بدلے نہیں

اظہار خیال



ایاز امیر

"فیلڈ مارشل سید عاصم کا تربت بلوچستان کا دورہ"

افکار زاہدی



نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرأت نے گذشتہ دنوں تربت، بلوچستان کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس دورے کا مقصد موجودہ سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لینا، ترقیاتی اقدامات کا معائنہ کرنا اور بلوچستان کے استحکام وخوشحالی کے لیے عسکری و سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ دورے کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر کو سیکورٹی صورتحال، فتنۃ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز، جاری ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی ومعاشی بہتری کی کوششوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے ملاقات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سول اور عسکری اداروں کے باہمی تعاون کو ضروری قرار دیا اور جنوبی بلوچستان کی سماجی ومعاشی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آرمی چیف نے بلوچستان کے عوام کے ساتھ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ خطے میں پائیدار امن ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سول وملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ فوجی جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ان کے بلند حوصلے، عملی تیاری اور قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ انہوں نے مشکل حالات میں امن واستحکام قائم رکھنے میں ان کے کردار کی تعریف کی۔ قبل ازیں تربت پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کور کمانڈر، بلوچستان نے استقبال کیا۔

سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو پاکستان کے گیارویں آرمی چیف کی ذمہ داری سنبھالی تو اس وقت ملک سخت معاشی چیلنجز کا شکار تھا اور دہشت گردی کا عفریت بھی موجود تھا۔ سپہ سالار نے نہ صرف جرائم، اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف فیصلے کیے بلکہ ملک کی عالمی ساکھ کو بہتر بنانے کے لیے سفارتی اقدامات بھی کیے۔ انہوں نے پاک فوج کی صلاحیت اور استعداد میں اضافہ کیا جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیزی نے ریکارڈ قائم کیے۔ مہنگائی کم ہوئی۔ غیر قانونی افغانیوں کو نکالنے کی وجہ سے پاکستان میں جاری دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی۔ آپ پاکستان کے وہ واحد آرمی چیف ہیں جنہوں نے ملٹری انٹیلی جنس (M I) اور انٹر سروسز انٹیلی جنس (ISI) دونوں کی قیادت کی، اور وہ پہلے آرمی چیف ہیں جنہیں "اعزازی تلوار" ملی۔ مگر مئی 2025 میں خدائے لم یزل نے آپ کو پوری امت مسلمہ کا ہیرو بنا دیا۔ یہ ماہ پاکستان کی تاریخ میں ہی نہیں دنیا کی عسکری تاریخ میں اب وہ حیثیت اختیار کر چکا ہے جسے آنے والی نسلیں بھی شاید ہی بھلا پائیں۔ چھ اور سات مئی کی رات بزدل بھارت نے پاکستان کے چھ مقامات پر میزائل حملے کیے۔ پاکستان کی غیور اور بہادر افواج کے لیے یہ ایک غیر معمولی چیلنج تھا، چنانچہ پاک فوج نے آرمی چیف کی جرأت مندانہ قیادت میں معرکہ حق "آپریشن بنیان مرصوص" کے تحت دشمن بھارت کو دندان شکن جواب دیتے ہوئے چند گھنٹوں میں اس کو اس عبرتناک شکست سے دوچار کیا کہ جسے وہ صدیوں بھلا نہیں پائے گا۔

20 مئی 2025ء کو معرکہ حق "آپریشن بنیان مرصوص" میں اپنی غیر معمولی قیادت، تزویراتی صلاحیتوں کے اعتراف میں فیلڈ مارشل کا منصب پانے والے سید عاصم منیر کی قابلیت کی دنیا معترف ہوئی معروف عالمی جریدے "واشنگٹن ٹائمز" نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مرد آہن قرار دیا۔ واشنگٹن ٹائمز نے انہیں انتہائی مضبوط اعصاب کے مالک اور سخت فیصلے لینے کی بھرپور صلاحیت رکھنے والا انسان قرار دیا۔ واشنگٹن ٹائمز نے لکھا کہ امریکہ میں فیلڈ مارشل کو جنوبی ایشیا کی سلامتی کے لیے بااثر ترین شخصیت کے طور پر دیکھا جاتا ہے، آرمی چیف ایک پیشہ ور، خاموش طبع اور نظم وضبط کے پابند فوجی افسر سمجھے جاتے ہیں۔ مزید لکھا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خود نمائی اور سیاست میں دلچسپی نہیں، پاک بھارت کشیدگی کے دوران ان کی عوامی مقبولیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ فروری 2025ء میں انہیں برطانیہ میں رائل ملٹری اکیڈمی سینڈ ہرسٹ میں "ریجنل اسٹیبلائزیشن کانفرنس" میں شرکت کے موقع پر گارڈ آف آنر دیا گیا۔ 13 اگست 2025ء کو آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی جانب سے فرسٹ ڈپٹی وزیر دفاع اور چیف آف جنرل اسٹاف کی اہم ملاقات کی، اور آپ کو "پیٹریاٹک وار میڈل" عطا کیا گیا۔ معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص میں ذلت آمیز شکست اٹھانے کے بعد بھارت نے بلوچستان میں اپنی

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔اوور لنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" کوئی ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

داخلے جاری ہیں
ڈسپنسر، ویکسینیٹر، میڈیکل ٹیکنیشن، سی ٹی اسکین، آئی، او ٹی، ڈایالائسز، ڈینٹل، الٹراساؤنڈ، ایکسرے، انستھیزیا، لیبارٹری ٹیکنیشنز ایک اور دو سالہ ٹیکنیشنز ڈپلومہ برائے پیرامیڈیکل کورسز ایوننگ اور مارننگ کلاسز سیشن ستمبر 2025 میں برائے میل فی میل تعلیمی قابلیت میٹرک محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں داخلہ فارم پر وفیشنلز اکیڈمی فارمیڈیکل سائنسز اینڈ ہیومن کیئر، ڈاکٹر شیر محمد روڈ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں
رابطہ 0812821071/03337828917
سائرہ گل ستاف ....

اوتھل: انٹرنیٹ سروس بحال، عوام کی پذیرائی
اوتھل (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات صادر کرنے کے بعد بلوچستان کے بعض پرامن علاقوں میں جزوی انٹرنیٹ کی سروس کو بحال کر دیا گیا لیکن پورے انٹرنیٹ سروس کی بندش کے سبب طلبہ، آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد اور روزمرہ کے کام کرنے والے شہری شعبہ صحافت سے وابستہ صحافیوں کو بھی خبروں کی ترسیل، موبائل سروس کے ذریعے آن لائن ٹرانزیکشن میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

ماں کے دودھ کی اہمیت و افادیت: اسلامی، طبی اور سماجی پہلو
ہر سال دنیا بھر میں اگست کے مہینے کو "ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت" کے طور پر منایا جاتا ہے۔ محکمہ صحت اور دیگر ادارے سیمینارز، آگاہی واک اور تقاریب کا اہتمام کرتے ہیں تاکہ عوام، والدین اور بالخصوص نئی ماؤں کو یہ شعور دیا جائے کہ بچے کے لیے سب سے اہم اور قیمتی غذا ماں کا دودھ ہے۔ یہ وہ نعمت ہے جس کو سائنس بھی "قدرتی ٹیکہ" قرار دیتی ہے اور

ہیلتھ ایجوکیشن سیل محکمہ صحت حکومت بلوچستان

اسلام بھی اسے بچے کا بنیادی حق سمجھتا ہے۔ قرآن وسنت میں ماں کے دودھ پلانے پر زور دیا گیا ہے اور ماہرین طب کے مطابق یہی غذا بچے کے جسمانی، ذہنی اور روحانی ارتقاء کی بنیاد ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ جدید میڈیکل سائنس جتنی بھی ترقی کر لے، ماں کے دودھ کا نعم البدل آج تک تیار نہیں کر سکی۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) بھی پہلے چھ ماہ صرف ماں کا دودھ پلانے کی تلقین کرتا ہے۔
اسلامی نقطہ نظر: اسلام نے صدیوں پہلے ہی ماں کے دودھ کی اہمیت کو اجاگر کر دیا تھا۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں" (البقرہ: 233) یہ آیت مبارکہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ماں کا دودھ پلانا نہ صرف فطری عمل ہے بلکہ شریعت کی روشنی میں بچے کا بنیادی حق بھی ہے۔ حضور ﷺ نے بھی فرمایا کہ "بچے کے لیے بہترین رزق ماں کا دودھ ہے"۔ اس طرح یہ عمل نہ صرف ایک حیاتیاتی ضرورت ہے بلکہ عبادت کے زمرے میں بھی آتا ہے۔ اسلامی معاشرے میں ماں کا دودھ پلانا نہ صرف بچے کی جسمانی پرورش بلکہ اس کی اخلاقی تربیت کا بھی ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ ماؤں کو اس عمل پر ثواب بھی ملتا ہے اور بچے کو بہترین بنیاد فراہم ہوتی ہے۔
طبی پہلو: سائنس نے ثابت کیا ہے کہ ماں کے دودھ میں وہ تمام غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں جو بچے کے لیے ضروری ہیں۔
قدرتی حفاظتی ٹیکہ: ماں کے دودھ میں اینٹی باڈیز ہوتے ہیں جو نومولود کو بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔
متوازن غذا: اس میں پروٹین، کیلشیم، وٹامنز اور معدنیات کی وہ مقدار موجود ہے جو بچے کی جسمانی نشوونما کے لیے ناگزیر ہے۔
ذہنی نشوونما: ماہرین کے مطابق جو بچے ماں کا دودھ پیتے ہیں وہ زیادہ ذہین اور ذہنی طور پر مستحکم ہوتے ہیں۔ 6 مہینے تک صرف اور صرف ماں کا دودھ پلانا ضروری اور چھ مہینے کے بعد اضافی نرم غذا، دینا بھی لازمی ہے اور 2 سال تک ماں کا دودھ جاری رکھیں۔
ماں کے لیے فائدے: دودھ پلانے والی ماؤں کو بریسٹ کینسر، رحم کے کینسر اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ میں مدد ملتی ہے۔ ساتھ ہی زچگی کے بعد صحت کی بحالی بھی تیز ہو جاتی ہے۔
ماں کا دودھ صرف جسمانی غذا نہیں بلکہ بچے کے ساتھ ایک جذباتی رشتہ ہے۔ دودھ پلانے کے دوران ماں اور بچے کے درمیان محبت، سکون اور اعتماد کا تعلق پروان چڑھتا ہے۔ یہی تعلق مستقبل میں بچے کی شخصیت کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دوسری جانب یہ عمل سماجی طور پر بھی فائدہ مند ہے۔ فارمولا ملک (ڈبے کا دودھ) اور دیگر مہنگی غذاؤں کے مقابلے میں ماں کا دودھ غریب سے غریب تر گھرانے کو بھی یہ سہولت فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو بہترین غذا دے سکیں۔
محکمہ صحت اور آگاہی مہمات: پاکستان، بلوچستان سمیت دنیا بھر میں اگست کا مہینہ اس حوالے سے منایا جاتا ہے کہ والدین کو یاد کرایا جائے کہ ماں کے دودھ کا نعم البدل ممکن نہیں۔ محکمہ صحت ہیلتھ ایجوکیشن سیل کی جانب سے سیمینارز، آگاہی واکس اور تقاریب کا انعقاد اس مقصد کے لیے کیا جاتا ہے تاکہ معاشرے میں شعور بیدار کیا جا سکے۔ یہ اقدامات نہایت ضروری ہیں کیونکہ آج کی مصروف زندگی میں بعض مائیں مختلف وجوہات کی بنا پر بچوں کو ماں کے دودھ سے محروم کر دیتی ہیں۔ آگاہی مہمات کے ذریعے انہیں یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ اس عمل کے روحانی، جسمانی، ذہنی اور معاشرتی فوائد کتنے بڑے ہیں۔
ماں کا دودھ ایک ایسی عظیم نعمت ہے جو نہ صرف بچے کی جسمانی اور ذہنی ارتقاء کے لیے بنیادی ضرورت ہے بلکہ اسلام کے مطابق یہ ایک فطری اور بابرکت عمل بھی ہے۔ اگست کے مہینے میں ہونے والی آگاہی مہمات ہمیں یہ پیغام دیتی ہیں کہ بچے کو زندگی کی بہترین شروعات صرف ماں کا دودھ ہی دے سکتا ہے۔ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس عمل کو فروغ دیں، محکمہ صحت ہیلتھ ایجوکیشن سیل کا ساتھ دیں، ماؤں کو شعور دلائیں اور معاشرے میں یہ احساس اجاگر کریں کہ کوئی بھی غذا ماں کے دودھ کا نعم البدل نہیں۔

اوستہ محمد: بازار میں تجاوزات کے باعث ٹریفک جام، شہری شدید مشکلات کا شکار

اوستہ محمد شہر میں ٹریفک جام سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا
شہریوں کا حکام سے نوٹس لینے اور ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کا مطالبہ
اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد شہر میں ٹریفک کا جام معمول بن چکا ہے، جس سے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق استہ شہر میں ٹریفک کا نظام درہم برہم شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس کی جانب سے قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہیں ہو رہی، جو کہ ایک سوالیہ نشان ہے، روزانہ ٹریفک جام ہونے سے کاروبار متاثر ہوتا ہے رش بڑھ جاتی ہے ٹریفک پولیس شہر کے باہر گاڑیوں سے بھتہ خوری میں لگے رہتے ہیں شہریوں نے ایس ایس پی ٹریفک سے فوری نوٹس لینے اور ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کا مطالبہ کیا ہے ملوث ٹریفک پولیس جو بھتہ خوری میں ملوث ہیں ان کے خلاف کارروائی کریں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔

امن و امان قائم رکھنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، سی سی چمن
بائی پاس تھانے کا دورہ کیا، سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا، حاضریاں چیک کیں
چمن (ن ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے بائی پاس تھانے کا دورہ کیا اور وہاں تعینات اہلکاروں کے ساتھ سیکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے سٹاف کی حاضریاں بھی چیک کی بعد ازاں اے سی چمن نے لیویز فورس کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں ناکہ بندی کے دوران مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں، گاڑیوں کی جامہ تلاشی اور تفتیش کا سلسلہ جاری رکھا اس دوران انہوں نے کئی گاڑیوں کے شیشوں سے بلیک پیپر اتروائے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ امن وامان قائم رکھنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لیے انتظامیہ تمام ضروری اقدامات اٹھا رہی ہیں اور عوام کو چاہیے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے سماج اور امن دشمن عناصر کی سرکوبی کی جا سکے۔

اسلحہ بردار افراد کو اوستہ محمد شہر میں آنے سے روکا جائے، عوامی مطالبہ
نصیر آباد ڈویژن میں دفعہ 144 لگائی کر اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی عائد کی جائے
اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد اور نصیر آباد ڈویژن میں قبائلی دشمنیاں شدت اختیار کر گئیں قبائلی دشمنی والوں کو اسلحہ سے لیس شہر میں آنے نہیں دیا جائے۔ خاص کر کے اوستہ محمد میں پابندی لگائی جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت بلوچستان کو چاہیے نصیر آباد ڈویژن میں دفعہ 144 لگائیں اور اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی عائد کی جائے اور خاص کر کے اوستہ محمد میں سختی کی جائے کیونکہ یہاں پر قبائلی دشمنی بہت زیادہ ہیں تین چار واقعات میں شہری قتل ہوئے یا زخمی ہوئے جو حال میں دشتی جمالی واقع میں پانچ شہری زخمی ہوئے حکومت قبائلی جھگڑوں کے لوگوں کو شہر میں نہ چھوڑیں اس وقت تین چار جھگڑے بہت خراب قسم کے ہیں جن میں جمالیوں کے آپس میں۔ مختلانی۔ دشتی۔ چھپرانی جمالیوں کے آپس میں عمرانی جتوانی کیتو جتوانی کے آپس میں جھگڑے چل رہے ہیں جو انتہائی خراب جھگڑے چل رہے ہیں اس کے علاوہ اور اقوام کے جھگڑے چل رہے ہیں اور اگر دوبارہ کوئی ایسا جھگڑا ہوا تو کئی شہری اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے اس لیے حکومت کو چاہیے ایسے قبائلی جھگڑوں پر مکمل پابندی لگوائیں تاکہ امن قائم ہو سکے۔

بی این پی کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس 2 ستمبر کو منعقد ہوگا
سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کا یہ اجتماع خضدار پریس کلب میں ہوگا
خضدار (آن لائن) بی این پی کے سی سی ممبر سابقہ ایم این اے میر عبدالرؤف مینگل کے رہائش گاہ پر اجلاس منعقد ہوا۔ 2 ستمبر کو خضدار میں تعزیتی ریفرنس بمقام خضدار پریس کلب میں منعقد ہوگا 2 ستمبر راہشون بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کی چوتھی برسی کے سلسلے میں مشاورتی اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا۔ بی این پی کے ضلعی نائب صدر نور احمد مینگل نے اجلاس کی صدارت کی جبکہ مہمان خاص پارٹی کے مرکزی رہنما سی سی ممبر و سابقہ ایم این اے میر عبدالرؤف مینگل تھے اجلاس کی کارروائی کے فرائض غلام نبی ایڈووکیٹ نے انجام دی۔ تعزیتی ریفرنس پریس کلب خضدار میں ہوگا۔ جس کیلئے بھرپور تیاریاں جاری ہے پارٹی کے تمام تحصیلوں کے عہدیداروں اور، یونٹ سیکرٹریز، ڈپٹی یونٹ سیکرٹریز، ضلعی کونسلران اور پارٹی کے دیگر ساتھیوں سینئر رہنماؤں سے گزارش کی گئی ہیں کہ اپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ مشاورتی اجلاس میں مرکزی رہنما میر عبدالرؤف مینگل بی این پی کے ضلعی نائب صدر نور احمد میراجی، ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالنبی بلوچ، ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ غلام نبی مینگل، تحصیل صدر میر سفر خان مینگل، سونا خان مینگل، محمد ایوب عالیزئی، میر صادق غلامانی، شفیق مینگل، علی احمد شاہوانی، ماما نور محمد مینگل، حاجی منیر رند، عبدالمنان مینگل، وسیم غلامانی، یعقوب مردوئی، کونسلر سٹیل کمار و دیگر سینئر رہنماؤں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ژوب میں بریسٹ فیڈنگ سے متعلق ایک روزہ سیمینار
پروگرام نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام یونیسیف کے تعاون سے منعقد ہوا
ژوب (این این آئی) ضلع ژوب میں بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے زیر اہتمام یونیسیف کے تعاون سے ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کے متعلق آگاہی مہم کے سلسلے میں ژوب میں ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ایم ایس ڈاکٹر سلطان، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوارڈینیٹر نعمت اللہ، چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر شفیع اللہ، گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر اقرا، بی این کوآرڈینیٹر مس نغمہ، پی پی ایچ آئی سٹاف، این اس سی سٹاف، اسکول پرنسپل سمیت دیگر خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر سیمینار سے ایم ایس ڈاکٹر سلطان، بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ژوب کے کوارڈینیٹر نعمت اللہ، چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر شفیع اللہ، گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر اقرا، بی این کوآرڈینیٹر مس نغمہ، پی پی ایچ آئی سٹاف، این اس سی سٹاف، اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ۔ ماں کا دودھ بچے کا بنیادی حق ہے اور ماں کا دودھ پلانے میں آسانی فراہم کرنا معاشرے کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہ ماں کی دودھ میں بھرپور غذائیت ہوتی ہے بچے ماں کا دودھ پینے سے صحت مند ہوتے ہیں۔

برابچہ میں طبی شعبے کی بہتری کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، اے سی
آر ایچ سی کی تعمیراتی کاموں کو جلد مکمل کیا جائے گا، ڈسپنسری کو فعال بنایا جائے گا
دالبندین (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دالبندین حبیب الرحمن ساسولی نے برابچہ میں واقع آر ایچ سی (رورل ہیلتھ سینٹر) کی عمارت کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے، اسی مقصد کے تحت برابچہ کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آر ایچ سی کی تعمیراتی کاموں کو جلد مکمل کیا جائے گا، ڈسپنسری کو فعال بنایا جائے گا، ضروری ادویات فراہم کی جائیں گی اور جلد ہی میڈیکل آفیسر سمیت عملہ تعینات کیا جائے گا تاکہ علاقے کے عوام کو علاج معالجے کے لیے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اسسٹنٹ کمشنر دالبندین نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر چاغی کی سرپرستی میں صحت اور تعلیم کے شعبوں میں ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان کے بقول حکومت اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ ترقی کا اصل راز تعلیم اور صحت کی بہتری میں ہے، اور ان دونوں شعبوں میں سہولیات کی فراہمی کے بغیر عوامی خوشحالی ممکن نہیں۔ انہوں نے مقامی عوام سے اپیل کی کہ وہ ان سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں تاکہ علاقے میں صحت اور تعلیم کے میدان میں مزید ترقی لائی جا سکے۔

قلعہ سیف اللہ: موبائل ڈیٹا سروس معطل عوام کیلئے سردرد بن گئی
طلباء، کاروباری حضرات اور صحافیوں کا فوری انٹرنیٹ سروس بحالی کا مطالبہ
قلعہ سیف اللہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ میں پچھلے 17 روز سے موبائل انٹرنیٹ سروس معطل ہونے کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ معلومات کے مطابق موبائل ڈیٹا سروس کی بندش کی وجہ سے طلبا اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں متاثر ہو رہے ہیں، کاروباری حضرات کے معاملات رک گئے ہیں اور صحافیوں کو رپورٹس تیار کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ طلبا اور دیگر صارفین نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ موبائل ڈیٹا سروس فوری طور پر بحال کی جائے تاکہ تعلیمی، کاروباری اور صحافتی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہ سکیں۔

تعلیمی اداروں کی بہتری ایک بنیادی ضرورت ہے، ضرار جمالی
اوستہ محمد (آئی این پی) گوٹھ کریم بخش جمالی میں بچیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا گیا ہے، جہاں ورلڈز پاکستان نے پی پی اے ایف کے تعاون سے گرلز پرائمری اسکول کی نئی عمارت تعمیر کر کے مقامی کمیونٹی کے حوالے کر دی۔ افتتاحی تقریب کا انعقاد ایک پروقار ماحول میں کیا گیا جس میں علاقے کی ممتاز شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی میر ضرار ناصر خان جمالی تھے، جنہوں نے فیتہ کاٹ کر اسکول کی عمارت کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ورلڈز پاکستان کے سی ای او ڈاکٹر محمد حیات جمالی کے صاحبزادے عبدالرحمن جمالی، کمیونٹی رہنما رحیم بخش جمالی، ایس ایچ او باغ ہیڈ حضور بخش جمالی، پروجیکٹ انجینئر بابر علی قمبرانی، عبدالرشید قمبرانی سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ اس موقع پر میر ضرار ناصر خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری اس علاقے کی ایک بنیادی ضرورت ہے، اور ورلڈز پاکستان و پی پی اے ایف کا یہ اقدام قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ "بچیوں کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی علاقے کی سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی، اور ہم سب کو مل کر ایسے منصوبوں کو آگے بڑھانا ہوگا۔" ان کا مزید کہنا تھا کہ پرانے اور خستہ حال تعلیمی اداروں کی جگہ نئی عمارتوں کی تعمیر علاقے کی روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کمیونٹی کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی شراکت داری کے بغیر ایسے منصوبے کامیاب نہیں ہو سکتے۔

قلات: بجلی کے اضافی بلوں کے خلاف ٹریڈ یونینز اور عوام سراپا احتجاج
قلات (یو این اے) کیسکو کی جانب سے بجلی کے اضافی بلوں کے خلاف آل پارٹیز ٹریڈ یونینز اور عوام سراپا احتجاج بن گئے اور شہر کے تمام کاروباری مراکز بند رہے۔ قلات میں آل پارٹیز کا اجلاس میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار میں منعقد ہوا، جس میں تمام سیاسی جماعتوں، ٹریڈ یونینز اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے اضافی بلوں کی تفصیلات بھی اجلاس میں پیش کیں۔ اجلاس کے بعد ایک پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی جو شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے بازار چوک پر احتجاجی جلسے کی شکل اختیار کر گئی۔ ریلی کی قیادت میر منیر احمد شاہوانی، حاجی عزیز مغل اور صاحبزادہ مفتی طیب حیدری نے کی۔ احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کیسکو اپنے چوری شدہ یونٹس کی بلز عوام سے وصول کرنا چاہتی ہے، زرعی ٹیوب ویلوں کو سولرز پر منتقل کرنے کے باوجود انہیں بجلی فراہم کی جا رہی ہے اور اس کے پیسے کیسکو کے اہلکار اپنے جیب میں ڈال کر اضافی یونٹس کی بلز عوام سے وصول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ دیگر اضلاع میں زرعی ٹیوب ویلوں کے سولرز پر منتقلی کے باوجود بجلی کے بل انتہائی کم ہیں، مگر قلات کے صارفین سے اضافی بل وصول کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اضافی بلوں کے خاتمے کے لیے قلات میں بروز پیر 25 اگست کو مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔

اوستہ محمد کے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، ایس ڈی پی او
پولیس اہلکار اپنے فرائض دیانت داری سے انجام دیں، غفلت پر محکمانہ کارروائی ہوگی
اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد عوام کی جان و مال کی تحفظ کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا پولیس اہلکار اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ سرانجام دیں غفلت کرنے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی ہوگی جرائم پیشہ عناصر کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو انہیں قانون کی گرفت میں لائیں گے ان خیالات کا اظہار ایس ڈی پی او سرکل اوستہ محمد میر داؤد خان کھوسہ نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر ایس ایچ او سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی سی آئی اے انچارج مقبول احمد جمالی 15 مددگار فورس کے انچارج حاجی خان لاشاری بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے پولیس گشت میں اضافہ داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ چیکنگ کے دوران عوام پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرے داؤد کھوسہ نے مزید کہا کہ آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی نصیر آباد ریجن اور ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ امن وامان میں خلل ڈالنے والے عناصر حوالات کی ہوا کھائیں گے ایس ڈی پی او داؤد کھوسہ نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ میں کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی پولیس اہلکار اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ سرانجام دیں اور مظلوم کی فوری داد رسائی کو یقینی بنائیں ڈیوٹی سے غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد کی عوام نے ہمیشہ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کی ہے انشاء اللہ عوام کی تعاون سے جرائم پیشہ عناصر کے لیے اوستہ محمد کی سرزمین تنگ کر دی جائے گی ایک سوال پر ایس ڈی پی او محمد داؤد کھوسہ نے کہا کہ اوستہ محمد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج VI کوئٹہ

جمشید مسعود بنام محمد عثمان — دعویٰ ریکوری
محمد عثمان ولد فدا محمد ساکنہ آفریدی گلی دلازاک روڈ شنواری سرائی پشاور
موبائل 0331-9240003 CNIC # 17301-2735313-3
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت 09/09/25 مقرر ہے۔ یہ کہ مقدمہ ہذا میں مسئول علیہ نوٹس کی وصولی و تعمیل سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں ہے ایں۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقدمہ ہذا کی بابت عدالت ہذا میں پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
آج بتاریخ 23/08/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
61963

سبی میں ضلعی وڈویژنل سطح پر مقابلہ نعت خوانی
15 سال سے کم عمر کے طلبا وطالبات نے پہلی پوزیشن اپنے نام کر لی
سبی (اے این این) کل پاکستان مقابلہ نعت خوانی کے سلسلے میں ضلعی ڈویژنل سطح پر مقابلہ نعت گورنمنٹ ہائی اسکول غریب آباد سبی کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو نے کی جبکہ مہمانوں میں ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر عبدالنبی ہیچ ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر محمد طارق الماس حاجی عبدالرشد منگریو پرنسپل ڈویژنل پبلک اسکول حافظ اسد الحق ڈویژنل چیئرمین نعت کمیٹی سبی صدر حاجی زاہد طوالان قاری سلطانی سمیت اساتذہ کرام خواتین طلباء طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی مقابلہ نعت میں ججز کے فرائض نعت گو شاعر ادیب حاجی ریاض ندیم نیاز، نعیم الرزاق، نعت اکیڈمی سبی کے صدر عبدالرؤف چشتی نے سرانجام دیئے نعت مقابلوں میں شامل مختلف اسکولوں کالجز کے طلباء وطالبات نے بہترین خوبصورت آواز میں نعتیں پیش کر کے محفل کو چار چاند لگا دالے ججوں کے فیصلے کے مطابق 15 سال سے کم عمر کے طلباء وطالبات میں پہلی پوزیشن فاران ماڈرن اسکول کے محمد سعد بچیوں میں گرلز اسکول دین گڑھ حارث رینہ نے پہلی، جبکہ 15 سال سے زائد عمر کے مقابلوں میں میر جاکر خان رند یونیورسٹی کے نثار انور جبکہ بچیوں میں امرل نعت اکیڈمی سبی کی ارم سعدیہ نذیر نے اول پوزیشن حاصل کی کامیاب ہونے والے نعت گو طلباء وطالبات کوئٹہ میں ہونے والی صوبائی مقابلہ نعت خوانی میں سبی ڈویژن کی نمائندگی کریں گے مقابلہ نعت کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد انور لاشاری حاجی زاہد طوالان ودیگر نے مقابلہ نعت کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور پاک کی نورانیت اور انکی نورانی تعلیمات آخرت میں ہم گنہگاروں کے لیے شفاعت کی ضامن ہے موجودہ دور بہت نازک ہے اسلام دشمن قوتیں نوجوان نسل کو بگاڑنے کے لیے سوشل میڈیا کے ذریعے ان کے ذہنوں کو بگاڑ رہا ہے مقدس رشتوں کی پہچان ختم کی جا رہی ہے

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان کو ایگزیکٹو انجینئر محمد کاظم لونی کینال سے پی ایچ ای فیڈر کو پانی کی فراہم کے حوالے سے آگاہی دے رہے ہیں

ڈی سی پشین نے زیر تعمیر ڈیم اور RHCs کے دورے کئے
آر ایچ سی کے غیر حاضر عملے اور ناقص انتظامات پر متعلقہ اہلکاروں کو اظہار وجہ نوٹسز جاری
مرغہ زکریازئی ڈیم کی تعمیر بروقت مکمل کی جائے، سائٹ وزٹ پر کنٹریکٹر کو ہدایت
پشین (ن ن) ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی نے گزشتہ روز مرغہ زکریازئی میں زیر تعمیر ڈیم کا دورہ کیا انہوں نے زیر تعمیر ڈیم کے اہم سائٹس پر تعمیراتی کام کا جائزہ لیا ان سائٹس میں سپل وے، ڈائی ورشن ٹنل سمیت بالائی اور زیر حصوں کا بھی معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر نے کام کی بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی رفتار میں تیزی لائی جائے اور اس مقصد کے حصول کے لیے اضافی وسائل بروئے کار لائے جائیں، انہوں نے ٹیم ورکرز خصوصاً کنٹریکٹر کو تاکید کی کہ منصوبے کی ٹائم لائنز کے مطابق تکمیل کے لیے ریکوری پلان کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے، اور ڈیم کی بھرائی کیلئے درکار میٹریل ذخیرہ کرنے کے عمل میں بھی تیزی لائی جائے۔ اسی روز ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی نے گزشتہ روز آر ایچ سی عمر آباد اور آر ایچ سی کا دورہ کرتے ہوئے غیر حاضری اور ناقص انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کیا، ڈپٹی کمشنر نے طبی مراکز کا دورہ کرتے ہوئے انتظامی امور کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی سے غیر حاضر محافظین صحت کے خلاف نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کیا، جبکہ آر ایچ سی عمر آباد میں ڈیوٹی پر موجود طبی عملے کو ہسپتال میں انتظامی امور، صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور ادویات کی عدم دستیابی پر وارننگ دیتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ او پی ڈی میں آنے والے مریضوں کا ریکارڈ مرتب کیا جائے اور ہسپتال کے دیگر حصوں کی حالت بہتر بناتے ہوئے ادویات پورے کیے جائیں اور موجود میڈیسن کو اسٹور میں ایس او پیز کے تحت رکھا جائے، اور صفائی ستھرائی کے نظام کو فوری بہتر کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر منصور قاضی نے دونوں مراکز صحت میں ادویات کی کمی کو پورا کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ مریضوں کو مفت علاج معالجہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی حاضری یقینی بنائیں، ہسپتال میں علاج معالجے کے لیے آنے والے مریضوں کے ساتھ احسن طریقے سے پیش آیا کریں، بصورت دیگر سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Deputy Project Director-II, U-GPP(TBTTP), Forestry Component, has invites the electronics tender from the interested firms/ contractors of the following goods. **Tender Fee 2000/-**

S. NO	NAME OF WORK	Bid Security
1.	Forest Tree Nurseries & Plant Procurement (Live Plants & Seeds (Total Item(s) Count: 3) **TSE-252608821861**	2%

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **BASIC ELIGIBITY:** The Firms must have valid registration with Income Tax and General Sales Tax, including similar nature work experiences & Bank Statement (Turnover). Valid Registration with Income Tax& GST with active tax payer list. Other Mandatory conditions and Detail Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. The tender processing fee of Rs. 2,000 for the above mentioned tender must be deposited in the government treasury under the head of account C-03370 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by 11th September-2025, till 10:00 am through supplier dashboard. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at 11:00 am on EPPS System. **Address**: office of the Deputy Project Director-II, U-GPP(TBTTP), Forestry Component Spiny Road Quetta. Phone No: 0819213556 Email: fawadforest@gmail.com
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

AB No.186/24-8-2025

Deputy Project Director-II, U-GPP(TBTTP), Forestry Component Quetta

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

14 اکتوبر سے شروع ہونے والے وڈھ تبلیغی اجتماع کی تیاریاں جاری
اجتماع گاہ کی تیاری کے لیے تقریباً 40 ٹریکٹرز لیولنگ کا کام کر رہے ہیں
خضدار (آن لائن) 14 اکتوبر 2025 سے وڈھ میں منعقد ہونے والے عظیم الشان تبلیغی اجتماع کی تیاریاں جاری ہیں۔ اجتماع گاہ کی تیاری کے لیے تقریباً 40 ٹریکٹرز لیولنگ کا کام کر رہے ہیں [illegible] اور برکت کا ذریعہ بنائے۔

حب کینال میں پانی کے اخراج میں 60 فیصد کمی کردی گئی ہے
حب (یو این اے) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے چیف انجینئر بلک کے مطابق واپڈا کے ... حالیہ شدید بارشوں ... [illegible] پانی کے اخراج میں 60 فیصد کمی ... [illegible] اقدامات مکمل کیے جائیں گے۔

ژوب بائی پاس روڈ پر کام شروع کیا جائے، پی کے نیپ
ہیوی ٹریفک شہر کے وسط سے گزرنے کی وجہ سے شہر میں ٹریفک جام رہتا ہے
ژوب (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ... [illegible] ... ژوب بائی پاس روڈ پر کام شروع کیا جائے ... [illegible]

اوستہ محمد: انٹرنیٹ سروس معطل سے عوام کو مشکلات درپیش
تعلیمی اداروں سے لے کر کاروباری حلقوں تک ہر شعبہ متاثر ہو رہا ہے
اوستہ محمد (اے این این) ضلع اوستہ محمد میں 3G اور 4G انٹرنیٹ سروس معطل ہے، جس کے باعث شہریوں کو روزمرہ زندگی میں سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ تعلیمی اداروں سے لے کر کاروباری حلقوں تک ہر شعبہ شدید متاثر ہوا ہے۔ آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل کاروبار، سرکاری و نجی دفتری امور اور عوامی رابطوں کا نظام بری طرح مفلوج ہو چکا ہے۔ طلباء کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ کی بندش کے باعث نہ صرف ان کی آن لائن کلاسز متاثر ہو رہی ہیں بلکہ تحقیقی سرگرمیاں اور امتحانی تیاری بھی شدید متاثر ہوئی ہے۔ دوسری جانب، کاروباری افراد کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں، آن لائن مارکیٹنگ اور دیگر انٹرنیٹ پر منحصر سہولیات کی عدم دستیابی سے مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے حکومت بلوچستان، پی ٹی اے اور دیگر متعلقہ اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ضلع اوستہ محمد میں انٹرنیٹ سروس کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ عوام کو اس جدید دور کی بنیادی سہولت سے محروم نہ رکھا جائے۔

عدالتی حکم پر دالبندین میں ڈیٹا نیٹ سروس بحال
نوکنڈی (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم کے بعد ضلع چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین میں ڈیٹا نیٹ سروس بحال کر دی گئی ہے، تاہم ایم پی اے چاغی و سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کے آبائی شہر نوکنڈی میں اب تک ڈیٹا نیٹ کی بندش برقرار ہے، جس سے صارفین، کاروباری طبقے اور طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ نوکنڈی مختلف قبائل کا ایک پرامن گلدستہ ہے جو اپنی بھائی چارگی اور باہمی ہم آہنگی کی وجہ سے شہرت رکھتا ہے، مگر یہاں انٹرنیٹ کی عدم دستیابی شہریوں کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ محدود سہولیات کے باعث پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بھی دستیاب نہیں جبکہ ڈی پیز نہ ہونے کی وجہ سے نئے کنکشن لگوانا ناممکن ہے جبکہ شہریوں نے ایم پی اے چاغی محمد صادق سنجرانی سے اپیل کیا کہ وہ فوری طور پر نوکنڈی میں ڈیٹا نیٹ بحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ عوام جدید سہولیات سے مستفید ہو سکیں اور طلبہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں بلاتعطل جاری رکھ سکیں۔

ژوب میں ڈیٹا نیٹ سروس بحال کی جائے، اتحاد نوجوانان
انٹرنیٹ کی معطلی سے تمام شعبہ ہائے زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں
ژوب (آن لائن) اتحاد نوجوانان بلوچستان ضلع ژوب ضلعی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں بلوچستان بھر میں ہفتوں سے معطل انٹرنیٹ بحالی کا مطالبہ کیا گیا ہے ملک کا پسماندہ ترین صوبہ بلوچستان میں انٹرنیٹ کی معطلی افسوس ناک ہے اکیسویں صدی میں انٹرنیٹ کی معطلی سے تمام شعبہ ہائے زندگی سخت متاثر ہو رہے ہیں صوبے میں انٹرنیٹ کی معطلی سے دیگر شعبہ جات کے ساتھ کاروباری طبقہ و طلبہ و طالبات شدت سے متاثر ہو رہے ہیں اتحاد نوجوانان بلوچستان صوبائی حکومت متعلقہ محکموں کے ذمہ داران سے اپیل کرتا ہے کہ بلوچستان بھر کے تمام اضلاع میں انٹرنیٹ سروس بحال کیا جائے

پیر چھ میں 10 گھنٹے سے ٹریفک جام رہی
بولان (اے این این) بلوچستان کے علاقے ضلع بولان کی این 65 بولان قومی شاہراہ عوام و ٹرانسپورٹرز کے لیے سردرد بن چکی ہے پیر چھ کے مقام پر روڈ تنگ ہونے سے آئے روز ہیوی گاڑیوں کا گزرنا محال ہو رہا ہے جس سے آئے روز ٹریفک جام ہونا معمول بن چکا ہے ٹریفک بندش سے مرد خواتین بچے بوڑھے کو موسم گرما اور سرما میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے محکمہ این ایچ اے اور ضلعی کچھی کے ذمہ دار آفیسران لاپرواہی کی وجہ سے اندرون سندھ بلوچستان اور پنجاب سے آنے والی ٹرانسپورٹرز اور مسافر ڈپریشن کا شکار ہوتے ہیں تفصیلات کے مطابق بولان قومی شاہراہ این 65 کے علاقے پیر چھ کے مقام پر سڑک کے تنگ ہونے سے بڑی گاڑیاں خاص طور پر ہیوی ٹرانسپورٹ کو گزرنے میں شدید دشواری ہو رہی ہے اندرونی سندھ بلوچستان اور پنجاب کے درمیان سامان اور مسافروں کو آمد و رفت اسی شاہراہ سے ہوتی ہے 24 گھنٹے کی ٹریفک کو 12 گھنٹوں تک محدود کیا گیا ہے

بعثت حضور اکرم انسانوں پر اللہ تعالی کا احسان ہے، الطاف حسین
تحریک اتحاد بین السادات پاکستان سیرت النبی اجاگر کرتی رہے گی
سبی (اے این این) چیئرمین تحریک اتحاد بین السادات پاکستان سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے کہا کہ اللہ نے پیارے حبیب ﷺ کو ہمارے درمیان بھیج کر ایمان والوں پر احسان کیا ہے ہمیں روز مرہ زندگی سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں گزارنی چاہیے ربیع الاول کا مہینہ ہمیں درس دیتا ہے کہ اطاعت رسول ﷺ کی پیروی کر کے دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے زیر اہتمام جشن ولادت نبی ﷺ کو شایان شان انداز سے منایا جائے گا ریلیاں محفل نعت میلاد کے پروگراموں کی بھی نمائندگی کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جشن عید میلاد النبی ﷺ کی تیاریوں کے حوالے سے مرکزی و صوبائی ضلع عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر تحریک اتحاد بین السادات کے صوبائی نائب صدر سید سیف الرحمن شاہ صوبائی جنرل سیکرٹری سید محمد حسن شاہ چشتی۔ ڈپٹی جنرل سیکرٹری عزیز شاہ چشتی۔ چیف آرگنائزر سید مقبول شاہ۔ سبی کے سرپرست اعلی سید ولایت شاہ سید اسد اللہ شاہ سید عابد شاہ۔ ضلع کوئٹہ کے صدر سید اختر شاہ استرانہ، نائب صدر ڈاکٹر سید ضیاء الدین شاہ بھی موجود تھے قبل ازیں جشن عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان انداز سے منانے کے حوالے سے مشاورت بھی کی گئی مرکزی چیئرمین تحریک اتحاد بین السادات پاکستان سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کی جانب سے رحمت دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی سیرت کو اجاگر کرنے کے لئے سیرت کانفرنس میلاد و ریلیاں محفل نعت و میلاد النبی ﷺ کے پروگرامز میں منعقد کیے جائیں گے جشن عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان انداز سے منائیں گے انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کا ماہ ہمیں پیار محبت بھائی چارے کا درس دیتا ہے ہمیں چاہیے کہ سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دین اور دنیا میں کامیابی سے ہمکنار ہوں

سرانان، ایم پی اے سید ظفر علی آغا حافظ منیر حسنی ودیگر کلی کربلا، سکول میں ششماہی رزلٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سرانان، کربلا ہائی سکول میں ششماہی رزلٹ کی تقریب، تعلیم پر زور
رزلٹ کی رنگارنگ تقریب میں طلبہ، اساتذہ اور والدین کی بڑی تعداد شریک ہوئی
تعلیم سے محروم قومیں کبھی ترقی نہیں کرتیں، والدین بچوں کو زیور تعلیم دلائیں، سید ظفر علی آغا
سرانان (پ ر) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کربلا میں آج ایک شاندار پروگرام منعقد ہوا جس میں ششماہی رزلٹ پیش کیا گیا اور والدین کو سکول کی بہتر کارکردگی سے آگاہ کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی اسمبلی کے رکن سردارزادہ سید ظفر علی آغا تھے، پروگرام میں ڈی ای او پشین محترم فیض اللہ کاکڑ، تحصیل کربلا کے امیر مولوی منیر احمد احسنی، حاجی عبد الکبیر، نعمت اللہ بادیزئی، سید مولوی شاہ ۔۔ اللہ، غلام آغا، سیف اللہ بخاری، سید عزیز اللہ، سید زین آغا، سید حبیب آغا، سید عبید آغا، رفیع اللہ اور حماد سمیت بڑی تعداد میں معززین اور والدین نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی سردارزادہ سید ظفر علی آغا نے کہا کہ تعلیم ہی معاشرے کی ترقی اور قوم کی تعمیر کی واحد ضمانت ہے۔ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کربلا کی کارکردگی قابل تحسین ہے اور اساتذہ کی محنت و طلبہ کی لگن سے یہ ادارہ دن بدن ترقی کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور میں یقین دلاتا ہوں کہ سکول کی مزید بہتری اور سہولیات کی فراہمی کے لیے نئے منصوبوں پر عملدرآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ تعلیم سے محروم قومیں کبھی ترقی نہیں کر سکتیں، لہٰذا والدین کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں تاکہ آنے والا کل روشن اور تابناک ہو

جعفرآباد: بریسٹ فیڈنگ سے متعلق آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد
جعفرآباد (یو این اے) محکمہ صحت اور نیوٹریشن کی جانب سے ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کے حوالے سے ایک آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا۔ یہ پروگرام بچوں کی صحت، ماں کے تحفظ اور بہتر نشوونما کے لیے شعور اجاگر کرنے کے مقصد سے منعقد کیا گیا۔ میونسپل ہال ڈیرہ اللہ یار میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایچ او جعفرآباد ڈاکٹر ایاز جمالی نے کہا کہ پیدائش سے لے کر دو سال تک بچے کو ماں کا دودھ پلانا نہ صرف بچے کی جسمانی نشوونما کے لیے مفید ہے بلکہ اسے موذی امراض سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کا دودھ بچوں کو قوت مدافعت فراہم کرتا ہے اور ان کے ذاتی دفاعی نظام کو مضبوط کرتا ہے۔ نیوٹریشن پروگرام کے کوآرڈینیٹر شوکت علی جتوئی نے بتایا کہ ماں کے دودھ کے فوائد صرف بچوں تک محدود نہیں بلکہ ماں کے لیے بھی انتہائی اہم ہیں۔ ماں کا دودھ پلانے سے خواتین کو چھاتی کے کینسر کے خطرات سے تحفظ ملتا ہے اور عمومی صحت میں بھی بہتری آتی ہے۔ سیمینار میں دیگر ماہرین نے بھی بچوں کی نشوونما، خوراک اور غذائیت کے اہم نکات پر روشنی ڈالی اور والدین کو مشورہ دیا کہ وہ ماں کے دودھ کی اہمیت کو سمجھیں اور اپنے بچوں کو پیدائش کے بعد سے ماں کا دودھ ضرور دلائیں۔ پروگرام کے اختتام پر شرکاء نے واک میں حصہ لیا اور عوام میں ماں کے دودھ کے فوائد کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے پوسٹرز اور بروشر تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر شہریوں اور والدین نے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ ایسے پروگرام بچوں اور والدین دونوں کے لیے نہایت مفید ہیں

صوبے کی ترقی کیلئے قبائلی تنازعات کا خاتمہ ناگزیر ہے، سردار جاوید عزیز لہڑی
تمام قبائل باہمی افہام و تفہیم اور مثبت کردار کے ذریعے تنازعات کا خاتمہ کریں
نصیر آباد (نامہ نگار) لہڑی قبیلے کے سربراہ سردار جاوید عزیز لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار ترقی اور حقیقی خوشحالی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک قبائلی تنازعات کو ختم نہیں کیا جاتا انہوں نے کہا کہ قوموں کی زندگی کو سنوارنے اور آئندہ نسلوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ تمام قبائل باہمی افہام و تفہیم اور مثبت کردار کے ذریعے تنازعات کا خاتمہ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل نصیر آباد حاجی میر فرید الحق لہڑی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر حاجی میر فرید الحق لہڑی نے سردار جاوید عزیز لہڑی کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نہ صرف لہڑی قبیلے بلکہ دیگر برادر اقوام کے درمیان جاری تنازعات کے خاتمے کے لیے جو کردار ادا کیا ہے وہ لائق ستائش اور اعلی مثال ہے سردار جاوید عزیز لہڑی نے کہا کہ ان کی ہمیشہ سے یہ اولین کوشش رہی ہے کہ لہڑی قبیلے سمیت بلوچستان کے دیگر قبائل کے مابین جاری رنجشوں اور پرانے تنازعات کو پرامن طریقے سے ختم کر کے بھائی چارے، ہم آہنگی اور امن و امان کی فضا قائم کی جائے۔

فیلڈ مارشل کا حالیہ دورہ تربت قابل تحسین اقدام ہے، میر امداد حسین مری
نصیر آباد (نامہ نگار) سیاسی و قبائلی رہنما میر امداد حسین مری نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا حالیہ دورہ تربت اور بلوچستان کے عوام سے اظہار یکجہتی قابل تحسین اقدام ہے پاک فوج پر مکمل اعتماد کرتے ہیں ملک کی ترقی اور خوشحالی بلوچستان کے بغیر نامکمل ہے اور اس حقیقت کا اعتراف پوری قوم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کا بلوچ عوام کے ساتھ کھڑے رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ دشمن کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہو سکتی، جنرل عاصم منیر نے اپنے دورے کے دوران جو پیغام دیا وہ بلوچستان کے عوام کے دلوں میں نئی امید پیدا کرنے کا سبب بنا ہے انہوں نے کہا کہ ہم اور عوام ہمیشہ اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہر اس قوت کے خلاف متحد ہیں جو ملک کی سلامتی کے خلاف سازشیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اور بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکل گھڑی میں ریاست اور فوج کا ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی اس عزم پر قائم رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے جو نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کے لیے خوش آئند ہے۔ میر امداد حسین مری نے کہا کہ ہم پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو سلام پیش کرتے ہیں، شہدا کی عظیم قربانیاں ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں اور ہم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔

ماحول دوست بنیں اور درخت لگائیں، میر احمد نواز کھوسہ
اپنے بڑوں کے ایصال ثواب کیلئے درخت لگائیں، یہ ثواب انہیں ہمیشہ ملتا رہے گا
بھیجی پور (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما، میر احمد نواز خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ماحول کے دشمن نہیں بلکہ دوست بنیں اور درخت لگائیں۔ اپنے بڑوں کے ایصال ثواب کیلئے درخت لگائیں، جن کا ثواب انہیں ہمیشہ ملتا رہیگا۔ یاہم تب جاگیں گے جب آخیری درخت کٹ جائے گا، آخری مچھلی پکڑی جائے گی اور دریا آلودہ ہو جائیں گے تب ہمیں احساس ہوگا کہ کرنسی نوٹ نہ کھائے جا سکتے ہیں نہ پیئے جا سکتے ہیں۔ اب بھی وقت ہے درخت لگائیں اور ماحول کو بچائیں اپنی آنے والی نسلوں کو درختوں کا تحفہ دیں۔ درخت ہمارے لئے آکسیجن پیدا کرتے ہیں ہوا کو صاف شفاف رکھنے کا قدرتی ذریعہ ہیں جو زمین کے کٹاؤ کو روکتے ہوئے سیلابوں کی روک تھام کرتے ہیں سیلاب کے پانی کے بہاؤ کی روانی پر اثر انداز ہو کر اس کی تیزی کو کم کرتے ہیں جس سے زمین کا کٹاؤ اور لینڈ سلائیڈنگ میں کمی آتی ہے۔ اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے اپنے گھروں کو اپنی زرعی زمینوں کو درختوں کے زیور سے آراستہ کرتے ہوئے انہیں خوبصورت اور شاداب بنائیں۔

منشیات کے خاتمے کیلئے مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں، عاشق حسین
آل پاکستان میڈیا کونسل بلوچستان کے صدر و کانجی ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کا دورہ
دالبندین (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان میڈیا کونسل بلوچستان کے صدر وڈیرہ عاشق حسین عمرانی کا نجی ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کا دورہ دالبندین آل پاکستان میڈیا کونسل (رجسٹرڈ) بلوچستان کے صوبائی صدر، وڈیرہ عاشق حسین عمرانی نے حال ہی میں نجی ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر (Special ASO) کا خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر سینٹر کے ایڈمن کلیم اللہ آفیسر نے وڈیرہ عاشق حسین عمرانی کو ادارے کے انتظامی امور، علاج کے مراحل اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ وڈیرہ عاشق حسین عمرانی نے سینٹر میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے بحالی کے عمل کو قریب سے دیکھ کر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ ادارہ نوجوان نسل کو منشیات کے نقصانات سے بچانے اور انہیں معاشرے کا مثبت اور صحت مند فرد بنانے کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نجی ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کا عملہ جس لگن، محنت اور جذبے کے ساتھ کام کر رہا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ معاشرے کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنے کے لیے اس طرح کے اداروں کی ضرورت ہے اور میڈیا کو بھی چاہیے کہ وہ اس جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے

پیپلز پارٹی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، مرتضیٰ جمالی
اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی ڈویژن نصیر آباد کے سینئر نائب صدر میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک بھر میں متحرک ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں میر محمد عمر گورگیج کی قیادت میں پارٹی نئی توانائی کے ساتھ فعال ہو چکی ہے، اور کارکنان پارٹی منشور کو لے کر گاں گاں قریہ قریہ پہنچ رہے ہیں۔

لسبیلہ میں جنرل ہولڈاپ اور سنیپ چیکنگ کا آغاز
اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں جنرل ہولڈاپ اور سنیپ چیکنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تمام SHOs اور CIA انچارجز نے مختلف مقامات پر اس کارروائی کو فعال کیا ہے۔ SHO اوتھل جان محمد جاموٹ نے ضلعی ہیڈکوارٹرز سے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ لاکھڑا موڑ پر سنیپ چیکنگ کا آغاز کیا، جہاں موٹر سائیکلوں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کے ساتھ ڈبل سواری پر بھی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر نے کہا کہ ضلع میں امن و امان قائم رکھنا اور جرائم کی روک تھام ہماری اولین ترجیح ہے۔ سنیپ چیکنگ کا بنیادی مقصد مشکوک افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لسبیلہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار ہے اور جنرل ہولڈ اپ اسنیپ چیکنگ کی کارروائیاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔

روزنامہ مشرق

اسپورٹس

بورنی ماؤتھ: انگلش پریمیئر لیگ میں برازیلین اسٹرائیکر ایونلسن بال کو ہیڈ لگا رہے ہیں

ہنگری: گرینڈ پری کے تیسرے پریکٹس سیشن بائیکرز منزل کی جانب رواں دواں ہے

جنوبی افریقہ کو ون ڈے کی تاریخ کی سب سے بدترین شکست کا سامنا

کینگروز نے 3 بیٹرز کیمرون گرین، ٹریوس ہیڈ اور مچل مارش کی سنچریاں کی بدولت 431 رنز پہاڑ جیسا ہدف دیا صرف اوپننگ پارٹنرشپ 250 رنز رہی

ہدف کے تعاقب میں پروٹیز کی پوری ٹیم 25 ویں اوور میں 155 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی' جارحانہ کھیل پیش کرنے پر کیمرون گرین مین آف دی میچ قرار پائے

میکائے (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریلیا نے ون ڈے سیریز کے تیسرے اور آخری مقابلے میں جنوبی افریقہ کو ریکارڈ 276 رنز سے شکست دے دی۔ میکے میں کھیلے جانے والے تیسرے ایک روزہ میچ میں آسٹریلوی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں صرف 2 وکٹوں کے نقصان پر 431 رنز بنائے۔ کینگروز کی جانب سے 3 بیٹرز کیمرون گرین، ٹریوس ہیڈ اور مچل مارش نے سنچریاں اسکور کیں۔ ہدف کے تعاقب میں پروٹیز کی پوری ٹیم 25 ویں اوور میں 155 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلوی اوپنرز مچل مارش اور ٹریوس ہیڈ نے اننگز کے آغاز کے ساتھ ہی مہمان ٹیم کی باؤلرز پر لاٹھی چارج شروع کیا۔ دونوں بیٹرز نے جنوبی افریقہ کیخلاف ریکارڈ 250 رنز کی اوپننگ پارٹنرشپ قائم کی، ٹریوس ہیڈ 142 اور مچل مارش 100 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ نئے آنے والے بیٹر کیمرون گرین نے جارحانہ کھیل جاری رکھا اور صرف 55 گیندوں پر برق رفتار 118 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی جب کہ الیکس کیری بھی 50 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ پہاڑ جیسے ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقی بیٹرز میدان میں آتے ہی گھبرا گئے اور صرف 22 رنز پر مہمان ٹیم کے 5 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ چکے تھے۔ وقت فوقتاً پروٹیز کی وکٹیں گرنے کا سلسلہ جاری رہا اور پوری ٹیم 25 ویں اوور میں 155 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے آسٹریلوی کپتان مچل مارش نے کہا کہ یہ واقعی ایک زبردست دن تھا، بیٹرز نے شاندار پرفارمنس دی، لیکن جنوبی افریقہ کو کریڈٹ دینا چاہیے کہ انہوں نے پہلے 2 میچز میں شاندار کھیل پیش کیا۔ واضح رہے کہ جنوبی افریقہ نے اپنے فاسٹ باؤلرز نانڈرے برگر اور لنگی نگیڈی کو آرام دیا تھا جس کی وجہ سے ان کی سیکنڈ اسٹرنگ بولنگ لائن اپ کو آسٹریلوی بیٹرز نے تہس نہس کردیا۔ جنوبی افریقہ نے پہلے ون ڈے میچ میں آسٹریلیا کو 98 رنز اور دوسرے مقابلے میں 84 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-2 سے اپنے نام کرلی ہے۔

آسٹریلیا اور ساؤتھ افریقہ کے درمیان تیسرے ون ڈے میچ میں افریقہ کو شکست دینے کے بعد آسٹریلین کھلاڑی خوشی کا اظہار کررہے ہیں

پاکستان کرکٹ بورڈ کا امپائرز اور ریفریز کے ماہانہ معاوضے میں اضافہ

ایلیٹ پینل میں شامل میچ آفیشلز کو اب ایک لاکھ 20 ہزار کے ساتھ 10 ہزار روپے اضافی دیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے امپائرز اور ریفریز کے ماہانہ معاوضے میں اضافہ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ایلیٹ پینل میں شامل میچ آفیشلز کو اب ایک لاکھ 20 ہزار کے ساتھ 10 ہزار روپے اضافی دیے جائیں گے۔ اسی طرح سپلیمنٹری ون پینل کے لیے ایک لاکھ روپے کے ساتھ 10 ہزار روپے اضافی اور سپلیمنٹری ٹو پینل کے لیے 90 ہزار روپے کے ساتھ 10 ہزار روپے اضافی معاوضہ مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ ایلیٹ اور سپلیمنٹری پینلز میں شامل 10،10 ریفریز پر بھی لاگو ہوگا۔ پی سی بی حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد امپائرز اور ریفریز کی حوصلہ افزائی اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہے تاکہ ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل سطح پر کرکٹ مقابلوں میں معیاری آفیشیٹنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔ معاوضوں میں اضافے کے ساتھ ہی بورڈ نے سالانہ جائزے کے بعد نئے امپائرز پینل کا اعلان بھی کیا ہے۔ اس مرتبہ ایلیٹ پینل میں کسی بھی نئے امپائر کو ترقی نہیں دی گئی جبکہ گزشتہ سال کے ایلیٹ پینل سے 12 امپائرز کو ڈیموٹ کرتے ہوئے سپلیمنٹری ون پینل میں شامل کرلیا گیا۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل میں شامل احسن رضا بدستور ایلیٹ امپائر تصور ہوں گے۔ ایلیٹ پینل آف امپائرز میں آصف یعقوب، ثاقب خان، طارق رشید، ناصر حسین، راشد ریاض، عبدالمقید، محمد ساجد، عمران اللہ اسلم، عمران جاوید، غلام سرور، فیصل آفریدی، کاشف سہیل، امتیاز اقبال، خالد محمود سینئر، ذوالفقار جان اور فاروق علی خان شامل ہیں۔ دوسری جانب کئی امپائرز کو ڈیموٹ کر کے سپلیمنٹری ون پینل میں شامل کیا گیا۔ ان میں علی حیدر، ولید یعقوب، ماجد حسین، قیصر خان، اسلم بریچ، احمد شہاب، رانا محمد ارشد، قیصر وحید اور محمد آصف شامل ہیں۔

قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی آج ہاکی فیڈریشن کی مالی بے ضابطگیوں کا جائزہ لے گی

پلیئرز ڈیلی الاونسز کی عدم ادائیگی پر غور ہوگا، طارق بگٹی، رانا مجاہد طلب

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ آج (پیر) کو پاکستان ہاکی فیڈریشن میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور قومی کھلاڑیوں کے ڈیلی الاؤنسز کی عدم ادائیگی کے معاملے کا جائزہ لے گی۔ قائمہ کمیٹی کے چیئرمین ثناء اللہ خان مستی خیل کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونیوالے اجلاس میں قائمہ کمیٹی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق بگٹی اور سیکرٹری جنرل رانا مجاہد کو کمیٹی اجلاس میں طلب کر رکھا ہے جن سے مبینہ مالی بے ضابطگیوں پر بازپرس کی جائے گی۔ قائمہ کمیٹی نے پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاسر پیرزادہ کو بھی اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور مالی تنازعات کے حوالے سے قائمہ کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دیں گے۔ اجلاس میں قومی ہاکی ٹیم کی پرو ہاکی لیگ میں شرکت کے معاملے پر بھی غور ہوگا۔

افغانستان کا ایشیاء کپ کیلئے اسکواڈ کا اعلان' راشد خان قیادت کریں گے

رحمان اللہ گرباز، ابراہیم زدران، درویش رسولی، صدیق اللہ اٹل، عظمت اللہ عمرزئی، کریم جنت، محمد نبی، گلبدین نائب و دیگر شامل

کابل (آن لائن) افغانستان کرکٹ بورڈ نے ایشیاء کپ کے لیے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ راشد خان ٹیم کی قیادت کریں گے۔ اسکواڈ میں رحمان اللہ گرباز، ابراہیم زدران، درویش رسولی، صدیق اللہ اٹل، عظمت اللہ عمرزئی، کریم جنت، محمد نبی، گلبدین نائب، شرف الدین اشرف، محمد اسحاق، مجیب الرحمن اور اے ایم غضنفر اسکواڈ میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نور احمد، فرید احمد ملک، نوین الحق اور فضل حق فاروقی اسکواڈ کا حصہ ہوں گے۔ افغانستان ٹیم ایشیا کپ سے قبل سہ ملکی سیریز میں حصہ لے گی۔ واضح رہے کہ 9 ستمبر سے شروع ہونے والے ایونٹ میں افغانستان کی ٹیم گروپ بی میں ہے، جہاں اس کا مقابلہ بنگلا دیش، سری لنکا اور ہانگ کانگ سے ہوگا۔

عمران طاہر نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کردی

مجموعی طور پر یہ پانچواں موقع ہے جب انہوں نے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پانچ وکٹیں حاصل کیں

جمیکا (آئی این پی) جنوبی افریقی لیگ اسپنر عمران طاہر نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کردی۔ کیریبئن پریمیئر لیگ کے میچ میں 46 سالہ عمران طاہر نے کیریبز ہیٹس 21 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ اس کارنامے کے ساتھ ہی عمران طاہر 40 سال کی عمر کے بعد ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تین مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کرنے والے پہلے بولر بن گئے ہیں۔ وہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 46 سال 148 دن کی مجموعی عمر میں پانچ وکٹیں لینے والے دوسرے معمر ترین بولر بھی بن گئے ہیں۔ مجموعی طور پر یہ پانچواں موقع ہے جب انہوں نے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پانچ وکٹیں حاصل کیں اور یہ تمام 37 سال کی عمر کے بعد حاصل کیں۔

فائنل میں رونالڈو کا النصر شکست کا شکار، پنالٹی ککس پر فیصلہ

رونالڈو نے النصر کی جانب سے گولوں کی سنچری مکمل کرنے میں کامیاب

ریاض (آئی این پی) سعودی کلب النصر کو فائنل میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد پنالٹی ککس پر شکست کا سامنا کرنا پڑا، عالمی شہرت یافتہ اسٹار کرسٹیانو رونالڈو النصر کی نمائندگی کررہے تھے۔ اس میچ کے باوجود رونالڈو نے ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرلیا وہ النصر کی جانب سے گولوں کی سنچری مکمل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس کے ساتھ ہی وہ دنیا کے پہلے فٹبالر بن گئے ہیں جنہوں نے چار مختلف کلبوں کی طرف سے 100 سے زائد گول کیے ہیں۔ انہوں نے ریال میڈرڈ کیلئے 145، مانچسٹر یونائیٹڈ کیلئے 145، یوونٹس کیلئے 101 اور النصر کے لئے 100 سے زائد گول اسکور کیے، اگچہ یہ کارکردگی انہیں فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار کرتی ہے۔ ان کے مداحوں کو اگرچہ فائنل میں شکست کا دکھ ہے تاہم ان کی انفرادی کامیابی نے ایک نئی تاریخ رقم کردی ہے۔

ٹینس لیجنڈ راجر فیڈرر ارب پتی ایتھلیٹ بن گئے فوربز کی رپورٹ

فیڈرر کی مجموعی دولت کا تخمینہ 1.1 ارب ڈالر ہے' کھیل کے دوران اور اس کے بعد کاروباری معاہدوں سے وہ مسلسل بڑی کمائی کرتے رہے

ایتھلیٹس کی فہرست میں باسکٹ بال لیجنڈز مائیکل جورڈن، میجک جانسن، لیبرون جیمز اور جونیئر برج میں شامل ہیں، جب کہ گولف کے ٹائیگر ووڈز بھی ارب پتی ایتھلیٹس میں شمار ہوتے ہیں

واشنگٹن (آن لائن) ٹینس کے عظیم کھلاڑی اور سوئس اسٹار راجر فیڈرر دنیا کے ایسے 7 کھلاڑیوں میں شامل ہوگئے ہیں جنہیں ارب پتی کا درجہ حاصل ہوگیا ہے۔ امریکی جریدے فوربز کی تازہ رپورٹ کے مطابق فیڈرر کی مجموعی دولت کا تخمینہ 1.1 ارب ڈالر ہے۔ فیڈرر نے 2022، میں ریٹائرمنٹ لی تھی مگر کھیل کے دوران اور اس کے بعد کاروباری معاہدوں سے وہ مسلسل بڑی کمائی کرتے رہے، انہوں نے اپنے کیریئر میں تقریباً ایک ارب ڈالر کورٹ سے باہر معاہدوں اور اسپانسرشپس سے کمائے، جب کہ ان کی کمائی میں سوئس جوتوں اور اسپورٹس ویئر برانڈ میں ان کی شراکت داری نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ فیڈرر مسلسل 16 سال تک دنیا کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے ٹینس پلیئر رہے، حالانکہ ان کے حریف نواک جوکووچ اور رافیل نڈال نے ان سے کہیں زیادہ انعامی رقم جیتی، 2020، میں فیڈرر نے 106.3 ملین ڈالر کمائے جو دنیا بھر کے تمام ایتھلیٹس میں سب سے زیادہ تھی۔ فیڈرر سے قبل ٹینس میں ارب پتی کھلاڑی کا اعزاز رومانیہ کے ایون تیریاک کو حاصل تھا، جنہوں نے 1970، میں فرنچ اوپن ڈبلز ٹائٹل جیتنے کے بعد سرمایہ کاری کی دنیا میں قدم رکھا۔ دنیا کے ارب پتی ایتھلیٹس کی فہرست میں باسکٹ بال لیجنڈز مائیکل جورڈن، میجک جانسن، لیبرون جیمز اور جونیئر برج میں شامل ہیں، جب کہ گولف کے ٹائیگر ووڈز بھی ارب پتی ایتھلیٹس میں شمار ہوتے ہیں۔ فوربز کی رپورٹ کے مطابق رواں برس کے سب سے زیادہ کمانے والے ٹینس پلیئر اسپین کے کارلوس الکاراز رہے۔

جو کچھ ہوگا بھارت سے برابری کی بنیاد پر ہوگا، محسن نقوی

اب ایسی کوئی بات نہیں کہ ہم ان سے مذاکرات کی بھیک مانگیں' میڈیا سے بات چیت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ جب بھی بات ہوگی، جو کچھ بھی ہوگا برابری کی بنیاد پر ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اب ایسی کوئی بات نہیں کہ ہم ان سے مذاکرات کی بھیک مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ وقت گزر گیا، اب جو کچھ بھی ہوگا برابری کی بنیاد پر ہوگا۔

ملائیشیا میں پاکستانی ٹائیگرز کی شاندار پرفارمنس

ایم بی ڈبلیو تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں چار تمغے پاکستان کے نام

اسلام آباد (این این آئی) سوات سے تعلق رکھنے والے تین نوجوان کھلاڑیوں نے ملائیشیا میں ہونے والی ایم بی ڈبلیو انٹرنیشنل تائیکوانڈو چیمپئن شپ 2025 میں چار تمغے جیت کر تاریخ رقم کرتے ہوئے عالمی سطح پر قومی پرچم کو بلند کیا۔ ایونٹ میں 32 ممالک کے 4,200 سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ پاکستان کی کم عمر ترین تائیکوانڈو چیمپئن عائشہ ایاز نے ایک بار پھر سونے اور کانسی کے تمغے جیت کر اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ بچپن سے ہی اپنی شاندار مہارت کے لیے مشہور عائشہ طویل عرصے سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے قومی پرچم کو سربلند کررہی ہیں۔ ان کی کارکردگی ملک بھر کی نوجوان خواتین کو اعلیٰ سطح پر کھیلوں میں شرکت کیلئے باعث ترغیب ہیں۔ ان کے بڑے بھائی محمد زریاب خان نے شاندار پرفارمنس کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے گولڈ میڈل جیت کر اپنا، خاندان کا نام روشن کیا اور قوم کی شان میں مزید اضافہ کیا۔

پاکستانی رنرز کی سینٹلو نیچر ٹریل رنز میں دھوم، چترال کے وقار نے سینٹلو نیچر ٹریل رن جیت لی

چترال (این این آئی) پاکستانی رنرز نے سینٹلو نیچر ٹریل رنز میں دھوم مچادی۔ چترال سے تعلق رکھنے والے وقار احمد نے سینٹلو نیچر ٹریل رن جیت لی اور انہوں نے فاصلہ دو گھنٹے 11 منٹ 30 سیکنڈز میں طے کرکے سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ دوسرے نمبر پر اسلام آباد کے عمر زمان رہے، 22 کلومیٹر کا دشوار گزار ٹریک دو گھنٹے 14 منٹ میں مکمل کیا۔ اسلام آباد ہی کے عزل شہزادہ نے ایونٹ میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ پاکستانی خواتین میں انعم عذیر سب سے تیز رہیں، لاہور کی انعم عذیر نے فاصلہ چار گھنٹے 24 منٹ میں طے کیا۔ اسلام آباد کی نیاب کیانی پاکستانی خواتین میں تیسرے نمبر پر رہیں۔

پنجاب سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام جشن آزادی فیملی فن ریس میں شریک بچیاں فنشنگ لائن کی طرف بڑھ رہی ہے

فیفا ورلڈ کپ 2026: وائٹ ہاؤس میں ٹرمپ سے فیفا کے صدر کی اہم ملاقات

ملاقات کے موقع پر فیفا کے صدر نے امریکی صدر ٹرمپ کو ان کے نام کی ٹی شرٹ بھی پیش کی

واشنگٹن (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے سلسلے میں وائٹ ہاؤس میں ڈونلڈ ٹرمپ اور فیفا کے صدر کی اہم ملاقات ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیفا کے صدر جیانی انفنٹینو نے امریکی صدر ٹرمپ سے وائٹ ہاؤس میں ملاقات کی ہے، جس کے بعد انہوں نے انکشاف کیا کہ 2026 ورلڈ کپ کی قرعہ اندازی اس دسمبر میں واشنگٹن میں ہوگی۔ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ فیفا ورلڈ کپ کے لیے ٹیموں کے ڈراز 5 دسمبر کو کینیڈی سینٹر میں ہوں گے، اور عالمی فٹبال ایونٹ کا واشنگٹن سے نیا تاریخی آغاز ہوگا، کینیڈی سینٹر اس ایونٹ کا شاندار آغاز کرے گا۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ امریکی ٹیم بھی اس ایونٹ میں حصہ لے گی، فیفا ورلڈ کپ 2026 تاریخ کا سب سے بڑا ایونٹ ہوگا۔ ملاقات کے موقع پر فیفا کے صدر نے امریکی صدر ٹرمپ کو ان کے نام کی ٹی شرٹ بھی پیش کی۔ واضح رہے کہ فیفا ورلڈ کپ 2026 تین ملکوں میں مشترکہ طور پر منعقد ہوگا۔

ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز، پاکستان شاہینز کو سیمی فائنل میں شکست

ڈارون میں جاری ایونٹ کے سیمی فائنل میں پاکستان شاہینز کو پرتھ اسکارچرز نے 48 رنز سے شکست دے دی

ڈارون (آن لائن) پاکستان شاہینز ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے سیمی فائنل میں ہارگئی۔ یہ اس سیریز میں پرتھ اسکارچرز کی پاکستان شاہینز کے خلاف دوسری کامیابی ہے۔ ڈارون میں جاری ایونٹ کے سیمی فائنل میں پاکستان شاہینز کو پرتھ اسکارچرز نے 48 رنز سے شکست دے دی۔ پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پرتھ اسکارچرز کو بیٹنگ کی دعوت دی جس نے 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 155 رنز بنائے۔ جواب میں پاکستان شاہینز 17 اعشاریہ ایک اوورز میں 107 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پرتھ اسکارچرز کی اننگز میں کولس بابسن نے 7 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 59 رنز بنائے۔ ان کی ذمے دارانہ بیٹنگ کی وجہ سے اسکارچرز 69 رنز پر 6 وکٹیں گنوانے کے بعد 155 رنز تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئی۔ کپتان واکی نے 2 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 29 رنز بنائے۔ میتھیو کیلی نے 23 رنز کی اننگز کھیلی جس میں ایک چوکا اور 2 چھکے شامل تھے۔

بنکاک، ویمنز والی بال چیمپئن شپ میں یوکرین اور سربیا کے مابین میچ کا منظر

پاکستانی ٹیم اے ٹی ایف فائنل کے لیے سنگاپور روانہ

پاکستان کی 12 اور انڈر 12 ٹینس ٹیم 25 سے 30 اگست کے دوران شیڈول اے ٹی ایف 12 کھیلے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی 12 اور انڈر 12 ٹینس ٹیم 25 سے 30 اگست کے دوران شیڈول اے ٹی ایف 12 اور انڈر ٹیم مقابلے کے فائنل میں شرکت کے لیے سنگاپور روانہ ہوگئی۔ واضح رہے کہ پاکستان نے رواں سال مئی میں سری لنکا میں جنوبی ایشیا کے ریجنل کوالیفائنگ ایونٹ کے تحت اے ٹی ایف 12 اور انڈر 12 فائنل میں جگہ حاصل کی تھی۔ ٹورنامنٹ میں شریک ممالک میں ایران، سعودی عرب، سری لنکا، تھائی لینڈ، سنگاپور، ملائیشیا، ازبکستان، قازقستان، چین، کوریا اور جاپان ٹاپ پر شامل ہیں۔ پاکستانی ٹیم میں شایان آفریدی، راشد بھاجانی، محمد ابراہیم حسین گل، محمد تیمر شمسی (کپتان) شامل ہیں۔ پی ٹی ایف کے صدر اعصام الحق قریشی نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ٹیم کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار بھی کیا۔

ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ پاکستان نے مزید 2 گولڈ میڈل جیت لیے

تھائی لینڈ میں جاری ایشین باڈی بلڈنگ فزیک چیمپئن شپ کے چھٹے روز پاکستانی تن سازوں شاندار کارکردگی دکھائی' میڈلز کی تعداد 4 ہوگئی

فیضان گل نے 170 سی ایم اسپورٹس فزیک کیٹیگری میں طلائی تمغہ حاصل کیا جب کہ بلال احمد نے 180 سی ایم فزیک کیٹیگری میں سونے کا تمغہ جیتا

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں پاکستان نے مزید 2 گولڈ میڈل جیت لیے جس کے بعد ایونٹ میں پاکستان کے سونے کے تمغوں کی تعداد 4 ہوگئی۔ تھائی لینڈ میں جاری ایشین باڈی بلڈنگ فزیک چیمپئن شپ کے چھٹے روز پاکستانی تن سازوں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے مزید 2 گولڈ میڈل اپنے نام کرلیے۔ جس کے بعد ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں پاکستان کے سونے کے تمغوں کی تعداد چار ہوگئی۔ فیضان گل نے 170 سی ایم اسپورٹس فزیک کیٹیگری میں طلائی تمغہ حاصل کیا جب کہ بلال احمد نے 180 سی ایم فزیک کیٹیگری میں سونے کا تمغہ جیتا۔ یاد رہے کہ دو روز قبل، پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے سیکریٹری سہیل انور تھائی لینڈ میں منعقدہ 57 ویں ایشین باڈی بلڈنگ اینڈ اسپورٹس فزیک چیمپئن شپ میں قومی ٹیم کے ہمراہ خود بطور ہیڈ کوچ اور منیجر بن کر شریک ہوئے، جبکہ ان کی اہلیہ جج اور بیٹی نے ٹیسٹ جج کے طور پر ایونٹ میں شرکت کی۔ ایک ہی گھر سے 3 آفیشلز کے انٹرنیشنل ایونٹ میں حصہ لینے پر پاکستان اسپورٹس بورڈ نے نوٹس لیتے ہوئے سیکریٹری پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن سہیل انور کو شوکاز نوٹس جاری کیا، جس میں ان سے 3 روز میں وضاحت طلب کی گئی ہے۔ خیال رہے کہ 57 ویں ایشین باڈی بلڈنگ اینڈ اسپورٹس فزیک چیمپئن شپ میں 18 سے 25 اگست تک بنکاک تھائی لینڈ میں شیڈول ہے۔

ٹینس نے راتوں رات برطانیہ کی 22 سالہ نوجوان کھلاڑی ایما راڈوکانو کو ارب پتی بنادیا

لندن (این این آئی) ٹینس نے راتوں رات برطانیہ کی 22 سالہ نوجوان کھلاڑی ایما راڈوکانو کو ارب پتی بنادیا۔ 2021 میں 18 سال کی عمر میں یو ایس اوپن ٹائٹل جیت کر تاریخ رقم کرنے والی ایما راڈوکانو کے اکاؤنٹ میں پانچ سال قبل صرف 44 پاؤنڈز تھے تاہم ٹینس نے ایما راڈوکانو کی قسمت بدل دی۔ اب وہ 13.5 ملین پاؤنڈز (پاکستانی تقریباً پانچ ارب روپے سے زائد) کی مالک بن چکی ہیں۔ انہوں نے یہ رقم ٹینس ایونٹس میں انعامات اور اعلیٰ برانڈز کی اسپانسرشپ سے کمائی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2021 میں یو ایس اوپن ٹائٹل جیتنے کے بعد اب تک وہ کوئی ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل نہیں جیت سکی ہیں۔ وہ اس وقت عالمی ویمنز ٹینس رینکنگ میں 39 ویں نمبر پر موجود ہیں۔

بھارتی کرکٹر چتیشور پجارا نے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا

تمام اچھی چیزوں کا اختتام ہوتا ہے، میں نے تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کرلیا ہے' بیان جاری

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی کرکٹر چتیشور پجارا نے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ 37 سالہ چتیشور پجارا نے تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام اچھی چیزوں کا اختتام ہوتا ہے، میں نے تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ چتیشور پجارا نے 103 ٹیسٹ اور 5 ون ڈے میچز میں بھارت کی نمائندگی کی۔ انہوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں 7195 رنز بنائے۔

کرسٹیانو رونالڈو کا مسلمانوں کی طرح دعا مانگتے کلپ وائرل

فٹبال کے لیجنڈری کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے مسلم مداحوں کے دل موہ لیے ہیں

ریاض (آن لائن) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا ٹیم کی جیت کے لیے مسلمانوں کی طرح دعا مانگتے کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ فٹبال کے لیجنڈری کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے مسلم مداحوں کے دل موہ لیے ہیں، سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے ایک کلپ میں انہیں پنالٹی شوٹ آؤٹ کے دوران دعا کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، یہ میچ سعودی کلب النصر اور الاہلی کے درمیان کھیلا گیا، کلپ میں رونالڈو کو پنالٹی کک سے قبل اپنی کامیابی کے لیے مسلمانوں کی دعا کا انداز گھٹنوں کے بل بیٹھ کر ہاتھ اوپر اٹھا کر اپناتے ہوئے دیکھا گیا جس کے بعد مداحوں نے ان کی عاجزی اور احترام کو سراہا۔ تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تیزی سے پھیل گئیں اور ہزاروں صارفین نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رونالڈو نہ صرف ایک عظیم کھلاڑی ہیں بلکہ مختلف مذاہب اور ثقافتوں کا بھی احترام کرتے ہیں۔ رونالڈو جو النصر کلب کی نمائندگی کررہے ہیں۔

اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا آزادی گیمز کے سلسلے میں گولڈن سپورٹس ایونٹس کی کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے بعد مدثر بٹ، ارسلان علی طارق، فراز امجد و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

قومی کرکٹ ٹیم میں بڑی تبدیلیاں متوقع کپتانوں کی تبدیلی کا امکان

محمد رضوان کی جگہ سلمان آغا کو ون ڈے کپتانی سونپنے کا امکان' سلیکشن کمیٹی ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس سینٹر اور سلمان علی آغا کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

اگلے ماہ تک نئے کپتانوں کا اعلان متوقع ہے' کپتانی ملنے کے بعد سعود کو جلد ہی کیٹیگری میں پروموٹ کیا جاسکتا ہے' شان مسعود کی جگہ سعود شکیل کو کپتان بنایا جاسکتا ہے' ذرائع

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ون ڈے اور ٹیسٹ کپتانوں کی تبدیلی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق دبئی جانے سے قبل این سی اے میں کپتانوں کے مستقبل کے حوالے سے اہم میٹنگ ہوئی، سلیکشن کمیٹی ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس سینٹر اور سلمان علی آغا کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق محمد رضوان کی جگہ سلمان آغا کو ون ڈے کپتانی سونپنے کا امکان ہے جبکہ شان مسعود کی جگہ سعود شکیل کو کپتان بنایا جاسکتا ہے۔ اگلے ماہ تک نئے کپتانوں کا اعلان متوقع ہے۔ کپتانی ملنے کے بعد سعود کو جلد ہی کیٹیگری میں پروموٹ کیا جاسکتا ہے۔

معروف کرکٹر اور سابق کپتان محمد یوسف کی 51 ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی

جہانیاں (آن لائن) معروف کرکٹر اور سابق کپتان محمد یوسف کی 51 ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی۔ محمد یوسف 27 اگست 1974، کو لاہور میں پیدا ہوئے ان کا پرانا نام یوسف یوحنا تھا لیکن پھر دین اسلام کی تعلیمات سے متاثر ہو کر وہ سال 2005، میں حلقہ بگوش اسلام ہوگئے۔ محمد یوسف نے 1998، میں یوسف یوحنا کے نام سے انٹرنیشنل کرکٹ کیریئر کا آغاز کیا انہوں نے 2005، میں اسلام قبول کیا جس کے بعد ان پر فتوحات اور شہرت کے دروازے وا ہوتے گئے۔

روسی ٹینس سٹار ماریا شراپووا انٹرنیشنل ٹینس ہال آف فیم میں شامل

نیویارک (این این آئی) روس کی سابق ٹینس سٹار اور پانچ مرتبہ گرینڈ سلیم چیمپئن ماریا شراپووا کو انٹرنیشنل ٹینس ہال آف فیم میں شامل کر لیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریا شراپووا کو انٹرنیشنل ٹینس ہال آف فیم میں شامل کرنے کی تقریب امریکی ریاست رہوڈ آئی لینڈ کے شہر نیوپورٹ میں منعقد ہوئی جہاں امریکا کے مائیک برائن اور بوب برائن کو بھی ہال آف فیم میں شامل کیا گیا۔ معروف امریکی اسٹار سرینا ولیمز، جنہوں نے 23 گرینڈ سلیم ٹائٹلز جیت رکھے ہیں، نے روسی کھلاڑی شراپووا کو یہ اعزاز حاصل کرنے پر خصوصی انعام پیش کیا۔

بابر اعظم نے ایشیا کپ سے ڈراپ ہونے کے بعد دوبارہ ٹریننگ شروع کردی

بابر نے ایک مقامی کرکٹ انسٹی ٹیوٹ میں بیٹنگ پریکٹس شروع کی اور نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ بیٹنگ کی مشقیں کیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے امریکا میں مختصر قیام کے بعد لاہور پہنچ کر دوبارہ ٹریننگ شروع کردی ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق بابر نے ایک مقامی کرکٹ انسٹی ٹیوٹ میں بیٹنگ پریکٹس شروع کی اور نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ بیٹنگ کی مشقیں کیں۔ ذرائع کے مطابق وہ انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام مقامی ٹورنامنٹ میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز میں بابر نے تین میچوں میں صرف 56 رنز بنائے اور ان کا سب سے زیادہ اسکور 47 رنز تھا۔ بابر اعظم کو ایشیا کپ کے لیے پاکستان کے ٹی 20 اسکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا جبکہ ان کا سینٹرل کنٹریکٹ بھی اے سے بی کیٹیگری کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پی سی بی نے گزشتہ ہفتے 30 کرکٹرز کے سینٹرل کنٹریکٹ کا اعلان کیا تھا، اس سال کوئی بھی کھلاڑی اے کیٹیگری میں شامل نہیں ہے۔ پچھلے ایڈیشنز کے برعکس دس کھلاڑیوں کو بی، سی اور ڈی کیٹیگریز میں رکھا گیا ہے۔ کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کا پول بھی 27 سے بڑھا کر 30 کردیا گیا ہے، 12 نئے نام کمانے والے کھلاڑیوں میں احمد دانیال، فہیم اشرف، حسن علی، حسن نواز، حسین طلعت، خوشدل شاہ، محمد عباس، محمد حارث، محمد نواز، صاحبزادہ فرحان، سلمان مرزا، اور سفیان مقیم شامل ہیں۔ ابرار احمد، حارث رؤف، صائم ایوب، سلمان علی آغا، اور شاداب خان کو حالیہ شاندار کارکردگی کی وجہ سے کیٹیگری سی سے بی میں ترقی دی گئی ہے۔

دالبندین بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے انتخابات یکم ستمبر کو منعقد ہوں گے

انتخابات ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہونگے' انتخابات کی نگرانی بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے افسران کریں گے

دالبندین (نامہ نگار 24) بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے انتخابات یکم ستمبر کو منعقد ہوں گے علی احمد ریکی کے نے مقامی صحافیوں کو بتایا، بلوچستان تیکوانڈو ایسوسی ایشن کے انتخابات یکم ستمبر 2025 کو ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہوں گے۔ انتخابات کی نگرانی بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے افسران کریں گے انہوں نے امید ظاہر کی انتخابی عمل شفاف اور منصفانہ طور پر مکمل ہوں گے۔ اور امید ظاہر کی تمام اضلاع کے صدور اور سیکریٹریز اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرائیں گے۔ واضح رہے کہ یہ انتخابات چار سالہ مدت کے لیے ہوں گے، جس کے بعد بلوچستان بھر میں تیکوانڈو کے فروغ اور کھلاڑیوں کی نمائندگی کے لیے نئی کابینہ اپنے فرائض انجام دے گی۔

ٹینس لیجنڈ راجر فیڈرر ارب پتی ایتھلیٹ بن گئے، فوربز کی رپورٹ

کھیل کے دوران اور اس کے بعد کاروباری معاہدوں سے وہ مسلسل بڑی کمائی کرتے رہے

واشنگٹن (آن لائن) ٹینس کے عظیم کھلاڑی اور سوئس اسٹار راجر فیڈرر دنیا کے ایسے 7 کھلاڑیوں میں شامل ہوگئے ہیں جنہیں ارب پتی کا درجہ حاصل ہوگیا ہے۔ امریکی جریدے فوربز کی تازہ رپورٹ کے مطابق فیڈرر کی مجموعی دولت کا تخمینہ 1.1 ارب ڈالر ہے۔ فیڈرر نے 2022، میں ریٹائرمنٹ لی تھی مگر کھیل کے دوران اور اس کے بعد کاروباری معاہدوں سے وہ مسلسل بڑی کمائی کرتے رہے، انہوں نے اپنے کیریئر میں تقریباً ایک ارب ڈالر کورٹ سے باہر معاہدوں اور اسپانسرشپس سے کمائے، جب کہ ان کی کمائی میں سوئس جوتوں اور اسپورٹس ویئر برانڈ میں ان کی شراکت داری نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ فیڈرر مسلسل 16 سال تک دنیا کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے ٹینس پلیئر رہے۔

کوئٹہ: گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ہزارہ ٹاؤن میں محکمہ یوتھ اینڈ سپورٹس افیئرز کے زیر اہتمام سیمینار سے آغا محمدی و دیگر خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ' محکمہ یوتھ اینڈ سپورٹس کے زیر اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ہزارہ ٹاؤن میں سیمینار کا انعقاد

سیمینار طلباء کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں آغا محمدی' عمارہ ترین اور ادیبہ تحریم کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) محکمہ یوتھ اینڈ سپورٹس افیئرز بلوچستان کوئٹہ کے تعاون سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ہزارہ ٹاؤن میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد طالبات میں قیادت کی صلاحیتوں اور ڈیجیٹل ڈیوائسز اور ان کے منفی اثرات کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا تھا۔ طالبات کو مثبت قیادت کی خصوصیات اپنانے اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں آگاہ کیا گیا تاکہ وہ تعلیمی، ذاتی زندگی میں ڈیوائس کے منفی چیلنجز پر قابو پا سکیں۔ PTSMC کے چیئرپرسن آغا محمدی نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنت و لگن سے تعلیم حاصل کریں معاشرے اور ملک کی ترقی کیلئے تعلیم کا حصول ضروری ہے۔ آغا محمدی نے معلوماتی اور اہم سیمینار پر محکمہ یوتھ اینڈ سپورٹس افیئرز بلوچستان کی کاوشوں کو سراہا۔ طالبات نے سیمینار میں گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اس طرح کے سیمینار نوجوان طلبا و طالبات کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں محکمہ یوتھ اینڈ سپورٹس کی ٹیم لیڈر عمارہ ترین اور ادیبہ تحریم نے طالبات کو سیمینار کے مقاصد سے آگاہ کیا۔

پاکستانی کوہ پیماؤں کا بڑا کارنامہ ہندوکش کی بلندترین چوٹی ترچ میر سر کرلی

گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے کوہ پیماؤں سرباز خان اور عابد بیگ نے چوٹی سر کی' ٹیم میں دیگر پانچ کوہ پیما سخت موسمی صورتحال کے باعث سات ہزار 300 میٹر تک پہنچ سکے

حکومت خیبر پختونخوا نے کوہ پیماؤں کیلئے دو سال کی رائلٹی فیس معاف کردی' وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے پاکستانی کوہ پیماؤں کو ترچ میر چوٹی سر کرنے پر مبارکباد

گلگت (آئی این پی) پاکستانی کوہ پیماؤں نے ہندوکش کی بلند ترین چوٹی ترچ میر سر کرلی۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا کے مطابق ہندوکش پہاڑی سلسلے کی سات ہزار 708 میٹر کی بلند ترین چوٹی ترچ میر پر کوہ پیماؤں نے قومی پرچم لہرادیا۔ گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے کوہ پیماؤں سرباز خان اور عابد بیگ نے چوٹی سر کی۔ ٹیم میں دیگر پانچ کوہ پیما سخت موسمی صورتحال کے باعث سات ہزار 300 میٹر تک پہنچ سکے۔ کوہ پیماؤں میں ڈائریکٹر ٹورازم اتھارٹی عمر خان، ڈاکٹر نوید اقبال، میجر محمد عاطف، حسن افسر اور اصل نوید شامل تھے۔ ڈائریکٹر ٹورازم اتھارٹی کا کہنا ہے کہ خیبرپختونخوا حکومت نے پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر ترچ میر چوٹی سر کرنے کیلئے اقدام اٹھایا۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی جانب سے پاکستانی کوہ پیماؤں کو ترچ میر چوٹی سر کرنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔ حکومت خیبرپختونخوا نے کوہ پیماؤں کیلئے دو سال کی رائلٹی فیس بھی معاف کی ہے۔

4 رکنی قومی ٹیم سینئر ورلڈ مین ین باؤلنگ چیمپئن شپ میں حصہ لے گی

اسلام آباد (این این آئی) 4 رکنی قومی ٹیم سینئر ورلڈ مین ین باؤلنگ چیمپئن شپ میں حصہ لے گی۔ چیمپئن شپ 13 سے 23 اکتوبر 2025 تک نیشنل باؤلنگ سٹیڈیم، رینو، نیواڈا، یو ایس اے میں کھیلی جائے گی۔ گزشتہ روز پاکستان مین ین باؤلنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ کامران خالد جنجوعہ نے چار رکنی قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ قومی ٹیم کی قیادت اعجاز الرحمن کریں گے جبکہ دیگر کھلاڑیوں میں محمد حسین، شبیر لشکر اور علیم آغا شامل ہیں۔ احمد شیخانی اور امجد محمود بالترتیب قومی ٹیم کے منیجر اور کوچ ہوں گے۔

روہت اور کوہلی کی ون ڈے سے ریٹائرمنٹ؟ بی سی سی آئی نے خاموشی توڑ دی

ویرات کوہلی اور روہت شرما ابھی ریٹائرمنٹ لینے نہیں جارہے ہیں' وہ انڈیا کی طرف سے کھیلتے ہوئے نظر آئیں گے' راجیو شکلا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز ویرات کوہلی اور روہت شرما نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025 کے دوران ٹیسٹ کرکٹ کو الوداع کہہ کر سب کو حیران کردیا تھا، اب دونوں کھلاڑیوں کے ون ڈے میچوں سے بھی ریٹائرمنٹ کی خبریں سامنے آرہی ہیں، ایسے میں بی سی سی آئی کا موقف سامنے آگیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ویرات کوہلی اور روہت شرما کے فینز کی دل کی دھڑکنیں تیز ہوگئی ہیں۔ انہیں یہ اندیشہ ہورہا ہے کہ کہیں اب وہ اپنے ان پسندیدہ کھلاڑیوں کو عالمی کرکٹ میں جلوہ دکھاتے ہوئے دوبارہ نہ دیکھ سکیں گے۔ اس درمیان ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے لب کشائی کی ہے۔ رپورٹس کے مطابق بی سی سی آئی کے نائب صدر راجیو شکلا کا کہنا تھا کہ ویرات کوہلی اور روہت شرما ابھی ریٹائرمنٹ لینے نہیں جارہے ہیں۔ وہ ٹیم انڈیا کی طرف سے کھیلتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ان دونوں کا یک روزہ کرکٹ میں کافی شاندار ریکارڈ رہا ہے۔ راجیو شکلا کا یوپی ٹی 20 لیگ کے دوران ایک ٹاک شوک میں کوہلی اور روہت کے یک روزہ کرکٹ کو خیرباد کہنے کی خبروں کو رد کرتے ہوئے کہنا تھا کہ دونوں ابھی کرکٹ کے اس فارمیٹ میں موجود رہیں گے۔

نصیر آباد پی سی بی انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے لئے ٹرائلز کا آغاز

ایونٹ میں نصیر آباد کے 12 ہائی اسکول شامل ہیں' سکولز کے بچوں میں جوش و خروش

نصیر آباد (نامہ نگار) پی سی بی انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں شہید عبدالقفار سیال کرکٹ گراؤنڈ ڈیرہ مراد جمالی میں نصیر آباد کے چار اسکول جس میں گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول، گورنمنٹ ہائی اسکول تاج محمد لہڑی، عثمانیہ پبلک اسکول اور گورنمنٹ ہائی اسکول شہید سہیل اسلم کے کھلاڑیوں نے ٹرائلز میں شرکت کی۔ گراؤنڈ میں کافی جوش و خروش دکھا گیا۔ اسکولز کے بچوں نے خوشی کا اظہار کیا کہ ان کو پہلی بار اسٹیڈیم میں کھیلنے کا موقع مل رہا ہے۔ ٹرائلز پی سی بی ڈسٹرکٹ کوچ قمرالدین، اسکول کوچز عبدالقفار عابد، عطاء اللہ مینگل، ریاض احمد اور عمران نور نے بطور سلیکٹر سلیکشن کی۔ اس ایونٹ میں نصیر آباد کے 12 ہائی اسکول شامل ہیں۔ پہلے مرحلے میں ٹیم منتخب کی جائے گی اور ستمبر کے پہلے میں تمام منتخب اسکول کی ٹیموں کے کیمپ کا آغاز ہوگا۔

بقیہ 1 یادداشتوں پر دستخط

وزیر خارجہ کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا۔ قبل ازیں، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحٰق ڈار نے بنگلہ دیش کے مشیر تجارت شیخ بشیر الدین سے ناشتہ پر ملاقات کی تھی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان بھی اس ملاقات میں شریک ہوئے۔ دونوں جانب سے اقتصادی و تجارتی تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر گفتگو ہوئی، تجارت میں اضافے اور رابطہ کاری کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا۔ اس سے قبل نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے ڈھاکا میں پاکستان کے ہائی کمشنر عمران حیدر کی جانب اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے میں شرکت کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات سے ملاقات کی جن میں بنگلہ دیشی حکومت کے مشیران، بیوروکریٹس، سیاسی جماعتوں کی قیادت، وائس چانسلرز، دانشور اور تھنک ٹینکس کے ارکان، کھلاڑی، فنکار، صحافی، ریٹائرڈ جرنیل اور دیگر شامل تھے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی عوام کو بنگلہ دیشی عوام کے ساتھ برادرانہ جذبات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات صدیوں پر محیط مشترکہ روایات، اسلامی ورثے، سماجی اقدار اور ادبی اظہار پر استوار ہیں، انہوں نے بنگلہ دیش کے عوام کے لیے ہم آہنگی اور خوشحالی کی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان بنگلہ دیش کے ساتھ ایک تعمیری اور مستقبل کی طرف دیکھنے والے تعلقات قائم کرنے کا خواہاں ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 6 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہو گئے جن میں سفارتکاروں، حکومتی اہلکاروں کے لیے ویزا ختم کرنے کا معاہدہ بھی شامل ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاک بنگلہ دیش فارن سروس اکیڈمیز کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے، جبکہ ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان (اے پی پی) اور بنگلہ دیش سنگباد سنگستھا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد اور بنگلہ دیش انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل اینڈ اسٹریٹجک اسٹڈیز کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور بنگلہ دیش تاریخ کو ریڈور منصوبے کے آغاز کا اعلان کر دیا گیا، منصوبے کے تحت پانچ سو بنگلہ دیشی طلبہ کو تعلیمی وظائف دیئے جائیں گے، سو بنگلہ دیشی سول سروس کے لیے خصوصی تربیتی پروگرام کا بھی اعلان ہو گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کے مطابق منصوبے کے تحت آئندہ 5 سال کے دوران 500 بنگلہ دیشی طلبہ کو پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے لیے وظائف دیے جائیں گے، وظائف کا ایک چوتھائی حصہ میڈیسن کے شعبے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس منصوبے کے تحت 100 بنگلہ دیشی سول سروس کے لیے خصوصی تربیتی پروگرام کا بھی آغاز ہوگا، جبکہ پاکستان ٹیکنیکل اسسٹنس پروگرام کے تحت بنگلہ دیشی طلبہ کے لیے وظائف 5 سے بڑھا کر 25 کر دیے گئے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اپنے دورہ بنگلادیش کے دوران بنگلادیش کے سربراہ محمد یونس، وزیر خارجہ اور دیگر اعلیٰ حکام سے اہم ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں پاکستان اور بنگلادیش نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اعلامیے کے مطابق اسحاق ڈار اور ان کے بنگلادیشی ہم منصب نے تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، اور صحت سمیت کئی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے ویزا پالیسی میں نرمی، فضائی رابطوں کی بحالی اور عوامی سطح پر روابط بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے پاکستان اور بنگلادیش باہمی تعاون جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر سفارتی پاسپورٹ ہولڈرز کے لیے ویزا فری معاہدے سمیت متعدد یادداشتوں (ایم او یوز) پر بھی دستخط کیے گئے۔ مزید برآں، پاکستان نے بنگلادیشی طلباء کے لیے جدید طبی سہولیات اور مصنوعی اعضا فراہم کرنے کی پیشکش کی جسے بنگلادیشی قیادت نے سراہا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دورہ بنگلہ دیش کے دوران بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی چیئرپرسن بیگم خالدہ ضیا سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے بتایا کہ بیگم خالدہ ضیا کی طویل علالت کے پیش نظر نائب وزیراعظم نے ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ نائب وزیراعظم نے بیگم خالدہ ضیا کی خیریت و صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نائب وزیراعظم نے بیگم خالدہ ضیا کو وزیراعظم پاکستان کی جانب سے دعائیں اور نیک تمنائیں بھی پہنچائیں، انہوں نے بطور وزیراعظم بنگلہ دیش، بیگم خالدہ ضیا کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر بیگم خالدہ ضیا کے 2006 میں دورہ پاکستان کی یادیں بھی تازہ کی گئیں۔

بقیہ 2 چینی وزارت خارجہ

جاری رکھا جائے گا، پاکستانی فوج انسداد دہشت گردی اور سکیورٹی تعاون کو فعال طور پر فروغ دینے کے لیے تیار ہے، پاک چین اسٹریٹجک شراکت داری چٹان کی طرح مضبوط ہے، چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم رکھنا پورے پاکستانی قوم کا متفقہ موقف ہے جبکہ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہے کہ پاکستانی فوج قومی استحکام کا ستون، پاک چین دوستی اور تعاون کی مضبوط محافظ ہے، دنیا میں پیدا ہوتے ہوئے غیر یقینی حالات میں مضبوط پاک۔ چین تعلقات کو فروغ دینا علاقائی امن و استحکام کے لیے نہایت سودمند ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اہم ملاقات پر چین کی وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق وانگ ای نے کہا کہ پاکستانی فوج قومی استحکام کا ستون اور پاک۔ چین دوستی و تعاون کی مضبوط محافظ ہے، پاکستانی فوج نے ہمیشہ دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عمل درآمد کی بھرپور حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں پیدا ہوتے ہوئے غیر یقینی حالات میں مضبوط پاک۔ چین تعلقات کو فروغ دینا علاقائی امن و استحکام کے لیے نہایت سودمند ہے۔ وانگ ای نے کہا کہ چین نے ہمیشہ اپنی پڑوسی سفارت کاری میں پاکستان کو اولین ترجیح دی ہے، وقت کے کڑے امتحانات کے باوجود پاک۔ چین تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں، دونوں ممالک ایک مضبوط روایتی دوستی قائم کر چکے ہیں۔ وانگ ای نے کہا کہ چین پاکستان کی علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ میں بھرپور تعاون جاری رکھے گا، چین عالمی امور میں پاکستان کے بڑے کردار کا خیر مقدم کرتا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ چین پاکستان کا "آہنی دوست" ہے اور دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک رہے ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاک چین اسٹریٹجک شراکت داری چٹان کی طرح مضبوط ہے، چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم رکھنا پورے پاکستانی قوم کا متفقہ موقف ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں قیمتی تعاون پر چین کی قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستانی فوج انسداد دہشت گردی اور سکیورٹی تعاون کو فعال طور پر فروغ دینے کے لیے تیار ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان میں چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی حفاظت یقینی بنانے کی کوشش جاری رہے گی، پاک۔ چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اقدامات اور ترقی کی راہ پر سفر جاری رکھا جائے گا۔

تبلیغی اجتماع کیلئے آنیوالے غیر ملکی وفود کے ویزہ مسائل حل کرینگے وزیر داخلہ

تبلیغی جماعت کے مرکز رائیونڈ کا دورہ، اکابرین مولانا احمد بٹلر، مولانا عبید، ڈاکٹر سلیم و دیگر سے ملاقات

تبلیغی اجتماع کیلئے بیرون ممالک سے آنے والے وفود معزز مہمان، ہر ممکن تعاون کیا جائیگا، محسن نقوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تبلیغی جماعت کے مرکز رائیونڈ کا دورہ کیا، اکابرین مولانا احمد بٹلر، مولانا عبید، ڈاکٹر سلیم و دیگر سے ملاقات کی۔ تبلیغی جماعت کے اکابرین نے محسن نقوی کو نومبر میں ہونے والے عالمی تبلیغی اجتماع کے انتظامات سے آگاہ کیا۔ محسن نقوی نے دین اسلام کیلئے تبلیغی جماعت کے اکابرین کی خدمات کو سراہا۔ وزیر داخلہ نے تبلیغی اجتماع کیلئے بیرون ممالک سے آنے والے وفود کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ محسن نقوی نے کہا جہاں بھی ویزے کا مسئلہ ہوا ترجیحی بنیادوں پر حل کرا...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

مری، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف کے ساتھ ایک فیملی تصویر بنوا رہی ہے

پشاور، غیر ملکی خاتون بائیکر سے نامناسب سوالات پوچھنے والا پولیس اہلکار معطل

پشاور (بیورو رپورٹ) غیر ملکی خاتون بائیکر سے نامناسب سوالات پوچھنے والے خیبرپختونخوا پولیس کے اہلکار کو معطل کر دیا گیا، رپورٹ کے مطابق بٹ گرام میں غیر ملکی سیاح کیساتھ پیش آنیوالے واقعہ کا حکام بالا نے نوٹس لیا، ویڈیو میں نظر آنیوالے 3 پولیس اہلکاروں کیخلاف انکوائری کے احکامات جاری کردیئے گئے، واضح رہے ہالینڈ سے آئی خاتون بائیکر نے پرفضا سیاحتی مقامات کا دورہ کیا، خاتون بائیکر نے ملک کے سیاحتی مقامات اور لوگوں کی مہمان نوازی کی تعریف کی تھی۔

گجرات، کرکٹ میچ میں اوور نہ دینے پر گولیاں چل گئیں، 2 بھائی قتل، ماموں زخمی

گجرات (بیورو رپورٹ) گجرات میں کرکٹ میچ میں اوور نہ دینے پر گولیاں چل گئیں، ایک ٹیم کا کپتان اپنے بھائی سمیت قتل کر دیا گیا، ان کے ماموں شدید زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گجرات میں کرکٹ میچ کیدوران اوور نہ دینے پر ملزم غلام غوث نے اندھا دھند فائرنگ کردی۔ مقتولین کی شناخت فاخر اور طاہر کے نام سے ہوئی جبکہ زخمی اظہر کی حالت تشویشناک ہے، واقعہ نواحی علاقے میں پیش آیا

سازش کے تحت کپاس کو ملک سے ختم کیا جا رہا ہے، صدر کسان اتحاد

کھادوں کا استعمال کم، آم کے فصل کی ایکسپورٹ میں بھی 40 فیصد نیچے آئی، خالد کھوکھر

ملتان (بیورو رپورٹ) پاکستان کسان اتحاد کے مرکزی صدر خالد کھوکھر نے کہا ہے سازش کے تحت کپاس کو ملک سے ختم کیا جارہا ہے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خالد کھوکھر نے کہا کپاس کی ایک کروڑ 28 گانٹھوں سے 52 لاکھ گانٹھوں پر آگئے، سازش کے تحت کپاس کو ملک سے ختم کیا جا رہا ہے اس بار کھادوں کا استعمال بھی کم کیا گیا، پیداوار...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار 25 تا 26 اگست سعودی عرب کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار 25 تا 26 اگست سعودی عرب کا دورہ کریں گے، اسحاق ڈار ڈھاکہ کے دورے کے بعد براہ راست جدہ روانہ ہوں گے جہاں وہ او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے غیر معمولی اجلاس میں شریک ہوں گے، او آئی سی اجلاس میں فلسطین کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں مشترکہ حکمت عملی پر غور ہوگا، اسرائیلی جارحیت اور غزہ پر فوجی کنٹرول کے منصوبے پر بھی بات چیت ہوگی

گورنر سندھ کا سیکنڈ ترمیمی بل 2025 پر اعتراض، صوبائی اسمبلی کو واپس

بل کے سیکشن 15 کی ذیلی شق کو غیر ترمیم شدہ حالت میں ہی برقرار رکھا جائے، کامران ٹیسوری

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے سندھ بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (سیکنڈ ترمیمی) بل 2025 پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے آئینی شق کے تحت سندھ اسمبلی کو دوبارہ غور کیلئے واپس بھیج دیا، بل کے سیکشن 15 کی ذیلی شق (1) میں '21/20-BPS' کو '20/19-BS' سے تبدیل...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

داڑھی و پگڑی والوں کو ہراساں کرنا غیر اخلاقی عمل ہے' حافظ حسین احمد شرودی

پولیس کا یہ عمل سنت رسول ﷺ کی توہین و پشتون قوم کو دانستہ نشانہ بنانے کے مترادف ہے' رہنما جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عیسیٰ مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک روز الدین کاکڑ نصیب اللہ آغا ایڈووکیٹ عبدالباری شہزاد اور حافظ حبیب الرحمان نے اپنے...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری پی ایچ ای، واسا محمد ہاشم غلزئی محکمے کے بارے میں ماہانہ پروگریس رپورٹ سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کیخلاف سازشوں کو ملکر ناکام بنانا ہوگا، نسیم الرحمن ملا خیل

حکومت دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اخبار فروشاں کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے' صوبائی مشیر ماحولیات

حکومت جدید دور کے مطابق نوجوان نسل کو تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک بھیج رہی ہے' حلف لینے کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملا خیل نے کہا ہے کہ ہمیں ملکی استحکام کیلئے تمام ذاتی اور گروہی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کلمہ کے نام پر بننے والے وطن کی حفاظت کیلئے یک جان ہوکر دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنانا ہوگا حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کے تمام طبقات کی طرح اخبار فروشاں کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے اقدامات اٹھا رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کوئٹہ کے نومنتخب عہدیدار...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملا خیل انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشان کوئٹہ کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

پاکستان چھپا ہوا خزانہ، حقیقی طاقت مستقبل میں ظاہر ہوگی، بلال بن ثاقب

ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام پاکستان کی کرپٹو مارکیٹ کے لیے ایک اہم قدم ہے

کرپٹو ڈپلومیسی نے پاکستان کو وصول کنندہ کی بجائے بلڈر کے طور پر متعارف کروایا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے کرپٹو اور بلاک چین بلال بن ثاقب کی 2018 میں کرپٹو مارکیٹ کے حوالے سے کی گئی پیشگوئیاں درست ثابت ہوئیں۔ پاکستان نے اپنے "بٹ کوائن اسٹریٹجک ریزرو" کی تشکیل کے ذریعے، عالمی کرپٹو حکمت عملی میں شمولیت اختیار کی۔ پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام، پاکستان کی کرپٹو مارکیٹ کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ بلال بن ثاقب نے پاکستان کی کرپٹو ڈپلومیسی کو نئی شکل دی اور عالمی سطح پر ملکی معاشی ترقی کی راہ ہموار کی۔ بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ پاکستان آ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

تالی داس میں بننے والی جھیل سے نشیبی علاقوں کو خطرہ نہیں، گلگت بلتستان حکومت

گلگت (بیورو رپورٹ) گلگت بلتستان حکومت نے کہا ہے کہ ضلع غذر کے گاؤں تالی داس میں بننے والی جھیل سے نشیبی علاقوں کو کوئی خطرہ نہیں کیونکہ جھیل سے پانی کا اخراج شروع ہو چکا ہے، سیلاب کے نتیجے میں تالی داس میں اب تک 300 خاندان بے گھر ہوگئے ہیں۔ گلگت بلتستان کے ضلع غذر کے گاؤں تالی داس میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بننے والی 8 کلومیٹر جھیل کی سطح میں 8 فٹ تک کمی آئی ہے جس کی وجہ پانی کے اخراج میں اضافہ ہے۔ ترجمان صوبائی حکومت فیض اللہ فراق نے میڈیا کو جاری تفصیلات میں بتایا کہ تالی داس میں دریائی کٹاؤ کی وجہ سے مزید 13 مکانات اور ایک جماعت خانے کو خطرے کا سامنا ہے

مانسہرہ اور ایبٹ آباد میں لینڈ سلائیڈنگ، کاغان اور مری روڈ بند، سیاح پھنس گئے

علی امین گنڈاپور کا ناران کے قریب پیش آنے والے واقعہ کا نوٹس، بحالی کی کارروائیاں جاری

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) مانسہرہ اور ایبٹ آباد میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث کاغان اور مری سے رابطہ منقطع ہوگیا، مانسہرہ میں بالاکوٹ حسہ کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ سے شاہراہ کاغان بھی بند ہوگئی، این ایچ اے کی مشینری تاحال نا پہنچ سکی جس کے باعث سیاحوں اور مقامی افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایبٹ آباد گلیات جھیکی کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مری روڈ بند ہوگیا جس کے باعث دونوں اطراف سے گاڑیوں کی...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کا گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے ویسٹ پاکستان موٹر وہیکل ایکٹ میں ترامیم کی منظوری دے دی ہے، جس کے بعد پرائیویٹ، کمرشل اور پبلک ٹرانسپورٹ سمیت تمام گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس بڑھائے جائیں گے۔ اس فیصلے کے تحت گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر فیس میں بھی اضافہ ممکن ہوگا جبکہ وزارت داخلہ کو ٹیکس میں اضافے کا اختیار حاصل ہوگا۔ وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ 2019 کے بعد سے ٹوکن ٹیکس میں اضافہ نہیں کیا گیا

دریائے سندھ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ، گرینڈ آپریشن کی منظوری

سیکرٹری منرل ڈویلپمنٹ کی زیر صدارت اجلاس، صوابی، نوشہرہ اور کوہاٹ کی انتظامیہ کو ٹاسک

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبائی کابینہ کے فیصلوں کی روشنی میں دریائے سندھ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ کیخلاف گرینڈ آپریشن کی منظوری دیدی۔ آپریشن کی منظوری سیکرٹری منرل ڈویلپمنٹ کی زیر صدارت اجلاس میں دی گئی، اس حوالے سے صوابی، نوشہرہ اور کوہاٹ کی انتظامیہ کو ٹاسک دے دیا گیا۔ منرل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا کے حکام کے مطابق دریائے سندھ میں صوابی، نوشہرہ اور کوہاٹ میں دریائے سندھ کے اے، بی، سی اور ڈی بلاکس میں کئی سال سے جاری غیر قانونی گولڈ مائننگ سے خزانے کو نقصان پہنچنے کیساتھ ساتھ ماحولیاتی خطرات بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ منرل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر داخلہ سے بحرینی ہم منصب کا رابطہ، بارشوں نقصانات پر اظہار افسوس

بحرینی وزیر داخلہ کی سیلاب متاثرین کے لئے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کو ہر ممکن مدد کی پیشکش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں بحرین کے وزیر داخلہ نے پاکستان میں بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان پر اظہار افسوس کیا۔ بحرینی وزیر داخلہ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا۔ بحرینی وزیر داخلہ نے سیلاب متاثرین کے لئے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کو ہر ممکن مدد کی پیشکش کی۔ انہوں...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، آل بلوچستان ہوٹل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اجلاس سے صدر رحیم آغا، عبدالسلام آغا، ولی افغان ترین و دیگر خطاب کر رہے ہیں

صوبہ پشتونستان ہماری قومی سیاسی جدوجہد و منشور کا حصہ ہے، پشتونخوا میپ

آج بھی پشتون اپنی تاریخی سرزمین پر مختلف یونٹوں میں منقسم' وسائل اور سیاسی واک واختیار سے محروم ہیں' ڈاکٹر حامد خان اچکزئی' سید شراف آغا

زئی وخیلی کی سیاست اور پشتون قوم کو تقسیم در تقسیم رکھنے والے عناصر تاریخ میں جوابدہ ہوں گے' افغان درہ علاقائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک میں ایک ساتھ متصل پشتون آبادی والے علاقوں پر پشتون قومی صوبہ ناگزیر ہے، پشتونستان یا پشتونخوا ہماری قومی سیاسی جدوجہد اور منشور کا حصہ ہے، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے 25 اکتوبر 1956ء کو لاہور میں جسٹس شبیر احمد کی عدالت میں اپنے بیان میں کہا تھا کہ "پشتونوں کی ایک الگ وحدت قائم کرکے اسے پشتونستان کا نام دینا ہمیشہ سے میری زندگی کا جز رہا ہے جو پاکستان میں ایک ہی ہم جوار خطے میں رہتے ہیں۔ لیکن جنہیں استعماری قوتوں نے مختلف ناموں...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

جامعہ بلوچستان کی ترقی کیلئے اقدامات خوش آئند ہیں' منظور کاکڑ

وی سی ڈاکٹر ظہور بازئی نے جامعہ کو مالی بحران سے باہر نکالا' سینیٹر و رہنما بی اے پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور کاکڑ نے جامعہ بلوچستان کی حالیہ ترقی و بحالی کو ایک خوش آئند پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ادارہ جو کچھ عرصہ قبل شدید مالی اور انتظامی بحران کا شکار تھا، اب ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اکائیوں کے حصے میں کمی کی تیاریاں آئین دشمنی ہے' نیشنل پارٹی

صوبوں کے حصے میں کمی ترقیاتی عمل کو مفلوج اور عوامی فلاح کو شدید متاثر کرے گی' مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے وفاقی حکومت کی جانب سے قومی مالیاتی کمیشن کی ازسرنو تشکیل اور قومی اکائیوں کے حصے میں کمی کی تیاریوں کو آئین دشمنی اور اٹھارویں ترمیم پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام کے خلاف بھرپور عوامی و سیاسی مزاحمت کی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ ملک کی سیاسی و جمہوری قیادت کی بصیرت اور جدوجہد...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر کیلئے ترقیاتی منصوبوں میں تعصب و تنگ نظری قابل مذمت ہے' ایچ ڈی پی

شہریوں کے درمیان دانستہ تقسیم کی بنیاد رکھ کر تعصب اور نفرتوں میں اضافہ کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں مسلط صوبائی حکومت اور فارم 47 والے نام نہاد نمائندوں کی طرف سے سال 2026-2025ء کے بجٹ میں کوئٹہ شہر کیلئے ترقیاتی منصوبوں میں تعصب اور تنگ نظری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے درمیان دانستہ طور پر تقسیم کی بنیاد رکھ کر تعصب اور نفرتوں...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گیس قیمتوں پر عمل نہ ہونے سے کسانوں پر 7 ارب کے اضافی بوجھ کا انکشاف

فرٹیلائزر پلانٹس کو مقامی گیس 1050 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو پر فراہم کی گئی، نرخ ای سی سی اور اوگرا سے منظور شدہ نہیں تھے

ڈی جی گیس نے یکطرفہ 2 کھاد کارخانوں کیلئے 1050 ایم ایم بی ٹی یو کا ریٹ دیا، ای سی سی کو اندھیرے میں رکھ کر 11 ماہ بعد منظوری لی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گیس قیمتوں پر عمل نہ ہونے سے کسانوں پر 7 ارب کے اضافی بوجھ کا انکشاف ہوا ہے، آڈٹ رپورٹ کے مطابق فرٹیلائزر پلانٹس کو مقامی گیس 1050 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو پر فراہم کی گئی، نرخ ای سی سی اور اوگرا سے منظور شدہ نہیں تھے، ڈی جی گیس پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا کے مقرر کردہ نرخوں سے کئی گنا زیادہ ریٹ مقرر کیا، زیادہ ریٹ مقرر کرنے سے یوریا کھاد کی قیمت 837 روپے کلو بوری بڑھی، بوری کی قیمت 2440 روپے سے بڑھ کر 3277 روپے تک جا پہنچی، فرٹیلائزر پلانٹس نے امونیا، یو...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

رائے ونڈ، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی تبلیغی مرکز رائیونڈ کے دورے کے موقع پر تبلیغی جماعت کے اکابرین سے ملاقات کر رہے ہیں

سٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 15 ستمبر کو ہوگا

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آئندہ ماہ ہوگا، شیڈول کے مطابق مانیٹری پالیسی کا اجلاس 15 ستمبر کو ہوگا، مانیٹری پالیسی کو موجودہ سطح پر برقرار رکھنے یا ردوبدل کا فیصلہ کیا جائے گا، سٹیٹ بینک کی جانب سے پریس ریلیز کے ذریعے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے فیصلوں سے آگاہ کیا جائے گا۔

این ایف سی ایوارڈ و 18 ویں ترمیم پر حملہ برداشت نہیں، سیاسی و قوم پرست جماعتیں

ایک سازش کے تحت حقوق پر قبضہ اور وفاقی حکومت صوبوں کے درمیان فاصلے بڑھانے کیلئے سرگرم ہے' مولانا عبدالغفور حیدری' سکندر خان ایڈووکیٹ

صوبوں کے مالی و انتظامی اختیارات میں مزید اضافہ کیا جاتا لیکن بدقسمتی سے اسے رول بیک کیا جارہا ہے' میر رحمت صالح بلوچ' خیر جان بلوچ

حکمران طبقہ اپنی نااہلی اور کرپشن چھپانے کیلئے صوبوں کے حصے پر شب خون مارنا چاہتا ہے' ساجد ترین ایڈووکیٹ' داؤد شاہ کاکڑ' نور خان ناصر

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کی سیاسی اور قوم پرست جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا کہ ایک سازش کے تحت صوبوں کے حقوق پر قبضہ اور وفاق اور صوبوں کے درمیان فاصلے بڑھانے کیلئے وفاقی حکومت سرگرم ہے جس کی اجازت نہیں دیں گے اور این ایف سی ایوارڈ اور اٹھارویں ترمیم پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سے لائی گئی لڑکی کا شادی سے انکار، پولیس سے مدد طلب

لڑکی پر تشدد کرنے کا مقدمہ والدہ کی مدعیت میں تھانہ دھمیال میں درج کرلیا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) افغانستان سے لائی گئی لڑکی نے شادی سے انکار کر کے پولیس سے مدد طلب کر لی، پولیس حکام کے مطابق متاثرہ لڑکی کی 15 پر کال کے بعد دھمیال پولیس نے والدہ سمیت ریسکیو کیا، لڑکی پر تشدد کرنے کا مقدمہ والدہ کی مدعیت میں تھانہ دھمیال میں درج کر لیا گیا، مقدمے کے متن میں کہا گیا 17 سال کی بچی اور ما...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ایل او سی پر کھوئی رٹہ سیکٹر میں بھارتی فوج کی اشتعال انگیزی

سیری (بیورو رپورٹ) بھارتی فوج کی اشتعال انگیزی، لائن آف کنٹرول کھوئی رٹہ سیکٹر کے گاؤں سوہانہ میں ٹارگٹ فائر کر کے نوجوان شدید زخمی کردیا جسے ڈی ایچ کیو ہسپتال کوٹلی ریفر کردیا گیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق لائن آف کنٹرول کھوئی رٹہ سیکٹر کے گاؤں سوہانہ میں انڈین آرمی نے گزشتہ شام اشتعال انگیزی کرتے ہوئے ایک نوجوان کو ٹارگٹ فائر کر کے نشانہ بنایا جس سے عاصم شاہپال ولد محمد شاہپال، عمر 24 سال ساکن سوہانہ ٹانگ پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوا

بلاول بھٹو کا سیلاب متاثرین کیلئے بنائے گھروں کا دورہ، مالکانہ حقوق تقسیم

چیئرمین پی پی کی مکینوں سے ملاقات، خیریت دریافت، مسائل حل کرنے کے احکامات

رتو ڈیرو (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے لاڑکانہ کی تحصیل رتو ڈیرو کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، سیلاب متاثرین کیلئے بنائے گئے زیر تعمیر گھروں کا جائزہ لیا، بلاول بھٹو زرداری پارٹی رہنما فریال تالپور کے ہمراہ گاؤں خیر محمد بروہی پہنچے، متاثرہ مکینوں سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی اور مسائل سننے کے بعد متعلقہ حکام کو...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کیساتھ کھڑی ہے، مصدق ملک

گھروں، معاش و بنیادی ڈھانچے کی بحالی میں صوبوں کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ مصدق ملک نے کہا ہے حکومت سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ کھڑی ہے، گھروں، معاش اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی میں صوبوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کریں گے، انٹرویو میں مصدق ملک نے کہا، بحران کے وقت وفاقی و صوبائی سطحوں کے درمیان ذمہ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، بھوک سے ہلاکتیں اور قحط روکنے میں بہت دیر ہوگئی، اقوام متحدہ

فلسطینیوں کا امداد کیلئے قطار میں لگنا علاقائی قوتوں و عالمی برادری کی دولت کے منہ پر طمانچہ ہے

نیویارک (بیورو رپورٹ) عالمی ادارے اقوام متحدہ کی طرف سے جنگ زدہ غزہ میں قحط کا اعلان کرنے کے ایک دن بعد فلسطینیوں میں مایوسی مزید بڑھ رہی ہے، ہزاروں فلسطینی غزہ شہر میں خیراتی باورچی خانے میں برتنوں و پلاسٹک کی بالٹیاں پکڑے ہوئے فلسطینی چاول حاصل کرنے کیلئے بے چینی کا شکار ہے، صورتحال علاقائی قوتوں اور عالمی برادری کی دولت...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے محفوظ ترین علاقوں میں نیشنل گارڈ کے 2 ہزار فوجی تعینات کردیئے

نیشنل گارڈ کے اہلکار نیشنل مال، لنکن میموریل، واشنگٹن مونیومنٹ کے اطراف گشت کرتے نظر آئے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دارالحکومت کے محفوظ ترین علاقوں میں نیشنل گارڈ کے تقریباً 2 ہزار فوجی تعینات کر دیئے، رپورٹ کے مطابق فوجی وردی میں نیشنل گارڈ کے اہلکار نیشنل مال، لنکن میموریل، واشنگٹن مونیو...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

مودی حکومت کی بحر ہند کو تصادم کا گڑھ بنانے کی مذموم سازش

بی جے پی حکومت کی جنگی پالیسی خطے کی ترقی و استحکام کی راہ میں بڑی رکاوٹ

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مودی حکومت کا جنگی جنون خطے کے امن و سلامتی کا سب سے بڑا دشمن ہے، مودی حکومت کی بحر ہند کو تصادم کا گڑھ بنانے کی مذموم سازش سامنے آئی، بی جے پی حکومت کی جنگی پالیسی خطے کی ترقی و استحکام کی راہ میں سب سے بڑی...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، صدر کا قافلہ وی آئی پی روٹ سے ہٹنے پر ایس ایس پی ٹریفک معطل

ذیشان حیدر کو ایس ایس پی ٹریفک اور ایس ایس پی سکیورٹی کے عہدوں سے ہٹا کر پی او اسلام آباد بھیج دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کا قافلہ وی آئی پی روٹ سے ہٹنے کے بعد اسلام آباد میں سینئر سپرنٹنڈنٹ آف ٹریفک پولیس (جن کے ایس ایس پی سکیورٹی کے عہدے کا اضافی چارج بھی تھا) کو ناقص نگرانی اور انتظامات...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

حیدرآباد، فاطمہ جناح کالونی میں موسلادھار بارش کے بعد ایک لڑکی سیلابی پانی سے گزر رہی ہے

بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے دعوے جھوٹے نکلے، جمعیت نظریاتی

آج تک بلوچستان کے بنیادی مسائل' بیروزگاری اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھایا گیا' مولانا عبدالقادر لونی

حکمرانوں کے استحصالی اقدامات نے بلوچستان کو مسالکستان بنا دیا صوبے کے خلاف ایک منصوبے کے تحت سازشیں جاری ہیں' مرکزی امیر کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے دعوے جھوٹے نکلے جنہیں سن سن کر کان پک گئے لیکن آج تک بلوچستان کے بنیادی مسائل بیروزگاری اور پسماندگی کے خاتمے کے لئے کوئی سنجیدہ و عملی قدم نہیں اٹھایا گیا بلکہ عوام سے روزگار کے مواقع چھینے گئے اور جاری صنعتوں کو بند کیا گیا۔ معدنیات، ماہی گیری اور آئل و گیس کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہونے کے باوجود وفاق نے بلوچستان...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ناران جھیل سیف الملوک روڈ بند ہونے سے پھنسے 150 سیاحوں کو ریسکیو کرلیا گیا

ناران (بیورو رپورٹ) ناران اور جھیل سیف الملوک روڈ بند ہونے کی وجہ سے پھنسے سیاحوں کو ریسکیو کرلیا گیا، محکمہ سیاحت خیبر پختونخوا کے مطابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کی ہدایت پر سڑک کو کلیئر کر دیا، سڑک کلیئر ہونے کے بعد سیاحوں کو بحفاظت ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کردیا۔

پاکستانی فوڈ پروڈکٹس کی عالمی مانگ میں خاطر خواہ اضافہ

خلیجی ممالک، برطانیہ اور شمالی امریکا میں مقیم پاکستانی روایتی ذائقوں کی تلاش میں رہتے ہیں' رپورٹ

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستانی پراسیسڈ فوڈز کی عالمی برآمدات میں حالیہ برسوں میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، خاص طور پر خلیجی ممالک، کینیڈا، برطانیہ اور شمالی امریکا جیسے خطوں میں جہاں مقیم پاکستانی اپنی روایتی ذائقوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق ان ممالک میں ریسپی مکسز، اچار، چٹنیاں، سوسز اور پراسیسڈ گوشت جیسی مصنوعات کی مانگ تیزی سے بڑھ رہی ہے، جو مقامی فوڈ پروسیسنگ کمپنیوں کیلئے عالمی سطح پر مو...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 66، نثار چیمہ کے بجائے بلال تارڑ، ن لیگ کا امتحان

نواز شریف سے چیمہ خاندان نے ملاقات میں گلے شکوے کیے تھے

وزیر آباد (بیورو رپورٹ) این اے 66 وزیر آباد بڑی سیاسی جماعتوں برادریوں کا گڑھ ہے، 18 ستمبر کو حلقے میں کانٹے دار ضمنی انتخاب ہوگا، چیمہ خاندان نے گلے شکوے دور ہونے پر وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے بھائی بلال تارڑ کی حمایت کا اعلان کردیا ہے۔ نواز شریف سے چیمہ برادران نے نثار چیمہ کی قیادت میں مری میں ملاقات کی جس کے بعد نواز شریف نے شہباز شریف سے کہا کہ ان کے گلے شکوے دور کریں...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر تجارت کا ڈھاکا میں اسکوائر فارماسیوٹیکلز کا دورہ

فارماسیوٹیکل صنعتیں باہمی تعاون کے ذریعے مزید ترقی کرسکتی ہیں، جام کمال خان

ڈھاکا (م ڈ) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کی فارماسیوٹیکل صنعتیں علم کے تبادلے اور باہمی تعاون کے ذریعے مزید ترقی کر سکتی ہیں، دونوں ممالک مشترکہ منصوبوں اور پالیسی تعاون سے نہ صرف دو طرفہ تجارت کو فروغ دے سکتے ہیں بلکہ علاقائی اور عالمی مارکیٹوں میں صحت عامہ کی ضروریات کو بھی بہتر طور پر پورا کیا جا سکتا ہے۔ وزارت تجارت کی جانب سے اتوار کو جاری اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' رکشہ ڈرائیور نے ٹریفک اہلکار کو چاقو کے وار سے زخمی کردیا

کاغذات نہیں تھے جس پر چالان کیا گیا، پولیس' رکشہ ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) رکشہ ڈرائیور نے ٹریفک اہلکار کو چاقو کے وار کر کے شدید زخمی کر دیا پولیس کے مطابق نواں کلی میں سیکرٹری آر ٹی اے کے ہمراہ ٹریفک پولیس غیر قانونی رکشوں کے خلاف کارروائی کر رہی تھی کہ ایک رکشے کو روکا گیا اور ڈرائیور کے پاس کاغذات نہیں تھے جس پر اس کا چالان کر کے رکشہ ایوب اسٹیڈیم میں بند کرنے کیلئے ٹریفک...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

حب' دوران ویلڈنگ ٹرک میں نصب ٹینک میں دھماکہ' 5 افراد زخمی

ٹینک میں ایرانی پیٹرول موجود تھا' عینی شاہدین' دھماکہ سے قریبی دکانوں کے شیشے ٹوٹ گئے

حب (این این آئی) حب کے علاقے بھوانی میں ٹرک کے ٹینک میں ویلڈنگ کے دوران دھماکہ، پانچ افراد زخمی ہسپتال منتقل، بائیٹ پولیس کے مطابق اتوار کے روز بائیٹ پولیس تھانے کی حدود بھوانی میں ٹرک کے ٹینک میں دوران ویلڈنگ اچانک زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہوگئے دھماکے سے قریبی دکانوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے زخمیو...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کے میں سیلاب نے بڑی تباہی مچادی' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

امرائے اضلاع وصدور متاثرین کی مدد میں تیزی لاتے ہوئے مخیر حضرات سے رابطہ کریں' امیر جماعت

آج مسلمان بھائیوں کو ہماری مدد و تعاون کی اشد ضرورت ہے' گوادر میں امدادی کیمپ سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بارش و سیلاب نے خیبر پختونخواہ میں بہت بڑی تباہی مچادی ہے امرائے اضلاع وصدور اضلاع فنڈ ریزنگ میں تیزی و بہتری لاتے ہوئے مخیر حضرات تاجر برادری اور سماجی سیاسی ورکرز سے رابطہ کریں جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن پر دیانتداری امانتداری کی وجہ سے ہر جگہ اعتماد کیا جارہا ہے خیبر پختونخواہ میں جانی نقصان کیساتھ مال مویشی...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، دارین اسکول سسٹم میں یوم آزادی کی تقریب سے بخت محمد کاکڑ، میر ظہور احمد بلیدی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پاکستان ریلوے کی 8372 مرلے زمین پر نجی و سرکاری اداروں کا قبضہ میں انکشاف، آڈٹ رپورٹ

قبضہ کی گئی ریلوے اراضی کی مالیت 5 ارب 63 کروڑ روپے سے زائد، تجاوزات 1980 سے 2024 کے دوران قائم کی گئیں

بار بار ایک ہی معاملے کا سامنے آنا تشویش کا باعث، اراضی پر تجاوزات کیوں ہوئیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلوے کی 5 ارب 63 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 8 ہزار 372 مرلے سے زائد اراضی پر نجی و سرکاری اداروں کی تجاوزات قائم، آڈٹ رپورٹ میں زمینوں پر قبضے کے سنگین انکشافات سامنے آگئے، رپورٹ کے مطابق ریلوے کی 8 ہزار 372 مرلے سے زائد اراضی پر نجی و سرکاری اداروں نے قبضہ کر رکھا ہے، اراضی کی مالیت 5 ارب 63 کروڑ 40 لاکھ روپے سے زائد ہے، تجاوزات 1980 سے 2024 کے دوران قائم کی گئیں، مسلسل 3 سال 20-2019، 22-...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

6 ستمبر یوم تشکر کے حوالے سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام اجلاس میں مولانا حسین احمد شرودی، مولانا انوار الحق و دیگر شریک ہیں

جمعیت مدارس کے معاملات پر کسی صورت لاتعلق نہیں رہے گی، مولانا عبدالواسع

مدارس دینیہ کے حقوق، انتظامی خودمختاری اور تعلیمی سرگرمیوں کے تحفظ کیلئے آئین و قانون کا راستہ اختیار کیا جائے گا' صوبائی امیر

صوبے کے عوام کے حقوق، مذہبی و تعلیمی اداروں کی آزادی اور قانون کی بالادستی کیلئے ہر سطح پر بھرپور کردار ادا کریں گے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کا مشترکہ اجلاس صوبائی سیکرٹریٹ شہباز ٹاؤن کوئٹہ میں صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں صوبے کی سیاسی و انتظامی امور کے ساتھ مدارس دینیہ سے متعلق معاملات پر مفصل اور سنجیدہ غور و خوض کیا گیا اجلاس میں صوبے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال کا ہمہ پہلو جائزہ لیا گیا۔ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی پر مفصل غور و خوض کیا گیا اور اجلاس میں بعض ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا مدارس کی...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حب' نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے 1 شخص کو زخمی کردیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حب میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے عبدالغنی کو زخمی کردیا جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی حب انتظامیہ کررہی ہے۔

پشاور، باچا خان ایئرپورٹ پر کارروائی، 7 ہزار 740 گرام سونا برآمد

سمگلنگ میں ملوث پی آئی اے کے 2 اہلکاروں کو ایئرپورٹ سے گرفتار کرلیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے کمرشل بینکنگ پشاور سرکل اور ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے باچا خان ایئرپورٹ پر مشترکہ کارروائی کے دوران کروڑوں روپے مالیت سونے کی بیرون ملک سمگلنگ ناکام بنادی ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق باچا خان ایئرپورٹ پشاور میں دونوں وفاقی اداروں کی مشترکہ کارروائی کے دوران 7 ہزار 740 گرام سونے کو بیرون ملک اسمگل کرنے کی...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

مبینہ مالی بے ضابطگیاں، پی ایچ ایف کے حکام قائمہ کمیٹی میں آج طلب

پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈی جی یاسر پیرزادہ قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور کھلاڑیوں کے ڈیلی الاؤنسز کے معاملے پر قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کا اجلاس آج (پیر کو) ہوگا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے صدر پی ایچ ایف طارق بگٹی اور رانا مجاہد کو طلب کیا ہے۔ ہاکی فیڈریشن حکام ہاکی لیگ میں پاکستان کی شرکت کے معاملے پر بھی بریفنگ دیں گے۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈی جی یاسر پیرزادہ ہاکی فیڈریشن کے مالی...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی' اسٹیل مل سے سامان چوری کرنے والے 4 پولیس اہلکار گرفتار

ملزمان شاہین فورس میں تعینات تھے 55 کلو سے زائد تانبہ برآمد کیا گیا ہے' پولیس

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیل مل سے سامان چوری کرنے میں ملوث 4 پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق بن قاسم پولیس نے اسٹیل مل سے سامان چوری کرنے میں ملوث 4 پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی۔ ترجمان کے مطابق کارروائی کے نتیجے میں 4 پولیس اہلکاروں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ چاروں ملزمان پولیس اہلکار اور شاہین فورس میں تعینات تھے، جن کے قبضے سے 55 کلو سے زائد تانبہ برآمد کیا گیا ہے۔

کوئٹہ، بزم برنس میڈیا بلوچستان کی جانب سے پیش کیا جانیوالا اسٹیج ڈرامہ وزیراعلیٰ کے سابق پرنسپل سیکرٹری سرور جاوید و دیگر دیکھ رہے ہیں

پشتون ملت بلوچ قوم کی معاشی، ثقافتی جدوجہد میں ان کیساتھ ہے، خوشحال کاکڑ

ہمارا منتخب نمائندہ ہی ہماری پالیسیاں بنائے جب تک یہ حق نہیں ملتا بلوچستان کے مسئلے کا حل ممکن نہیں' سربراہ پشتونخوا نیپ

پاکستان کو غیر جانبدار اور امریکہ کو خوش کرنے کیلئے دہشتگردی کو ہوا دینے سے گریز کیا جائے' اسلام آباد میں خصوصی انٹرویو

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ خوشحال خان کاکڑ کا کہنا ہے کہ حقوق ووٹ کے ذریعے، نعرے (زندہ باد مردہ باد) کے ذریعے اور پرامن جدوجہد کے ذریعے حاصل ہونے چاہئیں انہوں نے اسلام آباد میں ایک خصوصی انٹرویو میں کہا کہ پارٹی کے نیپ پرامن سیاسی جدوجہد کو ترجیح دیتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جو بھی اپنے حقوق کی بات کرے، وہ پرامن طریقے سے کرے۔ باقی بلوچ قوم اپنی مرضی کی پابند ہے۔ کاکڑ نے کہا کہ ہمارا اور بلوچ قوم کا تعلق صدیوں پرانا ہے، ہماری تاریخ ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہو...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر